صراحی قہقہہ بھرتی ہے مینا مسکراتا ہے
ہمارا یار جس دم جانبِ میخانہ آتا ہے

تبسم کی جگہ اُس کافر بدکیش کو اے رند
خفا ہونا بگڑنا مارنا دھمکانا آتا ہے

غزل ۱۷

کبھی کو جو یان جلوہ فرما نہ دیکھا
برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

مرا غنچۂ دل ہے وہ دل گرفتہ
کہ جس کو کسی نے کبھی وا نہ دیکھا

یگانہ ہے تو آہ بیگانگی مین
کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا

اذیت مصیبت ملامت بلائین
ترے عشق مین ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

حجاب رخ یار تھے آپ ہی ہم
کھلی آنکھ جب کوئی پردا نہ دیکھا

شب و روز اے ورد در پے ہون اُن کے
کسی نے جسے یان نہ سمجھا نہ دیکھا

غزل ۱۸

خوشا وہ دل کہ ہو جس دل مین آرزو تیری
خوشا دماغ جسے تازہ رکھے بو تیری

یقین ہی اٹھیگی جان آکے اپنی گردن مین
سُنا ہی جا ہی قریبِ رگِ گلو تیری

مری طرف سے صبا کیو میرے یوسف سے
نکل چلی ہی بہت پیرہن سے بو تیری

شبِ فراق مین اے روز وصل تا دمِ صبح
چراغ ہاتھ مین ہی اور جستجو تیری

جو ابر گریہ کنان ہی تو برق خندہ زنان
کسی مین خو ہی ہماری کسی مین خو تیری

شبِ فراق مین اکدم نہین قرار آتا
خدا گواہ ہی شاہد ہی آرزو تیری

زمانہ مین کوئی تجھسا نہین ہی سیف زبان
رہی ہی معرکہ مین آتش آبرو تیری

غزل ۱۹

سر مرا کاٹ کے پچھتایئے گا
جھوٹھی پھر کس کی قسم کھایئے گا

کیا گریبان نے گلا گھونٹا ہے
اِدھر اے دست جنون آیئے گا

آپ کہتے ہین کہ جاتا ہون
پر اکیلے بھی تو گھبرایئے گا

تھام لون دل کو ذرا ہاتھون سے
ابھی پہلو سے نہ اٹھ جایئے گا

کہیے یاران عدم کیا گذری
کچھ لب گور سے فرمایئے گا

مردم چشم سے گر آئے حجاب
آنکھ کے پردے مین چھپایئے گا

ہم بھی آنکلین گے مسجد مین وزیر
خلعت جسم لیکے جو بنوایئے گا

غزل ۲۰

مدت سے ہی دل طالب دیدار کسی کا
دکھلائے خدا چاند سا رخسار کسی کا

بیتاب ہون مین دل ہی گرفتار کسی کا
یارب نہ جدا یار سے ہو یار کسی کا

دیکھی جو مری نبض تو بولا یہ مسیحا
اچھا نہین ہونے کا یہ بیمار کسی کا

پھر جوش میں ہی خم کی طرح سے دل مدہوش
دیوانہ ہون میں عاشق سرشار کسی کا

تیغ نگہ ناز نہ کھینچ کرو صبر دم
عاشق ہون نہیں ہون میں گنہگار کسی کا

کیون شمع کے مانند ہی سر دل ہو جلا نے
دیکھ آئے ہو کیا چہرۂ گلنار کسی کا

غزل ۲۱

ترے عشق میں او بت ماہ لقا مجھے کچھ بھی خیال خدا نہ رہا
مرے حق میں تو جیب سے کہ دیر ہوا کوئی اور مقام دعا نہ رہا

تری شکل ہی آنکھون میں آٹھون پہر ترا حسن و جمال ہی پیش نظر
مین جدا بھی ہوا کبھی تجھسے اگر تو خیال سے تیرے جدا نہ رہا

مرے وادۂ ترمین وہ لو نہیں دل خستہ کو میں سرور نہیں
غم ہجر سے جان پہ آن بنی کرو نقلت کہ وقت جفا نہ رہا

نہ خیال وجود نہ فکر عدم نہ ملال عتاب نہ رنج و ستم
نہ پری سے غرض ہی نہ حور کا غم مرے دل میں کچھ اُسکے سوا نہ رہا

مجھے یار نے جب سے عزیز کیا مرے دل کو لیا غم عشق دیا
کیا ایک نگاہ کرم سے غنی کسی بات کا دل کو گلا نہ رہا

غزل ۲۲

کسی نے راز حقی کو نہیں ہی آپ سے کھولا
نہ یہ بولا نہ وہ بولا وہی بولا وہی بولا

وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن
وہی ہی طور سینا اور وہی موسیٰ وہی شعلا

وہی قطرہ وہی دریا وہی قلزم وہی کوزہ
وہی ہی باد اور آتش وہی پانی وہی اولا

وہی مجذوب ارستانہ وہی ہشیار دیوانہ
احد ہی اور وہی احمد وہی ہے مرتضیٰ مولا

وہی جز ہی وہی کل ہی وہی خورشید اور ذرہ

سمجھ مین رکھ یہی خادم نہ بن نادان او ربھولا

غزل ۲۳

عدم سے جانب ہستی تلاش یار مین آئے
کہان سے ہم کہان پکڑے ہوے بیگار مین آئے

یقین ہے کچھ نہ کچھ رحمت مزاج یار مین آئے
دبے ہاتھ باندھے ہم ترے دربار مین آئے

اگر بخشے نہیے رحمت نہ بخشے تو شکایت کیا
کہ تسلیم خم ہے جو مزاج یار مین آئے

مری تربت پہ سب روئے نہ رویا پر وہ سنگین دل
قیامت ہے کہ دو آنسو نہ چشم یار مین آئے

نہ پوچھو اہل محشر ہم سے دیوانون کی بیتابی
یہان مجمع سنا یان بھی تلاش یار مین آئے

عدم کے جانے والو بزم جانان تک جو پہونچو تم
ہمین بھی یاد رکھنا ذکر جو دربار مین آئے

نہ مانگو بوسہ اے ہمنفس بگاڑے منہ وہ بیٹھے ہین
قیامت ہے اگر بل ابروے خمدار مین آئے

غزل ۲۴

بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی
جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

لے گیا چھین کے کون آج ترا صبر و قرار
بیقراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی

تیری آنکھون نے خدا جانے کیا کیا جادو
کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی

عکس رخسار نے کس کے ہے تجھے چمکایا
تاب تجھ مین مہ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

کیا سبب تو جو بگڑتا ہے ظفر سے ہر بار
خو تری حور شمائل کبھی ایسی تو نہ تھی

غزل ۲۵

عشق کا خنجر لگا ہے دل پہ کاری ان دنون
زخم کی صورت ہے خون آنکھون سے جاری ان دنون

باغ مین جاتی ہے اس گل کی سواری ان دنون
دم چرائے پھرتی ہے باد بہاری ان دنون

بھولی بھولی شکل پر دل لوٹ جاتا ہے صنم
کیا ہی صورت ہوگئی ہے پیاری پیاری ان دنون

عشق کے آزار نے لاغر کیا ہے اس قدر
شکل پہچانی نہین جاتی ہماری ان دنون

قتل کرتا ہو عرق آلودہ ابروئے خلق کو | کیا تیری تلوار پہ ہو آبداری اندنون

ٹھنڈی سانسین بھرتے ہو ہر دم امانت کسلیے
جان جاتی ہو کہو کس پر تمھاری اندنون

غزل ۲۶

سنا ہو اُن کو منظورِ نظر تیغ آزمائی ہے | یہان شوق شہادت نے مری گردن جھکائی ہو
ارے او بیوفا جب سے طبیعت تجھپہ آئی ہو | بجاے روح قالب مین تری الفت سمائی ہو
لہو بہتا ہو آنکھون سے خیال تیغ ابرو مین | دل نادان نے تیرے کیا تری تلوار کھائی ہو
سر مرقد جو آتے ہین تو کہتے ہین خدا بخشے | ہمارے عشق مین اِس نے بڑی آفت اٹھائی ہو

گیا گورِ غریبان پر وہ جس دم فتنۂ محشر
جہان مین غل ہوا اٹھو قیامت سر پہ آئی ہو

غزل ۲۷

باعث وحشت ہوئی بے اعتنائی آپ کی | تنگ کرنے لگی ہم کو جدائی آپ کی
خود گلا کاٹون مجھے خنجر عنایت کیجیے | دیکھیئے دکھ جائیگی نازک کلائی آپ کی
آپ کی جانے بلا کیونکر کٹی فرقت کی رات | دل تڑپ کر رہگیا جب یاد آئی آپ کی
آپ کی باتون کا رہتا ہو مجھے ہر دم خیال | جب کوئی بولا صدا کانون مین آئی آپ کی

جان دیدو پایس دیوار سر پٹکو رئیس
اُس کے کوٹھے تک نہو ویگی رسائی آپ کی

غزل ۲۸

مجکو قفس کی اسیری سے رہائی ہوتی | کاش جینے کی عوض موت ہی آئی ہوتی
گر نہو شمع تو معدوم ہین پروانے بھی | تو نہوتا تو صنم کب یہ خدائی ہوتی
غیر سے کرتے ہو ابرو کے اشارے ہر دم | کبھی تلوار تو مجھپر بھی لگائی ہوتی

خط کے آغاز پہ تو مجھسے ہوا صاف تو کیا
لطف تب تھا کہ صفائی مین صفائی ہوتی

دھوئی کیون اشک کے طوفان سے لوح محفوظ
سرنوشت اپنی ہی ناسخ نے مٹائی ہوتی

غزل ۲۹

مین اپنا چاک گریبان سیا سیا نہ سیا
قریب مرگ ہون دو دن جیا جیا نہ جیا

مریض عشق ہون کیا پوچھتے ہو حال مرا
علاج عشق طبیبو کیا کیا نہ کیا

جو مال و زر تھا مرے پاس دیچکا تمکو
اب ایک پہلو مین دل ہے دیا دیا نہ دیا

نہین جہان مین کم ہین حسین شیرین لب
تمھارے ہونٹھون کا بوسہ لیا لیا نہ لیا

سوائے لخت جگر اور کیا غذا ہے نیاز
لہو کا گھونٹ ہے اسپر پیا پیا نہ پیا

غزل ۳۰

نکلنا سخت مشکل ہو نہ کیونکر کوے قاتل سے
تڑپتے ہون جہان عاشق ہزارون مرغ بسمل سے

ترے کوچے مین اے قاتل نہ آتا مین نہ آتا مین
ولیکن کیا کرون مجبور ہون بیتابی دل سے

نہون عاشق تو معشوقون کو پوچھے کون دنیا مین
جہان مین قدر گل کی ہے فقط عشق عنادل سے

ہٹا دو آن کو بالین سے نہین تو خوف کھائینگے
سُنا ہے دم نکلتا ہے بہت عاشق کا مشکل سے

الٰہی دیکھیے کس دن وہ سو وین آکے پہلو مین
رہا کرتی ہین باتین رات کو دو دو پہر دل سے

تپ فرقت سے ایسا بڑھ گیا ہے ضعف ای قسمت
کہان کروٹ بدلنا سانس بھی لیتا ہون مشکل سے

غزل ۳۱

خفا جو کیون مرے یوسف لقا سنو تو سہی
ہوئی ہے مجھ سے بھلا کیا خطا سنو تو سہی

ابھی کرو نہ مجھے تیغ ناز سے گھائل
اگرچہ ہون مین ہمہ تن فدا سنو تو سہی

ہمیشہ کرتے ہو جور و ستم سے نئے ایجاد
یہ کس سے سیکھا ہے ناز و ادا سنو تو سہی

بٹھانا غیروں کو پاس اور مجھسے رہنا دور
یہی ہے شیوۂ مہر و وفا سنو تو سہی

ٹھہر کے دو گھڑی اے جان جان خدا کیلیے
تمہارے ہجر میں جو کچھ ہوا سنو تو سہی

نجات دشت جنون کو ہے سفر کہا مانو
تمہیں سے کہتا ہوں مشفق ذرا سنو تو سہی

غزل ۴۲

عجب ایک جلوہ ترا چار سو ہے
نظر جس طرف کیجیے تو ہی تو ہے

گلستان میں جا کے ہر اک گل کو دیکھا
نہ تیری سی رنگت نہ تیری سی بو ہے

نہ ہوگا کوئی مجھسا محو تصور
جسے دیکھتا ہوں سمجھتا ہوں تو ہے

نہیں ہے سوا تیرے کچھ مطلب دل
تمنا تری ہے تری آرزو ہے

چمن میں جو دیکھا تو چرچا ہے تیرا
لب برگ گل پر تری گفتگو ہے

نہ ہو وصل تو رات دن ہے برابر
سحر کی نہ کچھ شام کی آرزو ہے

نہیں چاک دامن کوئی مجھسا گویا
نہ بخیہ کی خواہش نہ فکر رفو ہے

غزل ۴۳

تری ایک ترچھی نگاہ نے مرے دل سے پردہ اٹھا دیا
جو کرشمہ پیش نظر نہ تھا اسے ایک پل میں دکھا دیا

تری بانکی ادا پہ فدا ہوں میں تری شرم و حیا کا مطیع ہوں میں
یہ کرم کیا مرے حال پہ مجھے اہل درد بنا دیا

مجھے اپنے دل پہ نظر نہ تھی کہیں ہے صدا کی خبر نہ تھی
خبر الست بربکم جو سنا نہ تھا وہ سنا دیا

تری شکل آنکھوں میں بس رہی نہ ہوا رہی نہ ہوس رہی
وہ جو نقش خواب و خیال تھا مرے دل سے تو نے مٹا دیا

تو ہی تو ہے میری نگاہ میں تو ہی مہر میں تو ہی ماہ میں
یہ اثر ہے تیری نگاہ میں جو عزیز کر کے جتا دیا

غزل ۳۴

آیا کرو ادھر بھی مری جان کبھی کبھی
نکلیں ہمارے دل کے بھی ارمان کبھی کبھی

آنے سے یان کے آپ کو انکار ہے اگر
خط تو لکھا کرو مہِ تابان کبھی کبھی

پوچھا شبِ وصال مین پھر آؤ گے کبھی
کچھ سوچ کر یہ کہنے لگے ہان کبھی کبھی

بہروپیا بنا ہون تمھارے مین عشق مین
ہندو بنا کبھی تو مسلمان کبھی کبھی

فرقت سے تیرے دل کو ہمارے نہین قرار
پوچھا کرو تو حال پریشان کبھی کبھی

غزل ۳۵

کبھی ملجائے خدا اس سے مجھے یاس نہین
اے صنم پر ترے ملنے کی مجھے آس نہین

آس کہتے ہین جسے آس نہین یاس نہین
یاس سے پر کسی حالت مین مجھے یاس نہین

بار ہا بیٹھ کے کعبہ مین بہائی ہی شراب
محتسب کیا ہی خدا کا بھی ہمین پاس نہین

خط وہ لکھتا ہی مجھے لکھنے نہین دیتے رقیب
ماجرا یہ بھی کم از قصۂ قرطاس نہین

قابلِ قرب نہین بے ادبون کی صحبت
دور رہ ان سے ولاجین کو ترا پاس نہین

غزل ۳۶

آتشِ عشق وہ ہی جس مین سمندر جل جائے
ایک شرر جائے جو پتھر مین تو پتھر جل جائے

تن بدن پھونک دیا ہی شبِ فرقت نے مرا
کیا عجب ہی جو مرے جسم سے پتھر جل جائے

دوست کہتے ہین اُسے ساتھ جو دے آفت مین
شمع کے جلتے ہی پروانہ نہ کیونکر جل جائے

آہ کے شعلہ سے میرے تری فرقت مین صنم
کیا تعجب ہی جو یہ چرخ ستمگر جل جائے

ہی وہ پرکالہ **آتش** قد موزون تیرا
دیکھیے اُس سے جو تشبیہ صنوبر جل جائے

غزل ٣٧

چشم جانان اور ہی چشم غزالان اور ہی — وضع انسان اور ہی ترکیب حیوان اور ہی

گرکتان اس نے پھٹے اس سے جگر ہو چاک چاک — ماہ تابان اور ہی رخسار جانان اور ہی

سیر مقتل ست سمجھ گلگشت اے نازک مزاج — باغ بستان اور ہی گنج شہیدان اور ہی

ایک یوسف وان گرا تھا یان گرے دانا خلق — چاہ کنعان اور ہی چاہ زنخدان اور ہی

برق اس پر ہنستی ہی روتا ہی اس پر ایک جہان — ابر باران اور ہی یہ چشم گریان اور ہی

خاک جنت مین لگے گا بعد مردن دل مرا — ناز غلمان اور ہی انداز انسان اور ہی

اس مین ہی داغ فراق ای صبح اس مین آفتاب — یہ گریبان اور ہی تیرا گریبان اور ہی

دل سے ہی کاوش اُسے تلووں سے ہے اسکو خلش — خار مژگان اور ہی خار مغیلان اور ہی

جانور اس پر ہی عاشق اسپہ عاشق آدمی — سرو بستان اور ہی سرو خرامان اور ہی

ہوتے ہین خون اسکے دیکھے سے تو اسکی ضرب سے — چشم جانان اور ہی شمشیر عریان اور ہی

گرچہ دونون خاک پر غلطان ہین لیکن فرق ہی — سنبلستان اور ہی زلف پریشان اور ہی

ناتراشیدہ ہی وہ اور یہ ہی سانچے مین ڈھلا — شاخ مرجان اور ہی دست حسینان اور ہی

باعثِ ایمان ہی وہ غارت گر ایمان ہی یہ — نظم قرآن اور ہی رخسار جانان اور ہی

فرق ہی شاہ و گدا مین قول شاعر ہی یہی
شیر قالین اور ہی شیر نیستان اور ہی

غزل ٣٨

دور سے آئے تھے ساقی سن کے میخانے کو ہم — بس ترستے ہی چلے افسوس پیمانے کو ہم

کیون نہین لیتا ہماری تو خبر اے بے خبر — کیا ترے عاشق ہوئے تھے درد و غم کھانے کو ہم

ہم کو پھنسنا تھا قفس مین کیا گلہ صیاد سے — بس ترستے ہی رہے ہین آب اور دانے کو ہم

طاق ابرو مین صنم کے کیا خدائی رہ گئی — اب تو پوجین گے اسی کافر کے بتخانے کو ہم

باغ مین لگتا نہین صحرا سے گھبراتا ہی دل	اب کہان لیجا کے بٹھین ایسے دیوانے کو ہم
کیا ہوئی تقصیر ہم سے تو بتا دے ای نظیر	تا کہ شادی مرگ سمجھین ایسے مرجانے کو ہم

غزل ۴۰

کیا کمان ابرو نے اک تیر لگا کر مارا	جھٹکے لگتے ہی جگر ہو گیا پارا پارا
کیا تجھے اور نہ تھا ہستی کے جنگل مین شکار	مرغ دل تو نے جو صیاد ہمارا مارا
رات تنہائی مین آیا تھا تصور تیرا	ذکر تیرا ہی کیا آہ کا نارا مارا
ہمنے پھینکی تھی کلی اُس کی طرف لالہ کی	اس نے شوخی سے ہمین پھول ہزارا مارا
عشق بازی کی جو ہین ہمنے بچھائی چوسر	پانسا گرتے ہی گویا رنگ ہمارا مارا
غیر کیا چیز ہی محفل سے اٹھا دون پل مین	کیا بھلا کہ نہین سکتا ہین تمہارا مارا
سچ ہی دنیا کے لیے کچھ نہ سکندر نے کیا	آپ گی روز جیا کس لیے دارا مارا

غزل ۴۱

نہین تاب کہ دیکھون جمال صنم مجھے اپنی ہی خوش نظری کی قسم
مجھے حسن کی جلوہ گری کی قسم مجھے عشق کی پردہ دری کی قسم

ترے عاشق زار ہزار یہان تجھے دیکھنے آتی ہی خلق جہان
کوئی دیکھا ہی مجھسا بھی سوختہ جان مجھے میرے ہی دیدہ وری کی قسم

نہ ہوا قاصد یار تو چین ہمین ابھی اپنا خیال ہی اور کہین
ابھی ہوش کی اپنے خبر ہی نہین مجھے عالم بے خبری کی قسم

شب وصل کی ہو گئی صبح عیان کہ تڑپنے لگا دلِ سوختہ جان
مرے دیدۂ تر ہوے شعلہ فشان مجھے اِس شفق سحری کی قسم

نہ کرا تنا فو کی تو جگر کو لہو کہ نہ شوق سخن ہو نہ ذوق سبو
ترے شعر سے آتی ہی خون کی بو مجھے تیری ہی بیجگری کی قسم

غزل ۴۲

عشق میں پھنسکر ترے ازبسکہ غم کھاتے ہیں ہم
دل لگا کر تجھسے پیارے اب تو پچھتاتے ہیں ہم

کیوں خفا رہتا ہے پیارے کیا خطا ہم سے ہوئی
سچ بتا کیا ماجرا ہے اب تو گھبراتے ہیں ہم

چھوڑ کر دونوں جہان کو مثل مجنون ہو گئے
اب گدا ہیں تیرے در کے تیرے کہلاتے ہیں ہم

ساغر دل کو مے وحدت سے تم نے بھر دیا
چاہو بولو یا نہ بولو اب تو چلاتے ہیں ہم

عرض **خادم** کی یہی ہے اس کو مشتاہی ضرور
حضرت شاہ صفی تیرے ہی کہلاتے ہیں ہم

غزل ۴۳

تمہیں کو دل میں بسا چکے ہیں نشان اپنا مٹا چکے ہیں
مزا محبت کا پا چکے ہیں تمہارے غم مے اٹھا چکے ہیں

کہیں ہے لیلی کہیں ہے مجنون کہیں ہے عاشق کہیں ہے معشوق
یہ غور کر کے ذرا تو دیکھو ہر ایک جگہ میں سما چکے ہیں

کہیں ہے یوسف کہیں زلیخا کہیں ہے شیرین کہیں ہے فرہاد
اسی طرح سے ہر ایک رنگ میں تماشا اپنا دکھا چکے ہیں

کہیں رشد ہیں کہیں ہیں ارشاد کہیں ہیں مرشد کہیں ہیں ہادی
یہ جتنی لفظیں ہیں سب ہیں فرضی بتا تو اس کا بتا چکے ہیں

کہیں ہیں خادم کہیں صفی ہیں کہیں ہیں مینا کہیں ہیں سارنگ
اسی سبب سے ہیں سب سے ملتے صنم ہے اپنا سو پا چکے ہیں

غزل ۴۴

عشق یہ شے ہے اسے ہر شے میں بوجھا چاہیئے
ہے خدا یارو اسی میں اس کو بوجھا چاہیئے

ہم تو سمجھے ہیں اسی کو ہے یہ سب احمد کا نور
کل شے میں ہے یہی بس اسکو سوجھا چاہیئے

ہو گیا ثابت قلوب المومنین عرش خدا
ہے یہ کعبہ اور قبلہ اسکو دیکھا چاہیئے

کہگئے ہم کلمۃ الحق رمزین تو حیدسے کے	ہی یہ ظاہر ہی یہ باطن اِس کو سمجھا چاہیئے
ہم تو خادم ہین صفی کے عشق ہی اپنا مقام	حل ہوا مقصد مرا مطلب کو بوجھا چاہیئے

غزل ۴۵

صنم کو کرین ہم نہان کیسے کیسے	گذرتے ہین ہم پر گمان کیسے کیسے
کبھی بوے یوسف کی آتی ہی ہم مین	ہین احمدؐ کے پاتے نشان کیسے کیسے
صنم کو سمجھتے ہین ہر ایک جگہ پر	حرم دیر مین ایک سان کیسے کیسے
صفت اپنے مرشد کیا کیا کرون مین	دکھائے ہین مجھ کو جہان کیسے کیسے
غزل اب یہ خادم نے ایسی کہی ہی	صفی جب ہوے مہربان کیسے کیسے

غزل ۴۶

زحالِ عاشق مشو تو غافل دراے نینان بناے تبیان
کتاب ہجران ندارم اےجان لیا نہ کیھون لگاے چھتیان
چون شمع شوزان چون ذرہ حیران ہمیشہ گریان بعشق آن مہ
نہ رات نینان نہ انگ چینان نہ آپ آوین نہ بھیجین پتیان
سشبان ہجران دراز چون زلف و روز وصلش چو عمر کوتاہ
سکھی پیا کو جو مین نہ دیکھون تو کیسے کاٹون اندھیری رتیان
یکایک از دل دو چشم جادو بصد فسریم بہ برد تسکین
کسے پڑی ہی جو جا سناوے ہمارے پیو کو ہماری تبیان
بحق روز وصال محشر کہ داد ما را فریب خسرو
برہ مین بیاکل تلپھ رہا ہون یا آپ آؤ یا بھیجو پتیان

غزل ۴۷

جُدا کسی سے کسی کا غرض حبیب نہو	یہ داغ وہ ہی کہ دشمن کو بھی نصیب نہو

یہی ہی دل مین تمنا ہمارے اے پیارے
رہون مین پاس ترے اور کوئی قریب نہو

جدا جو ہم کو کرے اُس صنم کے کوچے سے
الٰہی راہ مین ایسا کوئی رقیب نہو

علاج کیا کرین حکما تپ جدائی ہی
سوائے وصل کے اس کا کوئی طبیب نہو

نظیر آپ تو معشوق خوبصورت ہی
جو حسن اُس مین ہی ایسا کوئی عجیب نہو

غزل ۴۸

جلایا آپ ہم نے ضبط کرکے آہ سوزان کو
جگر کو سینہ کو پہلو کو دل کو جسم کو جان کو

ہمیشہ کنج تنہائی مین ہم مونس سمجھتے ہین
الم کو یاس کو حسرت کو بیتابی کو حرمان کو

ترے اندام و روے و قد و زلف و خط سے ہی خجلت
سمن کو ارغوان کو سرو کو سنبل کو ریحان کو

جگہ کن کن کو دی دل مین ترے ہاتھون سے اے قاتل
کٹاری کو چھری کو بانک کو خنجر کو پیکان کو

ترے دندان و لب نے کردیا بیقدر عالم مین
گہر کو لعل کو یاقوت کو ہیرے کو مرجان کو

لڑا کر آنکھ اُس سے ہم نے دشمن کرلیا اپنا
نگہ کو ناز کو انداز کو ابرو کو مژگان کو

نہو جب تو ہی اے ساقی بھلا پھر کیا کرے کوئی
ہوا کو ابر کو گل کو چمن کو صحن بستان کو

بنایا اے ظفر خالق نے کب انسان سے بہتر
ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور و غلمان کو

غزل ۴۹

مے و ساقی ہین سب یکجا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
عجب عالم ہی مستی کا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

بہار آئی تو ڑا نے پھر لگے زنجیر دیوانے
ہوا شور جنون برپا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

نہ دیکھا تھا جن آنکھون نے کبھی اک اشک کا قطرا
روان ہی اُنسے اب دریا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

بھرے گھر اس جہان مین ساقی و مطرب اگر ہوتے
تو کیسی میکشی کرتا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

کیا بیداد سے عاشق کو تو نے قتل اے ظالم
کوئی کرتا ہی کام ایسا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

غزل ۵۰

تیری الفت مین مجھے جان کے خواہان کتنے
تشنۂ خون ہین مرے گبر و مسلمان کتنے

ایک ہی آئنہ وہ اور ہین حیران کتنے
پھرتے ہین زلف پریشان کے پریشان کتنے

ایک امید بھی تجھ سے نہ بر آئی میری
رہگئے دل مین مرے حسرت و ارمان کتنے

نہین ملتا ترے ناقے کا پتا اے لیلی
چھان مارے ترے مجنون نے بیابان کتنے

جس نے دیکھی تری تصویر کہا صل علے
پڑھتے صلواۃ ہین آآ کے مسلمان کتنے

اُٹھ کے صحرا سے چلا شہر کی جانب جب مین
لپٹے دامن سے مرے خار مغیلان کتنے

مصحفِ رخ مین کھینچی جاتی ہے اُس کی تصویر
ایک قرآن سے لکھے جاتے ہین قرآن کتنے

کوئی سمجھا نہ ترے شعر کا رتبہ عاشق
یون تو ہین کہنے کو دنیا ہین سخندان کتنے

غزل ۵۱

جسے عشق کا تیر کاری لگے
اُسے زندگی جگ مین بھاری لگے

نہووے اُسے جگ مین ہرگز قرار
جسے یار جانی سے یاری لگے

نہ چھوڑے محبت دم مرگ تک
جسے عشق کی بیقراری لگے

ہے ہردم مجھے اِس عاشق پاک کو
پیارے تری بات پیاری لگے

اگر تو ولی کے سخن کو سُنے
رقیبون کے دل مین کٹاری لگے

غزل ۵۲

خبر تحیر عشق سن نہ جنون رہا نہ پری رہی
نہ تو تو رہا نہ تو مین رہا جو رہی سو بیخبری رہی

شہ بیخودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی
نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنون کی پردہ دری رہی

چلی سمت غیب سے اک ہوا کہ چمن سرور کا جل گیا
مگر ایک شاخ نہال غم جسے دل کہین سو ہری رہی

نظر تغافل یار کا گلہ کس زبان سے بیان کرون
کہ شراب صد قدح آرزو خم دل مین تھی سو بھری رہی

وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نسخہ عشق کا
کہ کتاب عقل کی طاق مین جو دھری تھی سو وہین دھری رہی

غزل ۵۳

ہے صفیران چمن ہم سے چمن چھوٹے ہے
ہاے ای شام غریبان کہ وطن چھوٹے ہے

غمزہ کو شوق سے دل دیکھے مین ایسا بھاگا
جیسے صیاد کے ہاتھون سے ہرن چھوٹے ہی

قید سے دام محبت کے تمھارے ای جان
کب تلک دیکھیے آوارہ وطن چھوٹے ہی

اب تلک تیرے شہیدون کے بُن ہر ہر سے
لاکھ فوارہ خون زیر کفن چھوٹے ہی

شب ہجران کی مصیبت کو لکھون کیا قدرت
تن سے ہو جان جدا جانتی تن چھوٹے ہی

غزل ۵۴

آنکھ کیون تو نے بھلا ہم سے ملائی پیارے
بجھ گئی تھی سو پھر اب آگ لگائی پیارے

دوستی میرے تیرے یار نبھاوے اللہ
گرچہ بدنامی زمانے مین اُٹھائی پیارے

خانہ دل مین مرے بھڑکے گی اب آتش عشق
شکل تو نے جو نہین اپنی دکھائی پیارے

مین سوا تیرے کسی کو بھی نہ دیکھون ہرگز
سامنے اپنے ہو گر ساری خدائی پیارے

دل سے دل آنکھون سے آنکھون کو ملا کر تجھسے
کسکو خوش آتی ہی اب تیری جدائی پیارے

ہفت اقلیم کی شاہی نہین خوش آتی ہی
خوشنما ہی ترے کوچے کی گدائی پیارے

چین و آرام نہین عقل گئی ہوش گیا
دل کو عاشق کے تقر جب لگائی پیارے

غزل ۵۵

کھلین گے شکوون کے جبکہ دفتر ادھر ہمارے ادھر تمھارے
تو کیا کیا گذرے گی آہ دل پر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

ارادہ نہ مجھ سے ای میرے دلبر یہ بات جانے دو مانو کہنا
نہین تو مذکور ہونگے گھر گھر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

ہمارے دل مین ہی داغ حسرت تمھارے منہ پر ہی داغ چیچک
یہ دونون چمکین گے مثل اختر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

تمھین اب اپنی قسم ہی پیارے ملو تو ایسا ملو کہ جس مین
غم جدائی نہ آئے دل پر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

ملون مین کیونکر ہوا ہون حیران اگرچہ دونون طرف ہی خواہش
پھرے ہین جاسوس یان تو گھر گھر ادھر ہمارے اُدھر تمہارے
ستم کا کیا تم جواب دو گے بھلا جو پوچھے گا تم سے خالق
وہ ہو گا منصف بروز محشر ادھر ہمارے اُدھر تمہارے
شراب ہی یہ سمجھ کے پینا خراب کہتا ہی اسکو عالم
کہین نشہ مین کھلین نہ جو ہر ادھر ہمارے اُدھر تمہارے

غزل ۵۶

کس کو دکھلاؤن آبلے دل کے
زخم تازے ہوے ہین چھل چھل کے

اس کی نیرنگی پر فدا ہون مین
گل بنائے ہین جسنے اس گل کے

زلف ناگن نے آپ کی صاحب
دل لیا ہے ہمارا ہل ہل کے

ہوا تجھ بن یہ باغ کا احوال
پھول کمہلا گئے ہین کھل کھل کے

اس خطا اپنی کی کرین توبہ
رنج کھینچے ہین تم سے مل مل کے

غزل ۵۷

پھر بہار آئی چمن مین زخم دل آلے ہوے
پھر مرے داغ جگر آتش کے پرکالے ہوے

کسطرح چھوڑون بیکایک تیری زلفون کا خیال
ایک مدت سے یہ کالے ناگ ہین پالے ہوے

واہ کیا تاثیر ہی رخسار آتش ناک کی
شعلۂ جوالہ تیرے کان کے بالے ہوے

جب شب تاریک مین ہم کوے جانان کو چلے
آگے آگے جا بے مشعل آتشین نالے ہوے

وہ پری پیکر کہا کرتا ہی اکثر فخر سے
اب تو ناسخ بھی ہمارے چاہنے والے ہوے

غزل ۵۸

اندنون جوش جنون ہی ترے دیوانے کو
لوگ ہر سو سے چلے آتے ہین سمجھانے کو

منع کرتا ہی مجھے یار کے گھر جانے کو
ناصحا آگ لگے اس ترے سمجھانے کو

خون دل پینے کو اور لخت جگر کھانے کو
یہ غذا ملتی ہے جانان ترے دیوانے کو

پاس وعدے کا بھی اے یار نہ آیا تجکو
روز کہہ جاتے ہو گھر پر مرے آجانے کو

شہر مین اپنے یہ لیلی نے منادی کر دی
کوئی پتھر سے نہ مارے مرے دیوانے کو

اس قدر ظلم کیا مر گیا شیدا تیرا
لاش عاشق کی لیے جاتے ہین دفنانے کو

ساقیا مجھ سے نہ کرنا کبھی پیمان شکنی
توڑ ڈالون گا ترے شیشہ و پیمانے کو

خون دل ہو کے بہا اشکون سے میرے دریا
منتظر جان ہے اب تن سے نکل جانے کو

کچھ بھی ہے عاشق بیدل کی تجھے اپنے خبر
آتا ہے پیک اجل اب اسے لیجانے کو

دیر سے میٹھا تری تاک مین ساقی ناظر
منہ سے اک دم تو لگا دے مرے پیمانے کو

غزل ۵۹

ہم اپنا حال اُن کو دکھائے چلے گئے
لیکن وہ ہم سے آنکھ چرائے چلے گئے

دم بھر مرے تڑپنے کی دیکھی نہ تم نے سیر
دو ہاتھ نیچے کے لگائے چلے گئے

کوٹھے پہ وہ جو چھپ گئے تابوت دیکھکر
ہم بھی کفن سے منھ کو چھپائے چلے گئے

اتنا اٹھائے ہاتھ مرے فاتحہ سے بھی
تربت پہ صرف پھول چڑھائے چلے گئے

آئے تھے اُس سے کہکے نہ آئینگے اب کبھی
لو آج پھر بغیر بلائے چلے گئے

ہنستا رہا وہ برق کے مانند اور ہم
آنسو مثال ابر بہائے چلے گئے

برخاستہ دلون سے نہین دل لگی ضرور
بیگانہ وار بزم مین آئے چلے گئے

اے رند وقت بد مین کسی نے دیا نہ ساتھ
آنکھین چرا کے اپنے پرائے چلے گئے

غزل ۶۰

کسی سے دل کو لگا چکے ہین ہم اپنی ہستی مٹا چکے ہین
سزا محبت کی پا چکے ہین غضب کے صدمے اٹھا چکے ہین
کہو یہ حورون سے جائین باہر جو لیکے آئی ہین جام کوثر

نہین ہون پیاسا کہ آب خنجر ابھی مجھکو پلا چکے ہین
کسی نے اُس کا پتا نہ پایا گیا جو کوئی سو پھر نہ آیا
کوئی کچھ اُس کی خبر نہ لایا ہزار قاصد تو جا چکے ہین
پہن کے آؤ لباس زریں کیا ہی سامان ہجر تزئین
کہ مرے مرے مین جائے تا لین ہم اپنی آنکھین بچھا چکے ہین
فلک کو کب ہی یہ دست قدرت زمین کو کب ہی یہ تاب و طاقت
ہمین اٹھائین گے بار الفت کہ ناز تیرے اُٹھا چکے ہین
بس اب خرابی ہی ملک دل کی نہین ہی شبخون مین دیر کچھ بھی
لگا کے دانتون مین اپنے مسی وہ لب پہ لالی جما چکے ہین
یقین ہی آتی ہو اب سواری ضرور لے گا خبر ہماری
عبث ہی آنکھون سے خون جاری وہان وہ مہندی لگا چکے ہین
جو مین یہ کہتا ہون اُن سے دیکھو عبث دیے داغ میرے دلکو
تو وہ ہین کہتے چراغ ہم تو خدا کے گھر مین جلا چکے ہین
نہین ہی بیجا یہ عشق بازی رسا ہی نقد یر و اسطی کی
جو لب سے کہتے ہین لن ترانی وہ اُس کو صورت دکھا چکے ہین

غزل ۶۱

کہنے مین نہین ہین وہ ہمارے کئی دن سے	پھرتے ہین نہین غیر اُبھارے کئی دن سے
جلوے نہین دیکھے جو تمھارے کئی دن سے	اندھیر ہی نزدیک ہمارے کئی دن سے
عشاق سے ہی کوچۂ معشوق مین میلا	رستے ہی نہین بھیڑ کے مارے کئی دن سے
ہم جان گئے آنکھ ملاؤ نہ ملاؤ	بگڑے ہوئے تیور ہین تمھارے کئی دن سے
آخر مری آہون نے اثر اپنا دکھایا	گھبرائے ہوئے پھرتے ہو پیارے کئی دن سے

کس کشتہ کاکل کا رکھا سوگ مری جان
گیسو نہین کیون تمنے سنوارے کئی دن سے

کس چاک گریبان کا کیا آپ نے ماتم
کپڑے نہین تمنے جو اتارے کئی دن سے

دیوانہ بھی سودائی بھی فرماتے ہین اکثر
ان ناموں سے جاتے ہین پکارے کئی دن سے

دل پھنس گیا ہی آپ کی زلفون مین ہمارا
ہین بندۂ بے دام تمھارے کئی دن سے

پامال کروگے کسی وارفتہ کو اپنے
اٹھکھیلیان ہین چال ہین پیارے کئی دن سے

ڈر سے تری کاکل کے نہین چلتے ہین رستے
دم بند ہین اس سانپ کے مارے کئی دن سے

پھر شوق سے کیا اس بت کافر سے ہی بگڑی
ہوتے نہین باہم جو اشارے کئی دن سے

غزل ۶۲

ہم درد و الم رقت مین ہین میری کہانی سے
ترقی جس طرح ماتم کو ہووے نوحہ خوانی سے

دہن کے کشتون کو زندہ کیا جان بخشی لب نے
حد ملک عدم ملحق ہی ملک جاودانی سے

وہ رخ ہی آفتاب اور ابر ہی یہ چشم تر زندو
ہوا بدلی بھرو ساغر شراب ارغوانی سے

خدا حافظ ہی ای تحریک زلف و جنبش ابرو
بلاے آسمانی سے قضاے ناگہانی سے

جگر کا سوز گریہ سے بڑھا یہ ماجرا ایسا
جہان مین آگ کو بجھتے ہوے دیکھا ہی پانی سے

یہ گیسوے بتان ہند کا کشتہ ہی ای یارو
بقا کو غسل دو ظلمات کے چشمہ کے پانی سے

غزل ۶۳

طاقت نہ صبر کی ہی نہ دل اختیار مین
یارب کوئی بشر نہ پڑے انتشار مین

رونق چمن کی سبزہ و گل سے کبھی نہو
بلبل کا ہونا شرط ہڑا لالہ زار مین

ای گل تری تلاش مین مجھ زار کی طرح
باد صبا نے خاک اڑائی بہار مین

گاتی پھنچی یہ ڈوپٹہ ہی ای پری
یا کھل رہا ہی تختۂ سوسن کنار مین

واحد بس فنا یہ نہین داغ دل عیان
روشن ہی اک چراغ تمنا مزار مین

غزل ۶۴

جو تجھ سے دیدۂ دل اپنا رو برو کرتے
تو عمر بھر نہ کبھی تجھ سے آرزو کرتے

نہ آیا رحم ترے دل میں اوبت کافر
تمام عمر کٹی تجھ سے آرزو کرتے

خیال ہجر صنم اپنے دل میں گر ہوتا
دعائیں وصل کی ہرگز نہ ہم کبھو کرتے

صبا نہ لائی مگر بوئے گیسوے جانان
کہ ہم دماغ دل و جان کو مشکبو کرتے

شب وصال میں گردون سنے یہ ندی فرصت
کہ شرح حال دل زار رو برو کرتے

جو رحم یار کو آتا ذرا بھی **عاشق** پر
تو حشر تک تری منت نہ اے عدو کرتے

غزل ۶۵

دلون میں کینے سننے سے عداوت آہی جاتی ہی
صفائی لاکھ ہو لیکن کدورت آہی جاتی ہی

دل رنجیدہ کہتا ہی نہ بولون یار سے لیکن
جب آنکھیں چار ہوتی ہین مروت آہی جاتی ہی

کہا سو بار لیلون اس سے بدلا اس عداوت کا
مگر مجبور ہون دل مین محبت آہی جاتی ہی

نہیں موقوف سن پر دیکھکر صورت حسینون کی
جوان و پیر دونون کی طبیعت آہی جاتی ہی

جب ان کو دیکھتے ہین غیر سے ہم بولتے ہنستے
نہیں کچھ واسطہ لیکن حرارت آہی جاتی ہی

شب وصلت کا جب میں چھیڑتا ہون تذکرہ کچھ بھی
چرا لیتے ہین آنکھیں انکو غیرت آہی جاتی ہی

سحر جب نام لیتے ہین کسی رشک مسیحا کا
مریض عشق کے چہرے پہ فرحت آہی جاتی ہی

ہر اک ساعت کی صحبت میں سنبھے گی دوستی کیونکر
کدورت ہوتے ہوتے دل میں آخر آہی جاتی ہی

برابر دوستی نبھتے کہیں دیکھی نہ دنیا مین
کسی ڈھب سے کہیں رنجش کی نوبت آہی جاتی ہی

کسی کی تاب و طاقت کیا جو بچ جائے محبت سے
اگر آنے کو ہوتی ہی تو شامت آہی جاتی ہی

چھپانے سے نہیں چھپتا ہی **ریحاں** نشۂ الفت
ضرور آنکھوں میں کچھ اس کی نکہت آہی جاتی ہی

غزل ۶۶

نہ چشم و گل پہ پیار سے جیس دم نگاہ کی
شیشہ نے رو دیا لب ساغر نے آہ کی

برش غضب کی ہی تری تیغ نگاہ کی
جس کے لگی نہ اسنے کبھی اٹھ کے آہ کی

الفت مین تیری ہاے ہمارا ہوا یہ حال
لیکن نہ تو نے حیف کرم کی نگاہ کی

ہم تم پہ جان دین تمھین غیرون کا پاس ہو
ہوتی ہی کیا ہی اچی صورت نباہ کی

کہتے ہین دیکھ دیکھ کے میرا وہ رنگ زرد
اس شکل پر حضور کو خواہش ہی چاہ کی

غزل ٦٧

نشان پاوے وہی جو بے نشان ہو
پتا اس کا کسی سے کب بیان ہو

مبرا وہ تو ہی کون و مکان سے
مکان اس کا کہان جو لامکان ہو

کوئی جاگہ نہین ہی اس سے خالی
زمین ہو عرش ہو یا آسمان ہو

سوا اس کے نہین کوئی جہان مین
تلاش اسکی کرو یار و جہان ہو

غنیمت ہی ملاقات آج اس کی
خدا معلوم پھر کب ہو کہان ہو

ٹھکانا اس کا مین کیونکر بتاؤن
خدا جانے وہ ہرجائی کہان ہو

تراب استاد سے معلوم کرلو
طریق معرفت گر تم روان ہو

غزل ٦٨

دل دے کے ہی ہر شخص طلبگار تمھارا
کیا حسن ہی کیا گرم ہی بازار تمھارا

کیا عام ہی لطف و کرم ای یار تمھارا
دم بھرتا ہی ہر کافر و دیندار تمھارا

ہنگامہ محشر ہی کہ عشاق کا مجمع
کیا نام خدا گرم ہی بازار تمھارا

اس ترک کی الفت تھی اسے موت کا پیغام
دو روز بھی جینا ہوا دشوار تمھارا

پڑتی ہی جگر پر مرے تلوار یہ تلوار
یاد آتا ہی جب ابروے خمدار تمھارا

کسکی تمھین یاد آئی علیم جگر افگار
مضطر نظر آتا ہی دل زار تمھارا

غزل ٦٩

حیف تسکین نہین کوئی دلانے والے
ہان بہت سے ہین مگر آگ لگانے والے

آتشِ ہجر کو، اے شمع سبستان جمال
کون ہین تیرے سوا اور بجھانے والے

آپ کا دھیان رہا کرتا ہے ہر دم مجھ کو
آپ کی یاد نہین ہم ہین بھلانے والے

نامۂ شوق لکھا ہے اسے لیتے جانا
اے مرے کوچۂ دلدار کے جانے والے

کوئی ہمدم تو نہین اور بہت ہین احباب
قصۂ غم کے مرے یاد دلانے والے

بخت برگشتہ ہوا حیف ہمارا ایسا
ہو گئے اپنے عدو لوگ زمانے والے

پیاس کا مجھ کو قیامت مین بھلا خوف ہی کیا
جبکہ مولا ہین علی جام پلانے والے

ایک پرچہ بھی کبھی آپ نہین لکھتے ہین
باوجودیکہ بہت لوگ ہین آنے والے

ایسی باتون سے تمھین کیا بھلا حاصل ہوگا
دلِ صد چاک کے ای میرے جلانے والے

مصحف رخ کی تلاوت مین کیا کرتا ہون
کیا مجھے خاک پڑھائینگے پڑھانے والے

خواب راحت سے جگا دیتے ہین ناحق مجھکو
میرے دشمن ہین یہ گھڑیال بجانے والے

اے خدا تیرا کرم چاہیے پھر کیا غم ہی
لاکھ دشمن ہون اگر میرے زمانے والے

شعر کی اپنے خرابی کا نکر حفظ خیال
صحیح سے ہین ترے استاد بتانے والے

غزل ۷۰

حقیقت برج کی اودھو ذرا تم جاکے سمجھانا
مناسب ہی دمِ آخر ذرا تشریف لے آنا

خفا ہو ہو نکل جاتی ہی تن سے روح یان ہر دم
نہ خوش آتا ہی برج ہمکو نہ برنداین نہ برسانا

وہ بھولے صحبتین اگلی خفا اب ہم سے ہو بیٹھے
یہی ہی شرط الفت کی یہی ہی طرز یارانا

اک عالم بیخودی کا دلپہ ہو جاتا ہی رقت سے
وہ یاد آتی ہی جب مجھکو صدا بنسی کی مستانا

لگا کر خط کو چھاتی سے وہ بولین گوپیان رو رو
لکھا ہی شیام نے اودھو یہ اپنے ہاتھ پر دانا

لبون پر جان آئی ہی تمھاری انتظاری مین
بوقت الوداع لازم تمھین صورت دکھا جانا

یہی ہی عرض شاہِ دوارکا سے اب مری حقر
نہ کیجو اپنی خدمت سے مجھے محروم بیگانا

غزل ۷۱

کہو بلبل سے لیجائے چمن سے آشیان اپنا
پڑے گر صدہزار افسوس نہو گا باغبان اپنا

اٹھا کر لیچلی بلبل چمن سے آشیان اپنا
کہا گل سے کرلے ای بیوفا ہیسے مکان اپنا

ہوئی جب باغ سے رخصت کہا رو رو کے ای قسمت
لکھا تھا یون کہ فصل گل مین چھوٹے خانمان اپنا

ارے صیاد تو چاہے تو جی و جان سے حاضر ہون
ولیکن طوق قمری کی طرح کردے نشان اپنا

سیرا جلتا ہی جی اس بلبل بیکس کی غربت پر
کہ گل کے آسرے پر یون لٹا یا خانمان اپنا

نہ تو نے گل کیا اپنا نہ بلبل باغبان اپنا
چمن مین کس بھروسے پر بنا یا خانمان اپنا

یہ حسرت رہگئی کس کس مزے سے زندگی کٹتی
اگر ہوتا چمن اپنا گل اپنا باغبان اپنا

الم کر اس طرح روئی کہ رسوا ہوگئی بلبل
ڈبو یا ہاے آنکھون نے تمامی خانمان اپنا

یہی ہے قول سچا اب علی گوہر پیارے کا
نکر برباد دنیا کو جو چھوٹے خانمان اپنا

غزل ۲

وہ صنم دلدار ہم سے بیوفا ہونے لگا
شکل میری دیکھکر جو رو جفا ہونے لگا

غم جدائی سے تری اب دل کو بھی سودا ہوا
بس تمہاری دوستی مین یہ نفعا ہونے لگا

کر رقیبون سے محبت کیون جلاتے ہو ہمین
ظلم یہ ظالم ترا کئی دفعا ہونے لگا

تیر مژگان کے چلا کر بیگنہ مارا ہمین
اب نشانہ کیا ترا ہم پر صفا ہونے لگا

آرزو کچھ بن نہ آئی آستانے پر بھلا
رحم کرنے کی جگہ الٹا خفا ہونے لگا

غزل ۳

اے دل کہین نجائیو زنہار دیکھنا
اپنے ہی بیچ یار کا دیدار دیکھنا

خوبان اس جہان کا تماشا جو تو کرے
آئینہ وار طلعت دیدار دیکھنا

نیرنگیون سے یار کے حیران ہو جیو
ہر رنگ مین اسی کو نمودار دیکھنا

گر نقد جان طلب کرے وہ شوخ دلربا
انکار وان نہ کیجیو زنہار دیکھنا

ہرگز دوا نہ کیجیو اس غم کی ای نیاز
سب راحتون سے اسکو نمودار دیکھنا

غزل ۷۴

چھوڑے سے سوا ہی دل دیوانہ ہمارا | تربت مین ہلا ئے نہ کوئی شانہ ہمارا
دم آنکھون مین اُسکا ہی ذرا شکل دکھادو | جلد آ و کہ لبریز ہی پیمانہ ہمارا
الفت کے یہ معنے ہین مجھے نیند نہ آئی | جب تک نہ سنا یار نے افسانہ ہمارا
بھولے سے بھی صاحب کبھی تشریف نہ لا ئے | ہان آپ کے قابل نہین کاشانہ ہمارا
سایہ کے لیے ابر سیہ جھوم کے آیا | جب قصہ ہوا جانب میخانہ ہمارا
صدقے ترے اکبار سر بزم یہ کہدے | ہم شمع ہین اور قدر ہی پروانہ ہمارا

غزل ۷۵

نہ ہرگز درد دل سے مین کراہا | غرض پوشیدہ الفت کو نباہا
محبت کے یہ معنی ہین کہ مین نے | وہی چاہا کہ جو کچھ تو نے چاہا
فقیرون سے نہ پوچھو لذت عشق | ا ہا ہا ہا ا ہا ہا ا ہا ہا
صرفت العمر فی لہو و لعب | فـ آ ہا ثم آ ہا ثم آ ہا
ظفر کو باز رکھ اعمال بد سے | خطا بخشا کرم گا را الٰہا

غزل ۷۶

آج دعوے اُسکی یکتائی کا باطل ہوگیا | بحث کرنے کو جو آئینہ مقابل ہوگیا
ایک دل لیکر دئیے قاتل نے مجھکو لاکھ دل | جو لگا پیکان مرے پہلو مین وہ دل ہوگیا
کیون نہ اب عالم ہو اُسکا تختۂ مشق ستم | وقت بسم اللہ معلم جس کا بسمل ہوگیا
کچھ بھی حال باکمالون کو نہین ہی جز زوال | سور و نقصان ہوا جب ماہ کامل ہوگیا
مصحف رخسار جانان مین نہین ہی ایک خال | نقطہ قرآن بھی دنیا مین یہ نازل ہوگیا
صبح ہوتے کچھ نظر آیا نہ غیر از آفتاب | کون کون اک رات کو یان شمع محفل ہوگیا

غزل ۷۷

سیکڑون ہی کشتۂ رفتار جانان ہوگئے / پانوٴن رکھا جس جگہ گنج شہیدان ہوگئے

آنکھ جن کی لڑگئی صورت پہ حیران ہوگئے / سایۂ گیسو مین جو آئے پریشان ہوگئے

تو نے او ناوک فگن جس سمت دم بھر کی نگاہ / پار دل کے سیکڑون ہی تیر مژگان ہوگئے

استخوان ہم تیرہ بختون کے پسے ایسے کہ بس / توتیاے دیدۂ گور غریبان ہوگئے

وہ گلِ خوبی نہ جب اس باغ عالم مین ملا / سامنے آنکھون کے سب گلشن بیابان ہوگئے

لاکھ چاہا پر نہ دکھلائی دیا ان کا جمال / وہ بصارت کی طرح آنکھون سے نہان ہوگئے

یاد وحشت مین جو اے آباد آئی زلف کی / داغ جتنے تھے ہمارے مشک فشان ہوگئے

غزل ۷۸

ادا سے دیکھکر آنکھین چرانا / قیامت پر قیامت مسکرانا

ہمیشہ غیر کے گھر آپ جانا / بلانے سے یہان گاہے نہ آنا

یہی حسرت رہی دل مین مری جان / کبھی تو نے کہا میرا نہ مانا

ڈرا کر آہ سے ہم دل جلون کی / کسی کا خوب ہے نہ جان ستانا

روا کب ہے بھلا اے شمع محفل / مجھے پروانہ سان ہر شب جلانا

نصیحت مان لے کھینچیگا تکلیف / رضا بہتر نہین دل کا لگانا

غزل ۷۹

کیون ملا ظالم سے جا دل ہاے دل افسوس دل / کھینچتا ہے کیا جفا دل ہاے دل افسوس دل

جس نے عالم کو کیا ہے قتل میرے دیکھتے / اُس ستمگر سے ملا دل ہاے دل افسوس دل

کس پری رو نے چھپایا دل مرا ملتا نہین / ڈھونڈھتا ہون کیا ہوا دل ہاے دل افسوس دل

جانتا تھا مین کہ وہ ظالم نپٹ بیرحم ہے / کیون ہوا تھا مبتلا دل ہاے دل افسوس دل

دیکھکر ان ماہ رویون کو ہوا مجھ سے جدا / کس طرح سے رم کیا دل ہاے دل افسوس دل

کس سے جا پوچھون کہان ڈھونڈھون نشان ملتا نہین / کیا ہوا تابان مرا دل ہاے دل افسوس دل

غزل ۸۰

دکھلائے داغ دل نے گلستان نئے نئے
وحشت دکھا رہی ہی بیابان نئے نئے

جو رِ بُتان سے مجھکو الٰہی بچائیو
پیدا ہوے ہین جان کے خواہان نئے نئے

دیر و حرم مین کوئی نہین تیری راہ پر
کافر نئے نئے ہین مسلمان نئے نئے

مین ابتوای جنون ترے ہاتھون سے تنگ ہون
لاؤن کہان سے روز گریبان نئے نئے

کِس طرح ہو گذر درِ جانان پہ اے نیاز
دربان نئے نئے ہین نگہبان نئے نئے

غزل ۸۱

مرتا ہون ترے عشق مین سرشار خبر لے
اب میرے دلِ زار کی ای یار خبر لے

ای باد صبا تو ہی یہ اُس شوخ سے کہنا
مرتا ہی کوئی جا پسِ دیوار خبر لے

اللہ بچاوے مجھے اِس آتش غم سے
یا تو ہی ترس کھاکے مرے یار خبر لے

کِس طرح بھلایا ہی مجھے پیارے اب کی بار
مرتا ہی ترا طالب دیدار خبر لے

کوچے مین ترے آنے کی طاقت ہی نہین یار
مرتا ہون پڑا بر سرِ بازار خبر لے

یہ حال مرا دیکھکے کہتے ہین معالج
بچتا ہی کہین عشق کا بیمار خبر لے

الفت مین تری نازنین بدنام ہوا ہون
بسمل ہی بہت اب یہ دل زار خبر لے

غزل ۸۲

عشق کیا شے ہی کسی کامل سے پوچھا چاہیے
کِس طرح جاتا ہی دل بیدل سے پوچھا چاہیے

کیا تڑپنے مین مزا ہی قتل ہو پیارے کے ہاتھ
اِس کی لذت کو کسی بسمل سے پوچھا چاہیے

جس نے اس کا زخم کھایا ہو اُسے معلوم ہی
تیغ ابرو کی صفت گھائل سے پوچھا چاہیے

اُن سے ملنے کی کوئی تدبیر اب بنتی نہین
طرح ملنے کی کسی واصل سے پوچھا چاہیے

آہ و نالہ کی حقیقت دیکھتا ہون ہجر مین
کیا گذرتی ہوگی تابان دل سے پوچھا چاہیے

غزل ۸۳

دل کو پالا تھا بہت ہم نے خبرداری سے
نازبرداری سے ہشیاری سے غمخواری سے

حسن صاحب کی شرافت پہ نظر کر بیٹھے
جان کے بوجھ کے پہچان کے ہشیاری سے

ہم پہ باطن مین جفا غیرون پہ ظاہر مین جفا
یہ تو امید نہ تھی شرط وفاداری سے

ناز و خط زلف و ادا چشم و مژہ و ابرو
سب کے سب دشمن قاتل ہین مرے باری سے

سو رہین آج لپٹ اپنے صنم سے ملہار
نیند آتی ہے شب ہجر کی بیماری سے

غزل ۸۴

کیا بلا ہے میرے صاحب آشنائی آپ کی
مار ڈالے گی غرض ہم کو دکھائی آپ کی

کس بھروسے پر رکھے تم سے کوئی چشم وفا
خلق مین مشہور ہے گی بے وفائی آپ کی

بر سر مجلس پھراتے کس لیئے منھ ہو صنم
ایسی کیا صادر ہوئی ہم سے برائی آپ کی

بات کرنا ہم سے اور آنکھین لڑانا غیر سے
دیکھ لی بس واہ مشفق پارسائی آپ کی

کیا عداوت ہے مری جان تم کو وحشت سے کہو
اب تلک ہم نے تو کچھ مرضی نہ پائی آپ کی

غزل ۸۵

تمنا سیر گلشن کی مجھے صیاد باقی ہے
نگر قید قفس ظالم ہمین فریاد باقی ہے

لہو دامن سے گر دھویا تو کیا لیکن قیامت تک
ہمارا خون تری گردن پہ اے جلاد باقی ہے

جو دیکھا باغ مین جا کر نہ گل ہے اور نہ غنچہ ہے
چمن مین بلبلون کی ہر طرف فریاد باقی ہے

نہ لوہو ہے جگر مین اور نہ آنسو آنکھ مین میری
مگر خون محبت دل مین اے صیاد باقی ہے

نقاب عنبرین منھ سے اٹھا دو اپنے اے پیارے
کہ تیرے دید کی ہم کو مبارکباد باقی ہے

غزل ۸۶

مرا جاتا ہون ترے ہجر کے مارے آرے
مرے جانی مرے دلبر مرے پیارے آرے

آرہ گر سر پہ چلا میرے تو کیا ہین لیکن
شوق مین تیرے کہے جاؤنگا آرے آرے

مدتین ہو چکین پھرتے ہوئے اغیارون مین
ایک دن رات کو مہمان ہمارے آرے

یاد کرکے وہ ترا چاند سا مکھڑا پُرنور
بیٹھا گنتا ہون فلک پر کے ستارے آرے

نور بیتاب ہے از بسکہ جدائی سے تری
رشک خورشید مرے ماہ کے پیارے آرے

غزل ۸۷

حسن ہی چند سے صنم آخر خزان ہو جائیگا
آج ہنس لے بول لے آخر کو پھر پچھتائیگا

دولتِ جوبن جو تونے ایک پائی ہے صنم
یہ مسافر ہے سرا کا پاس نہ رہ جائیگا

ایک بوسہ ہم نے مانگا رات بھر تم سے اجی
جب کہا یہ ہی کہا ٹھہرو کوئی آ جائیگا

چاند سا مکھڑا جو تیرا دیکھ لیگا او صنم
جان اُس کی جائیگی جو دام مین پھنس جائیگا

تیر مژگان کے نہ مارو بانکی چتون سے مجھے
دل چھدا ہی دیکھ لے اندر جگر چھد جائیگا

زلف پیچان کے تری ہین سیکڑون مارے پڑے
تیغ ابرو سے بھلا کیونکر گلا کٹوائے گا

باغ مین ننگے نہ بیٹھو تم صنم مہتاب ہو
چاندنی پڑ جائیگی میلا بدن ہو جائیگا

آبداری کیا ہی تیرے گوہر دندان پر
دیکھ لیگا گر صنم ہیرا زہر کھا جائیگا

دیکھ کر چین جبین زہرہ بھی بس روپوش ہو
مت اُدھر کو دیکھنا خورشید بھی چھپ جائیگا

پان کی لالی ترے ہونٹھون پہ کرتی ہے ستم
اِس لب رنگین سے لعلِ یمن شرمائیگا

جب گلے ملنے کا تیرے دھیان آویگا مجھے
اِس دلِ مضطر کو بس تڑپائیگا رُلوائیگا

سخت گوئی چھوڑ دے ہین تو ہون عاشق بیقصور
گالیان دیتے ہین تجکو کیا مزا مل جائیگا

عشق صادق خوب نبہا یون کہین مرتضیٰ علی
اِن بتون مین ڈھونڈنے تجھکو خدا مل جائیگا

غزل ۸۸

نہ چھیڑو ہمین دل دکھائے ہوئے ہین
جُدائی کے صدمے اُٹھائے ہوئے ہین

سنبھالے سے پیارے سنبھلتا نہین دل
کڑی عشق کی چوٹ کھائے ہوئے ہین

نہ دے اِس قدر تو تکلیف ہمکو
ترے گھر مین مہمان آئے ہوئے ہین

دمِ نزع کس طرح تڑپون بھلا مین
وہ زانو سے سینہ دبائے ہوئے ہین

مزار شہیدان پہ قاتل یہ بولا — یہ سب گھر ہمارے بسائے ہوئے ہین
گلہ بخت سے ہی نہ شکوہ فلک سے — دل غم زدہ کے ستائے ہوئے ہین
یہ کیون خوف تجھکو ہر اک بات کا ہی — مدد کو علی تیری آئے ہوئے ہین

غزل ۸۹

حیران ہون ایک دل کو لگاؤن کہان کہان — اس ناتوان کو لیکے مین جاؤن کہان کہان
ایسی لگی ہی یار کہ بجھنے کی اب نہین — یہ آگ عشق کی ہین .. بجھاؤن کہان کہان
ہرجائی ہی وہ اُس کو بھلا پوچھتے ہو کیا — جو لامکان ہو اُس کو بتاؤن کہان کہان
دنیا و عاقبت کا مجھے خوف کچھ نہین — بگڑی ہی ہر جگہ مین بناؤن کہان کہان
وارث یہ زلف کس طرح زنجیر ہو گئی — اب جان و دل پھنسا ہی چھڑاؤن کہان کہان

غزل ۹۰

نہ سمجھے تھے ہم یہ ستم کیجیے گا — بڑھا کر محبت کو کم کیجیے گا
حسینون پہ لاکھون ہی مرتے ہین صاحب — نہ اس کا ذرا بھی مین غم کیجیے گا
بہت یاد آئین گی میری وفائین — کسی اور پر جب ستم کیجیے گا
نہ چھٹ جائیگی یار پیرونکی مہندی — جو تکلیف اک دو قدم کیجیے گا
سپر کر دیا ہمنے سینہ ہی پیارے — سو دیکھین کہان تک ستم کیجیے گا

کسی اور سے دل لگا لیجئے گا صاحب
نہ دل مین محبت کا غم کیجئے گا

غزل ۹۱

نہین عرصہ چلے جانا بس اتنی دیر دم لیلو — نکل جانے دو دم تن سے جو روکین پھر ہم لیلو
تمھارے ساتھیون مین ہون نہ چھوڑو قافلے والو — بڑھے جاؤ نہ یون آگے رہے جاتے ہین ہم لیلو
چلے جانا چلے جانا نہ روکین گے نہ روکین گے — گھڑی بھر تو ذرا ٹھہرو ابھی آئے ہو دم لیلو
لحد تک اپنی اے یارو مین ہاتھون ہاتھ جا پہنچون — جنازہ دوش پہ میرا جو تم دو دو قدم لیلو
دل اپنا بیچتا ہون اے حسینو ایک بوسے پر — تمہین لینا ہو گر لیلو بہت قیمت ہی کم لیلو

غزل ٩٢

مجھے پہل اسی جا پر جہان بیدر و جانی ہی / ارے پھر کیا بھروسا ہی یہ دو دن کی جوانی ہی

پڑا بیکل نہین ہو کل کسی کروٹ کسی پہلو / بنا اُس جانی کے جینا وبال زندگانی ہی

تپ دوری سے کیسا آبلہ دل کا چمکتا ہی / مرے سینہ مین روشن ہو رہا خورشید ثانی ہی

تڑپنا آہ بھرنا رات دن کھانا نہ پینا ہی / اسے تکلیف مت سمجھو یہ فرقت کی نشانی ہی

مثل اُسکے منوہر دوسرا جگ مین نہین دیکھا / یقین ہی ہم کو اس مین صاف نورِ حق نہانی ہی

غزل ٩٣

دیکھ ہر رنگ مین ہر نور مین جلوا اُسکا / ہر تماشے مین ہی در پردہ تماشا اُسکا

غیر کو چاہیگا کب چاہنے والا اُسکا / ہوگا بھولے سے طلبگار نہ اسکا اُسکا

غافلو دیدۂ دل وا ہو تو آجائے نظر / سیر مین سیر تماشے مین تماشا اُسکا

بند آنکھون کو کرے دل مین دکھائی دیگا / طور پر جائے نہ مشتاق تجلی اُس کا

دل زمانہ سے اٹھا یار کو پہلو مین بٹھا / بند کر آنکھ تو پھر دیکھ تماشا اُس کا

بزم عالم مین ہی سب دم سے اُسیکے رونق / چمن دہر مین یہ رنگ ہی سارا اُسکا

دل مرا دیدہ مرا سینۂ پُر داغ مرا / بلبل اُسکا ہی چمن اُسکا ہی دریا اُسکا

آج کل سے نہین عشقِ ازلی رکھتے ہین / ساتھ ہم سر کے یہان لائے ہین سودا اُسکا

نطق اپنی یہ تمنا ہی پس از مرگ مری / قبر مین کام کرے شمع کا جلوا اُس کا

غزل ٩٤

ربط غیرون سے بڑھا اب ہم سے کم ہوجائیگا / آنا جانا کیا ہی وعدہ بھی قسم ہو جائیگا

گرم ہوگا جب جوانی مین ترا بازار حسن / ایک بوسہ رخ کا لاکھون کی رقم ہوجائیگا

دلربائی کی چلیگا چال جب تو ناز سے / نقش تسخیر اے صنم نقشِ قدم ہوجائیگا

یہ حلاوت بخش ہی آب دمِ شمشیر یار / کھِل کے لب زخم جگر کا پھر بسم ہوجائیگا

اپنا کھوٹا پن اگر تقدیر دکھلائیگی نطق
فلس ماہی ہاتھ مین آکر درم ہو جائیگا

غزل ٩٥

اب قتل گہ مین کوئی تڑپتا نہین ہا
گھر ٹھنڈے ٹھنڈے چلیے تماشا نہین ہا

محشر کا دن ہی وعدہ فردا نہین ہا
اب منھ دکھایئے کوئی حیلا نہین ہا

کس وقت آئے صدمہ سے آنسو نہ آنکھ مین
کب ٹھیس سے یہ جام چھلکتا نہین ہا

پہلی نگاہ شوخ مین دل ہاتھ سے گیا
پھر دوسری نظر مین کلیجا نہین ہا

نالے بہت کیے نہ اُسے کچھ خبر ہوئی
اب آہ پر بھی آہ بھروسا نہین ہا

اِس بات پر مین مرتا ہون روکر کہینگے وہ
ہی ہی ہمارا چاہنے والا نہین ہا

مسجد مین وصل بت کے لیے نالہ زاریان
اے نطق تمکو خوفِ خدا کیا نہین ہا

غزل ٩٦

اے ستمگار تجھے عذر ستم کیا ہوگا
جب لب زخم جگر حشر کو گویا ہوگا

جاؤ لیجاؤ ہمین دل کا کچھ افسوس نہین
جب ہمارا نہ ہوا کب وہ تمھارا ہوگا

تم بھی چاہو گے تو نبھ جائیگی الفت ہمسے
ورنہ اک اپنے کیے شفق مین کیا ہوگا

کون جھیلیگا ستم کون سہیگا بیداد
ناز ہی جب نہ اُٹھے تجھ سے دلا کیا ہوگا

موت دم دیکھے تیرے کوچے مین لائی ہوگی
آپ سے کوئی بھی مرنے کو نہ آیا ہوگا

مار رکھین مجھے غمزون سے تو کچھ دور نہین
نطق وہ جانتے ہین نام قضا کا ہوگا

غزل ٩٧

مقدر سے نہ کوئی شکل وصل دلربا نکلی
بھروسا آہ پر تھا آہ وہ بھی نارسا نکلی

غضب ہی الفت خال لب جان بخش نے مارا
ہمارے حق مین لبس کی گانٹھ یہ جب شفا نکلی

شب وصل صنم ہی کان زاہد کھولے دیتا ہون
دبا دونگا گلا آواز گر منھ سے ذرا نکلی

بقا اُس کے لئے ہی جو فنا ہو ذات مطلق مین
حباب بحر جب ٹوٹا تو اُس سے یہ صدا نکلی

خزان نے لالہ وگل کو ملایا ہاے مٹی مین	اڑاتی خاک سر پر باغ سے باد صبا نکلی

غزل ۹۸

لحد مین اُن کی ہواے وصال باقی ہی	مین خواب مین ہون مگر یہ خیال باقی ہی
زوالِ حسن نے تم کو تو بے طرح لوٹا	وہ رنگ روپ نہ وہ چال ڈھال باقی ہی
لیا جو بوسہ کیا کیا گناہ کیون ہو خفا	ذرا سی بات کا اب تک ملال باقی ہی
بھلائیگا غم فرقت یہ اسے وطن والو	کسی کسی کا جو کچھ کچھ خیال باقی ہی
ہماری خاک کے ذرے ہین عرش کے تارے	پس فنا بھی وہی دیکھ بھال باقی ہی
برا ہو نشۂ مے کا خجل ہون یار سے نطق	قصورِ بوسہ ہوا انفعال باقی ہی

غزل ۹۹

لگا نہ رہنے دے جھگڑے کو یار تو باقی	رُکے نہ ہاتھ ابھی ہی رگِ گلو باقی
ہمارے پھول اُٹھا کر وہ بولا غنچہ دہن	ابھی تلک ہی محبت کی اِس مین بو باقی
گلے لپٹ کے جو سویا وہ ایک شب گلرو	تو بھینی بھینی مہینون رہی ہے بو باقی
فنا ہی سب کے لئے اِس جہان فانی مین	یہ رشک ہی کہ اکیلا رہے گا تو باقی
جو قتل کرتا ہی صیاد میرے کھولدے پر	کہ رہ نجائے تڑپنے کی آرزو باقی
کیا تھا آپ نے وعدہ کہ بوسہ کل دینگے	اب اِس مین آپ کو کیا ہیگی گفتگو باقی
لو آج دل کے سبب اِس کو بھی ڈبو بیٹھے	ذرا ہماری رہی تھی جو آبرو باقی
کنوئین مین قید ہوے جب کہ حضرت یوسف	رہی نہ عشق مجازی کی آبرو باقی

غزل ۱۰۰

اِن گناہون سے مری توقیر آدھی رہگئی	بنتے بنتے خلد مین تعمیر آدھی رہگئی
کیا ندامت اُس گھڑی جلاد کو حاصل ہوئی	ٹوٹ کر جب ہاتھ مین شمشیر آدھی رہگئی
حال دل جس دم بیان اس شوخ سے مین نے کیا	مسکرا کر رہ گیا تقریر آدھی رہگئی

کھینچے نقشہ جو بیٹھا اُس بُتِ مدہوش کا
وصل کا وعدہ نہ گذرا تھا کہ شب آخر ہوئی

دست مانی کانپ اُٹھا تصویر آدھی رہگئی +
آرزو جو دل مین تھی ای میر آدھی رہگئی

غزل ۱۰۱

ہو نہ اگر بار خط بھیجون مین ہر بار خط
اتنے لکھون یار خط لینے نہ دین اغیار خط

خط کی بھی کیا بات ہے دوری کی سوغات ہے
نصف ملاقات ہے بھیجے اسے یار خط

آنکھون کی تنویر ہے یا خطِ تقدیر ہے
آپ کی تحریر ہے آنکھون پہ اسے یار خط

خط مین نہ تو دیر کر مجھ پہ نہ اندھیر کر
مین تو الٹ پھیر کر پڑھتا ہون سو بار خط

ہاتھ نہ بڑھ کر لگا اس کے برابر لگا
ہے جو گلے پر لگا قاتل خونخوار خط

بھیجے نہ قاصد کو تنگ قدر وہان پہنچے ڈھنگ
بنتے ہین جا کر تنک جاتے ہین بیکار خط

غزل ۱۰۲

خال سے کھل جاتے ہین تمھارے عارض
کبھی دن کو دکھاتے ہین یہ تارے عارض

سامنا چاند سے ہوتا تو گہن لگ جاتا
کوٹھے پر دھوپ لیے آپ نے بارے عارض

آسمان سر پہ اٹھا لیتے کہ ہزار بتے
دیکھ پاتے جو خلیل آپ کے پیارے عارض

اس مین کیا شک ہے پیمبر کو تو قرآن آیا
آپ کو عرش سے خالق نے اتارے عارض

کہدے کہدے کہ ہین اکدن تیرے ہونٹون کے نثار
چوم لے چوم لے اے قدر ہمارے عارض

غزل ۱۰۳

جو ہے عرش پہ وہی فرش پر کوئی خاص اُس کا مکان نہین
وہ یہان بھی ہے وہ وہان بھی ہے وہ کہین نہین وہ کہان نہین

مجھے بوسہ دیتا ہو دے بھی دے نہین صاف کہدے تو ہان نہین
تیرے لب نہین کہ دہن نہین کہ دہن مین تیرے زبان نہین

مین وہ سرو باغ وجود ہون مین وہ گل ہون شمع حیات کا

جسے فصلِ گل کی خوشی نہین جسے رنج بادِ خزان نہین
مرا ایک دل تھا وہ سرد ہی کسے اب دماغ ہی آہ کا
کہ ہوا ہی کب سے چراغ گل مین وہ جل بجھا کہ دھوان نہین
جو اُٹھے تو سینہ ابھار کر جو چلے تو ٹھوکرین مار کر
نئے آپ ہی تو جوان کوئی کیا جہان مین جوان نہین
ہی کدھر گیا مرا قافلہ یا زمین پھٹ کے سما گیا
نہ غبار اٹھا نہ جرس بجا کہین نقش پا کا نشان نہین
جو سمجھ گیا وہ بہک گیا جو بہک گیا وہ بہک گیا
کہ عجیب حال ہی گو مگو وہ نہان نہین وہ عیان نہین
ترا قہر نار جحیم ہی ترا رحم دار نعیم ہی
یہ فقط ہین قصہ کہانیان کوئی دوزخ اور جنان نہین
مرا دم الجھتا ہی واعظو نہ سنو نگا لاکھ بکا کرو
تمھین جس قدر کہ جنون ہی مجھے اُس قدر خفقان نہین
کوئی خواب تھا کہ خیال تھا شب دوزاسی سے وصال تھا
مجھے کچھ خبر نہین کیا ہوا وہ مکین نہین وہ مکان نہین
جو ہزار عذر بھی پیش ہون وہ کسی طرح نہین مانتا
کہو الحذر تو حذر نہین کہو الامان تو امان نہین
وہ زبانِ خنجرِ صبر ہون کہ دہان مین جس کے سخن نہین
وہ دہانِ زخمِ ملال ہون کہ دہن مین جس کے زبان نہین
اُٹھو قدر اپنے نہ جان دو ابھی جان ہی تو جہان ہے
کوئی کام ایسا بھی کرتا ہی ہزار بے صیان نہین ارے میان نہین

غزل ۱۰۴

خدا کو مانو ہنسی نہ جانو نہ میرے دلبر جفا کرو تم
ہلیگا عرش خدا کا پایہ ذرا تو خوفِ خدا کرو تم

زمانہ الٹا ہی کیا کرو تم بدا جو ہی وہ ادا کرو تم
وفا کرین ہم جفا کرو تم دعا کرین ہم دغا کرو تم

ہمین نے پہلے گلا کٹایا ہمین نے قاتل تمہین بنایا
ہمین نے یہ رنگ سب جمایا ہمارے حق مین دعا کرو تم

ابھی کفن مردے پھاڑ ڈالین ابھی مزارون سے سر نکالین
ابھی جو محشر کی چل کے چالین ذرا قیامت بپا کرو تم

تباہ ہوگا اسی مین باہم رہے ہے یہ دونون طرف کا عالم
کرین تکلف نہ تم سے کچھ ہم نہ ہم سے شرم و حیا کرو تم

چلو بہت ہو چکی رکاوٹ کہانکا پردہ اٹھاؤ گھونگھٹ
لپٹ بھی جاؤ گلے سے جھٹ پٹ بہت نہ غمزے کیا کرو تم

بہت نہ بہکے ہوے رہو تم پھنسے ہو اب جو تو پھر سہو تم
جو بوسہ لے لون تو کیا کہو تم گلے لگا لون تو کیا کرو تم

بجا ہی بجا مرا گلا تھا تمہارا اس مین قصور کیا تھا
یہی مری تقدیر مین لکھا کہ مجھپہ جور و جفا کرو تم

تباؤ اے قدر کیا کہا تھا یہی نتیجہ ہے عاشقی کا
غریب و بیکس ذلیل و رسوا خراب و خستہ پھرا کرو تم

غزل ۱۰۵

آج ہم نے لب جانان دیکھا	ایٔ خضر چشمۂ حیوان دیکھا

بہلے گر مر گئے ہم خوب ہوا — نہ غمِ رحلتِ یاران دیکھا
کی نگہ چشمِ فنا سے جب دم — اپنے گھر آپ کو مہمان دیکھا
بادشاہی کی تمنا نہ رہی — جب سوے گورِ غریبان دیکھا
تجھ سے اے صبحِ وطن ہو کے جدا — صد نہ شامِ غریبان دیکھا
گر پڑی برق جو ہم تڑپے وزیر — رو دئے تو ابر کو گریان دیکھا

غزل ۱۰۶

ایک دن بولے کہ تم سے ہے مجھے انکار کب — پھر تو موقع پا کے مین نے بھی کہا اے یار کب
یہ در پڑے بھی کہین رکتے ہین بے روکے ہوے — اشک تھمتے ہین بھلا اے یار بے دیدار کب
یار ہو یا حور ہو نزدیک ہو یا دور ہو — بند رہتے ہین کسی پر طالبِ دیدار کب
خلق مین یا قبر مین یا حشر مین یا خلد مین — سچ کہو یارون کو دکھلاؤ گے تم دیدار کب
آسمان ٹلجاے پہ ہرگز نہین ٹلنے کا قدر — ڈٹ گیا ڈیوڑھی پہ اب اٹھتا ہے میرا یار کب

غزل ۱۰۷

جا سیئے کیا کوچۂ دلدار مین — ایک بھی روزن نہین دیوار مین
کیا عجب ہو آئنہ سنگِ مزار — مر گئے گر حسرتِ دیدار مین
ایک ہی نظارے مین مارا ہمین — گر پڑے ہم ایک ہی تلوار مین
مجھ کو جو زاہد ملے اسے برہمن — باندھ دون سبحہ تری زنار مین
صاف ہین احباب کے دل قدر سے — رہتا ہے وہ آئنہ بازار مین

غزل ۱۰۸

عشقِ شیرین مین گلین اس خستہ تن کی ہڈیان — چیونٹیون نے کھائین ہونگی کوہ کن کی ہڈیان
ہاے یہ فصلِ بہاری اور یہ کنجِ قفس — سوکھ کر کانٹا ہوئین بلبل کے تن کی ہڈیان
کیا عجب تاثیر دکھلائے اگر بادِ مراد — صورتِ نے بول اٹھین اہلِ سخن کی ہڈیان

رنج دے دے کر خدا کافر کو بھی دیتا ہے عیش — جل کے گنگا دیکھتی ہیں برہمن کی ہڈیاں
بعد مرنے کے ہوا اسے قدر یہ بار گناہ — ہو گئیں تابوت میں لاکھوں ہی سن کی ہڈیاں

غزل ۱۰۹

لپٹ گئے مرے سینہ سے مہربانی کی — یہ سب اُمنگ تھی اُٹھتی ہوئی جوانی کی
نہ رحم آیا اُسے میرے حال پر ہرگز — اگرچہ بارہا تقریر بھی زبانی کی
نہ منہ کی کھائی نہ لی ہم نے لن ترانی کی + — کسی سے ہم کبھی بچھڑے نہ پہلوانی کی
ہمارے یار کا تیزاب میں بجھا خنجر — رکا نہ حلق پہ کیا بات اُسکے پانی کی
میں کیا کہوں کہ دہن کو ضرور دیکھونگا — صدا ابھی غیب سے آئی تو لن ترانی کی

غزل ۱۱۰

شادی و جشن سزاوار مبارک ہوئے — آج شہزادے کا دیدار مبارک ہوئے
صد وہی سال سلامت رہے با امن و امان — حسن کی گرمی بازار مبارک ہوئے
وہ بھی دن آئے جو سہرا بندھے سر پر اُسکے — سب خوشی سے کہیں ہر بار مبارک ہوئے
بعد شادی کے خدا دے کوئی فرزند رشید — ہم کہیں آکے یہ ولدار مبارک ہوئے
خار کھاتے رہیں کمبخت جو دشمن ہوں سرور — دوستوں کو گل گلزار مبارک ہوئے

غزل ۱۱۱

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی — تلافی کی ارے ظالم تو کیا کی
لگی ٹھوکر جو پائے دلربا کی — مہینوں تک مری تربت ہلا کی
صبا نے اسکے کوچے سے اُڑا کے — خدا جانے ہماری خاک کیا کی
وہ سوتے بے حجابانہ رہے رات — نگاہ شوق کام اپنا کیا کی
وصال یار سے دونا ہوا عشق — مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی
ابھی اس راہ سے کوئی گیا ہے — کہے دیتی ہے شوخی نقش پا کی

کہا اس بت سے اب مرتا ہے مومن — کہا میں کیا کروں مرضی خدا کی

غزل ۱۱۲

ایسے گل کھائے بدن پر کہ چمن بھول گئے — وحشت دل کا بھلا ہو کہ وطن بھول گئے

داغ دل دیکھ کے ہم سیر چمن بھول گئے — فرط وحشت سے بیابان میں تن بھول گئے

دیکھتے ہی رخ دلدار کا جلوہ ناصح — عقل و ہوش و خرد و حرفت و فن بھول گئے

یاد ہیں تجھکو جو تھے ہمسے کیے قول و قرار — یا کہ وعدے وہ سبھی عہد شکن بھول گئے

جلوہ فرما جو ہوا دیر میں وہ بت بخدا — بت پرستوں کو اسے دیکھ برہمن بھول گئے

دیکھ کر اسکے لب لعل کی لالی دل سے — لعل و یاقوت بدخشاں و یمن بھول گئے

گو مصیبت و درد جدائی کے سہے تھے کتنے — اسکے آتے ہی مگر رنج و محن بھول گئے

غزل ۱۱۳

بلبل سے فزوں تر ہے تمنائے مدینہ — کیا غیرت گلزار ہے صحرائے مدینہ

دکھلا دے مدینہ مجھے مولائے مدینہ — مرجاؤنگا کہہ کے یہی ہائے مدینہ

ای لطف کرے لطف جو مولائے مدینہ — ہم دور نہ کچھ دور ہے ای وای مدینہ

معمور تجلی ہے ہر اک کوچہ و بازار — موسی کو دکھائینگے تماشائے مدینہ

آ ہوئے حرم ہے نظر حور سے خوش چشم — کیا غیرت فردوس ہے صحرائے مدینہ

نے خواہش فردوس نہ پروای ارم ہے — سو جان سے ہوں میں بلبل شیدائے مدینہ

کیا گلشن ایجاد ہے دیکھوں جو سوے خلد — ہاتھ آئے اگر دامن صحرائے مدینہ

ای لطف یہ خواہش یہ تمنا یہ ہوس ہے — لیجاؤں نہ دنیا سے تمنائے مدینہ

غزل ۱۱۴

اے فلک چل مدینہ کو خدا کے واسطے — دل تڑپتا ہے حبیب کبریا کے واسطے

لائے یہ بندہ کہاں سے حق تعالی کی زبان — احمد مرسل ترے وصف و ثنا کیواسطے

باغ مین جا کر پڑھا جب سوچ احمدؐ پر درود
کھل گئے غنچون کے منھ صلِّ علیٰ کے واسطے

بارگاہِ احمدِ مرسل ہی وہ دار الشفا
آئینگے عیسیٰ جہان اپنی دوا کے واسطے

سُن لیا ہی جبسے تم کو رحمۃ للعالمین
کس قدر بیباک ہین عاصی خطا کے واسطے

میم احمدؐ کے نکرنا راز کو افشا کہین
بند کرا ہی لطف منھ اپنا خدا کے واسطے

غزل ۱۱۵

بھروسا ہی مجھے بخشش کا حضرت کی شفاعت پر
نہ توبہ پر نہ تقوے پر نہ محنت پر نہ طاعت پر

ہوا ہی جب سے دل مائل گُلِ رخسار حضرت پر
شرف رکھتا ہی ہر داغِ جگر گلہائے جنت پر

حصول مقصد کونین عشقِ ذات عالی ہے
محبت کو محبت کیون نہ آئے اس محبت پر

جگر ہی اُس کی یادِ مصحفِ عارض مین سیپارہ
نزولِ آیت رحمت ہی جسکی پاک صورت پر

نبیؐ کے ہجر کا غم عیش و عشرت سے زیادہ ہی
ہزارون وصل یان قربان ہین اک ساعت کی فرقت پر

مدینہ کی گدائی بادشاہی سے زیادہ ہے
چلو اہی لطف یانسے خاک ڈالو اُس ریاست پر

غزل ۱۱۶

کوئی اُس کو اِدھر لایا تو ہوتا
ہمارا حال دِکھلایا تو ہوتا

تو قاصد کچھ نہ اُس سے کہہ سکا ہائے
مرا پیغام پہونچایا تو ہوتا

دلِ زخمی کے پھر ٹانکے گئے ٹوٹ
یہ سنکر یار گھبرایا تو ہوتا

وہ رشکِ حوریان کس طرح آتا
قصور اپنا مین بخشایا تو ہوتا

تراپ اس بن نہین دل کو تسکین
کسی صورت سے بہلایا تو ہوتا

غزل ۱۱۷

دلِ ناداں مجھے بہکا رہا ہی
فسون عشق کچھ سکھلا رہا ہی

کیا شاید کسی نے یاد مجھکو
کہ یہ دل اس طرح گھبرا رہا ہی

جو آنا ہو تو جلد آؤ مسیحا
لبون پر دم ہمارے آ رہا ہی

بلا دیکھین یہ کس کے سر پہ آئے — وہ زلفین شام سے سلجھا رہا ہی
مین تیری تیغ کا دم بھر رہا ہون — ارے قاتل تو کیا دھمکا رہا ہی

غزل ۱۱۸

خبر لے اے مسیحا تو کہان ہی — تیرا بیمار بسمل نیم جان ہی
کبھی سنتا نہین فریاد بلبل — عجب بیدرد یارو باغبان ہی
نہین ملتا ہمین اُس کا ٹھکانا — خدا جانے وہ ہرجائی کہان ہی
اگرچہ غلبۂ الفت ہی از حد — ملین کیونکر عدو سارا جہان ہی
لیے پھرتی ہی بلبل چونچ مین گل — شہید ناز کی تربت کہان ہی

غزل ۱۱۹

آفتاب روز محشر جلوہ گر ہونے لگا — وصل کی شب ہو چکی رخصت قمر ہونے لگا
شام سے مردہ پڑا تھا رشک مسیحا نعرہ — قم باذنی جب کہا وقت سحر ہونے لگا
بار صندل سے عرق آیا جبین یار پر — بوئے مشک عنبرین سے دردِ سر ہونے لگا
ایک دو دم ہین مسیحا اب دم آخر تو آ — جانب ملک عدم دم کا سفر ہونے لگا
پاس رہتا تھا شہیدی کچھ تو دلکو تھا لگا — اب جدائی سے محبت کا اثر ہونے لگا

غزل ۱۲۰

وہ محفل مین تشریف لائے ہوئے ہین — وہ دیوانہ سب کو بنائے ہوئے ہین
زمانہ ہی مشتاق دیدار جن کا — وہ نظروں مین میری سمائے ہوئے ہین
دل و دین گئے دونون ہمراہ جن کے — وہ اپنے سے بیتاب پائے ہوئے ہین
بجز دیکھے دل کو نہین چین میرے — کرین کیا کہ تیرے ستائے ہوئے ہین
نہین زخم دل ہونگے اپنے یہ اچھے — کہ تیر نگہ کے دکھائے ہوئے ہین

غزل ۱۲۱

کیا ملا تیری آشنائی مین — عمر آخر ہوئی جدائی مین
راہ و رسمِ وفا وہ کیا جانے — منتخب ہو جو بیوفائی مین
کج خرامی روش ہی خوبون کی — خوشنمائی ہی کج ادائی مین
خار و خس چومتے ہین اُسکے قدم — خوش ہی مجنون برہنہ پائی مین
بے طرح رُخ پہ عکسِ زلف پڑا — تیرگی چھائی روشنائی مین
شاہ ہوتے ہین پابوس گدا — ہی عجب سلطنت گدائی مین
ناحق اُس بت کی دوستی مین تراب — لگ گیا داغ پارسائی مین

غزل ۱۲۲

بہار آئی ہی بھر دے بادۂ گلگون سے پیمانہ — رہے لاکھون برس آباد ساقی تیرا میخانہ
اُسی رشکِ پری پر جان دیتا ہون مین دیوانہ — ادا جس کی ہی بانکی ترچھی چتون چال مستانہ
نجھے کیونکر ہے سادہ اُس پری پیکر کے یارانہ — وہ بے پروا مین سودائی وہ سنگین دل مین دیوانہ
مجھے آنا ملے کیونکر تری محفل مین جانا نہ — مری صورت فقیرانہ ترا دربار شاہانہ
غزالِ دشت بولے دیکھکر مجنون کی میت کو — یہ وحشی مرگیا بس ہو چکا آباد ویرانہ
ہمارے اور تمھارے عشق کا چرچا ہی شہر وین — کوئی سنتا نہین اب لیلی و مجنون کا افسانہ
گذر یارب گلستان مین ہوا ہی کس شرابی کا — کہ شاخین جھومتی ہین نالۂ بلبل مستانہ
ظفر وہ زاہدِ بیدرد کی ہو حق سے بہتر ہی — کرے گر رند درد دل سے یا ہو ہو مستانہ

غزل ۱۲۳

جدائی آپ کو منظور تھی ہم سے اگر پہلے — کیئے تھے قول اور اقرار کیا جان کر پہلے
بڑے ہی بیمروت ہین یہ سب معشوق دنیا کے — اُٹھاتے کیون مصیبت جانتے یہ ہم اگر پہلے
وہی غصہ کی باتین ہین وہی قضیہ لڑائی ہی — وہی جھگڑا بکھیڑا ہی جو تھا آٹھون پہر پہلے
مری جان تم ہی سے پہلے پہل دل کو لگایا ہے — کبھی چاہا نہین ہم نے کسی کو عمر بھر پہلے

لیا گر نام جانے کا تو میری جان جائیگی
سفر کرنے سے صاحب کے مرا ہوگا سفر پہلے

گنواتے جان کیون اپنی لگاتے کسلیے دل کو
تمھاری بیوفائی کی اگر ہوتی خبر پہلے

غزل ۱۲۴

نگاہ قہر ہم پر آج بے تقصیر پھرتی ہے
کسی کا بس نہین چلتا ہے جب تقدیر پھرتی ہے

نہین تیرا قصور اس مین یہ سب ہے کھیل قسمت کا
پلٹتی ہیگی جب قسمت نہین تدبیر پھرتی ہے

نہایت ہے خیال اے جان تمھاری بیقراری کا
مری آنکھون مین اے ظالم تری تصویر پھرتی ہے

ترا وہ چاند سا مکھڑا مری آنکھون مین چھایا ہے
تری صورت کو اے جان ڈھونڈھتی تصویر پھرتی ہے

تڑپتا ہے رفیع الدین ترے اے جان تصور مین
مرے حلقوم و گردن پر تری شمشیر پھرتی ہے

غزل ۱۲۵

اے رشک پری دل کا جلانا نہین اچھا
ہم خاک نشینون کا ستانا نہین اچھا

شب خون نہ کرتے ہین مین ڈرتا ہون حریف
عاشق کو صنم اپنے رلانا نہین اچھا

دکھلاکے مجھے ماہ لقا چاند سا چہرہ
اس وقت مرے پاس سے جانا نہین اچھا

اغیار کی صحبت سے حذر چاہیے ظالم
یہ لوگ برے ہین یہ زمانا نہین اچھا

موتس کی گلستان مین ابھی آنکھ لگی ہے
بلبل یہ ترا شور مچانا نہین اچھا

غزل ۱۲۶

تلاش یار مین ہے رہنا دل
لیے پھرتا ہے مجھکو جا بجا دل

نہوتا زلف پر گر یہ فدا دل
تو کیون ہوتا بلا مین مبتلا دل

اسی کے ہجر مین روتا ہون دن رات
کہ جس نے ہنستے ہنستے لے لیا دل

تجھے ہیگی قیامت تک محبت
مبارک ہو تجھین صاحب مرا دل

نہوتا واسطی یہ سوز غم مین
جو ہوتا میرے پہلو مین مرا دل

غزل ۱۲۷

کوئی کب یاد کرتا ہی کسی کی
محبت چارون ہی جیتے جی کی

نہ آئین گے تو کیا مرنے نہ دینگے
مصیبت اور ہی اک دو گھڑی کی

شب فرقت مین مر مر کر بچی جان
نئے سر سے خدا نے زندگی کی

یہ سب ہی ہاۓ قسمت کی خرابی
نکلنے پائی کچھ حسرت نہ جی کی

چلو سب مل کے اُن کو دیکھ آئین
بری حالت ہی اس دم واسطی کی

غزل ۱۲۸

گلہ کیون ہجر مین اُس کا نہ کرتا
مثل سچ ہی کہ مرتا کیا نہ کرتا

زمین مین تا ثریا ملکون مین پھرتا
نہ ملتے تم تو مین کیا کیا نہ کرتا

جو ہوتین قابل دیدار آنکھین
کبھی عاشق سے وہ پردا نہ کرتا

اُٹھاتا بار الفت کون سر پر
اگر مجھکو خدا پیدا نہ کرتا

نہ ہوتا واسطی گر عشق پنہان
تو دل سینہ مین یون دھڑکا نہ کرتا

غزل ۱۲۹

پڑے ہو کیون قدر منہ لپیٹے ذرا بتاؤ تو حال دل کا
نہ منہ سے بولو نہ سر سے کھیلو کٹے گا کیونکر ملال دل کا

نہ تیغ ابرو کا ہم کو ڈر ہی نہ تیر مژگان کا کچھ خطر ہے
ہمیشہ سینہ یہان سپر ہی تو حوصلہ کچھ نکال دل کا

مین اُن سے گستاخ ہونگا جس دم تو پہلے مانگونگا لب کا بوسہ
وہ مجھسے بے شرم ہونگے جس دم تو پہلے ہوگا سوال دل کا

وہ زلف پیچان سے اُڑ چلا تھا تڑپ تڑپ کر پھڑک پھڑک کر
یہ دام چارون طرف سے لپٹا کہ پھنس گیا بال بال دل کا

ہی دل کو تیرا خیال ہر دم تجھے بھی آتی ہی یاد اُس کی

ہو اُس کو ہر وقت یاد تیری تجھے بھی کچھ ہی خیال دل کا
تمھاری زلفیں لٹک رہی ہیں جوان ہیں ہوتا تو گر نہ پڑتا
تم اپنا جوڑا تو کھول ڈالو اسی میں ہی احتمال دل کا
پھرے ہیں وہ ہم سے خیر پھر ہم اُنسے اے قدر ہیں مکدر
نہیں جہان میں نہ قحط دلبر انھیں نہ دنیا میں کال دل کا

غزل ۱۳۰

شب ہجران کی طولانی نہ پوچھو — جو گذری ہے مرے جانی نہ پوچھو
حقیقت کیا بتاؤں چشم نم کی — ہوا جاتا ہے دل پانی نہ پوچھو
نکلنے ہی نہیں پاتے ہیں گھر سے — عزیزوں کی نگہبانی نہ پوچھو
بچایا لاکھ پر پھنس ہی گیا دل — دل ناداں کی نادانی نہ پوچھو
برب کعبہ ممتاز حزیں سے — کوئی حال پریشانی نہ پوچھو

غزل ۱۳۱

روٹھے ہیں ہم سے آج انھیں ہم منائینگے — کر کر کے منتیں انھیں گھر لے کے آئینگے
شکر خدا جنازے پہ میرے وہ آئیں گے — اِس آبرو سے خاک میں ہم کو ملائینگے
نالے ہمارے یوہیں اگر سر اُٹھائیں گے — سُن لینا تم کہ عرش معلےٰ ہلائینگے
جس دن ہمارے منھ سے وہ منھ کو ملائینگے — کیا کیا نہ پھر رقیب یہ سب منھ کی کھائینگے
ہم سے خدانخواستہ وہ گر جدا ہوے — پھر کس طرح فراق کے صدمے اُٹھائینگے
اے دل ہوں میں بھی تنگ ترے ہاتھ سے بہت — اچھا کریں گے تجھ کو اگر وہ جلائینگے
پہلو میں ہو رقیب کے وہ گلبدن اگر — کیونکر نہ اُس کو دیکھ کے ہم خار کھائینگے
دیکھا ہے ہم نے چاہ ذقن رات خواب میں — تعبیر یہ ہے ہم کو کنویں وہ جھنکائینگے
گو آنکھ اُن کی پھر گئی اپنا بھی دل پھسا — اب پل کے اور سے نیا فتنہ جگائینگے

زلفون کی طرح پیچ مین لائین گے ہم کو بھی
یوہین بگڑ بگڑ کے اگر وہ بنائین گے

یہ خوف ہی کہ ہوئے نہ عالم سیاہ آج
زیر نقاب اپنا وہ چہرہ چھپائین گے

اُس گلبدن کے پھولون کا زیور پہننے سے
یہ گُل نیا کوئی نیا گُل کھلائین گے

دن رات جب رقیبون مین صحبت ہی آپ کی
کاہیکو آپ ہم کو بھلا پھر بلائین گے

اخگر انھین تو شوق ہی دل کے جلانے کا
کاہیکو میرے حال پہ وہ رحم کھائین گے

غزل ۱۳۲

دیا ربتہ خدا نے کسکو یون جیون کو سے جانا نکو
جنان کو جنت الماوی کو کعبہ کو گلستان کو

جو آیا بام پر وہ گل تو گردون پر ہوئی حیرت
قمر کو مشتری کو زہرہ کو مریخ و کیوان کو

مری اس تو گرفتاری سے ہر اک کو شکایت ہی
رسن کو طوق کو زنجیر کو زندان کو دربان کو

ملا کر خاک مین سب کو ترے کوچے مین آ بیٹھے
حیا کو آبرو کو دین کو دُنیا کو ایمان کو

لیا تیری ادا نے لوٹ ہر شہر و ولایت کو
حلب کو روم کو ری کو ختن کو چین کنعان کو

نچھوڑا قتل سے تو نے کسی مذہب کو اے قاتل
یہودی کو نصاریٰ کو برہمن کو مسلمان کو

سمجھتے کم ہین بہتے ہین ہم اپنی چشم گریان سے
سمندر کو جیحون کو نیل کو جیحون کو عمان کو

شب وصل صنم مین یاد کر کس کسکو روتا ہون
جبین کو رخ کو عارض کو دہن کو او زنخدان کو

ترے رخسار و قد کے کب برابر ہم سمجھتے ہین
صنوبر کو سمن کو سرو کو لالہ کو ریحان کو

مرے اس درد دل نے کر دیا شرمندہ حکمت سے
ارسطو کو فلاطون کو لقمان اور لقمان کو

غزل ۱۳۳

صنما برب کریم یان ترے ہین ہر ایک یہ مبتلا
کہ اگر الست بربکم تو ابھی کہے تو کہین بلیٰ

ہوس جمال حبیب ہو تجھے کچھ دلا تو کلیم وش
سنو لن ترانی ادھر کی سن ارنی ہی کہکے جی چلا

وہ جو محو وشت نظارہ ہین یہی آہ بھر کے کہین ہین مو
کہ تری تجلی نور نے ہین مثل طور رو یا جلا

یہ جو کہتے کعبہ مین ہی فقط سو غلط ہی محض اسی نمط
جدھر آنکھ اٹھا کے نظر کرون نظر آوے مجھکو وہ برملا

تجھ انشا اور تکیا کہون وجہان مین کوئی بھی فرق ہی | جو خدا کے نور سے پر نہو کر محال دہر مین ہی خلا

غزل ۱۳۴

دل تڑپتا ہی صبح و شام پڑا | یا الٰہی یہ کس سے کام پڑا
گو نہ لیوے تو نام عاشق کا | اب تو منھ مین یہ سب کے نام پڑا
جان سے ہوگا یہ بدن خالی | جسم رہ جائے گا تمام پڑا
قابل بندگی نہین تو نہین | کب گلے آکے یہ غلام پڑا
یار ایسا نہ پاویگا قدوی | دیکھ لینا اگر اس کو کام پڑا

غزل ۱۳۵

دل گرفتار کیا کس نے کیا یار کیا | اب مجھے بیمار کیا کس نے کیا یار کیا
ہم جو رہتے تھے سدا گوشۂ تنہائی مین | سر بازار کیا کس نے کیا یار کیا
آپ کثرت مین گیا گوشۂ وحدت سے نکل | عشق اظہار کیا کس نے کیا یار کیا
کسنے آگ مین ڈالا تھا خلیل اللہ کو | نار گلزار کیا کس نے کیا یار کیا
کون منصور تھا وہ جسنے انا الحق بولا | بر سر دار کیا کس نے کیا یار کیا

غزل ۱۳۶

قد ترا سرو روان تھا نہ مجھے معلوم تھا | گلشن دل مین عیان تھا نہ مجھے معلوم تھا
دھوپ مین غم کی عبث جی کو جلایا افسوس | پیو کے سایہ مین امان تھا نہ مجھے معلوم تھا
خاک تیرے قدم پاک کی ای ماہ جبین | سرمۂ دیدۂ جان تھا نہ مجھے معلوم تھا
شب ہجرت کے اندھیرے سے تنگ آیا تھا | رخ ترا نور فشان تھا نہ مجھے معلوم تھا
یار نے ابروے مژگان سے مجھے صید کیا | اس کنے تیر و کمان تھا نہ مجھے معلوم تھا
سب جگہ ڈھونڈھ پھرا اسکو نہ پایا ہرگز | دل کے گوشہ مین مکان تھا نہ مجھے معلوم تھا
مین نے سمجھا تھا کہ اس یار کا ہی نام و نشان | وہ تو بے نام و نشان تھا نہ مجھے معلوم تھا

دل بیدل نے کہا تھا سو ہوا آج تمام
کیا بلا سیف زبان تھا نہ مجھے معلوم تھا

غزل ۱۳۷

عشق کا سا کبھی آزار نہ دیکھا نہ سنا
اِس سے بچتا کوئی بیمار نہ دیکھا نہ سنا

تجھے جس بزم مین زنہار نہ دیکھا نہ سنا
ناچ اور راگ وہان یار نہ دیکھا نہ سنا

ہمدمون مین نے کبھی ردِ کلامِ واعظ
اُسکے جز مصحفِ رخسار نہ دیکھا نہ سنا

عشق کی راہ مین نقش قدم و شور جرس
کاہ ہنسنے دمِ رفتار نہ دیکھا نہ سنا

چشم وا رہتی ہین اور گوش بآوازِ قدم
عاشقون کو کبھی بیکار نہ دیکھا نہ سنا

غزل ۱۳۸

آکے سجادہ نشین قیس ہوا میرے بعد
نہ رہی دشت مین خالی کوئی جا میرے بعد

کیا عجب ہی جو اُٹھے مرقدِ لیلی سے صدا
میرے مجنون ترا کیا حال ہوا میرے بعد

تیز رکھیو سرِ ہر خار کو اے دشت جنون
شاید آجاوے کوئی آبلہ پا میرے بعد

وہ ہوا خواہ چمن ہون کہ چمن مین ہر صبح
پہلے مین جاتا ہون اور باد صبا میرے بعد

منھ پہ رکھ دامن گل روینگے مرغانِ چمن
ہر روش خاک اُڑائیگی صبا میرے بعد

اس لیے کرتا ہون مین چاک کفن کو اپنے
کون کھولیگا مرے بند قبا میرے بعد

جیتے جی قدر بشر کی نہین ہوتی پیارے
یاد آویگی تجھے میری وفا میرے بعد

لاش مجھ کشتۂ کاکل کی کوئی لٹکا دو
تا نہووے کوئی محبوس بلا میرے بعد

جاکے کہدیوے کوئی خان کی زبانی اتنی
اب نہین آتے ہو پھر آؤ گے کیا میرے بعد

غزل ۱۳۹

جیتے جی جاؤن مین کیونکر کوے جانان چھوڑ کر
بلبل نالان کہان جاۓ گلستان چھوڑ کر

کاوش غم دور ہو میرے دل ویران سے کیا
خار آگے ہین کہین صحرا کا دامان چھوڑ کر

وصل جانان کس کی قسمت مین ہمیشہ ہی دلا
جاتی ہی اک روز آخر جسم کو جان چھوڑ کر

ہو آلہی وصل جنت مین بھی مجھ کو یار کا ❊
کب وہ انسان ہی جو مانگے حور انسان چھوڑکر

سر شکتی پھرتی ہین ارواح سنگ و خشت سے
چل بسے ہین جسم کیا کیا قصر و ایوان چھوڑکر

زاہدا کیونکر کرون مین ترک یہ دنیا ہی وہ
سیر کو آئے تھے آدم باغ رضوان چھوڑکر

کوے قاتل کو چلے وحشت مین یون صحرا ہم
بھاگتے ہین جس طرح سے شیر میدان چھوڑکر

مرگیا کیا ناسخ میکش جو سارے مے فروش
مسجدون مین بیٹھے اپنی اپنی دوکان چھوڑکر

غزل ۱۴۰

وہ جو زندگی مین نصیب تھا وہی بعد مرگ رہا قلق
یہ قلق ہی کیسا کہ ہی ستم گئی جان پر نہ گیا قلق

کسی کے خرام کی یاد مین تہ خاک بھی یہ رہا قلق
کہ زمین کو زلزلہ آئے ہی جو الٹا دے مجھکو ذرا قلق

برہم ہی حالت جان کی غرض اب تو جان پر آبنی ❊
یہ عذاب مرگ ہی یا طپش یا خدا کا قہر ہی یا قلق

یہ کہان کی جی کو بلا لگی مری ہائے کیونکہ ہو زندگی
کوئی کیا جیے جو ہو ایک سا شب و روز صبح و مسا قلق

نہین چاہ میری اگر انھین نہین راہ دل مین تو کسلیے
مجھے روتے دیکھ کے رو دیے مرا حال سنکے ہوا قلق

غم ہجر یار کے ہاتھ سے شب و روز ہون مین عذاب مین
ہی ہمیشہ ایک نئی طپش ہی مدام ایک نیا قلق

کہا جان بلب ہون جو آئے تو میری زندگی ہو تو یہ کہا
ترے جینے کی مجھے کیا خوشی ترے مرنے کا مجھے کیا قلق

غزل ۱۴۱

کوئی اس دام محبت مین گرفتار رہو / ای خدا یہ کسی بندے کو تو آزار رہو

سیر تو ایک طرف لاکھ غنیمت کہ یہان / سانس لینے مین کوئی شخص گنہگار رہو

نالۂ مرغ چمن نے اسے بیتاب کیا / مجھے ڈر ہے کہ خفا مجھسے وہ دلدار رہو

آج ہی دھوم اسیران قفس آتے ہین / جا کے دیکھو تو کوئی تازہ گرفتار رہو

بخت بیدار اگر خواب مین مجھکو پائے / تو وہ پھرتا بہ قیامت کبھی بیدار رہو

غزل ۱۴۲

ڈرتا ہون خدا مجھسے وہ دلدار رہو جائے / یہ زندگی میری کہین دشوار رہو جائے

دفنائیو ہرگز نہ مری لاش کو یارو / جب تک کہ جنازے پہ مرا یار رہو جائے

ساقی تو اسی جان کے مست کیجیو مدہوش / ایسا تو نشا پلی کہین سرشار رہو جائے

ڈرتا ہون تری شوخ شرارت سے پری رو / ایسا نہ کہین تو سر بازار رہو جائے

ای موج تجھے خوف نہین کیا دل وحشی / الفت مین کسی بت کی گرفتار رہو جائے

غزل ۱۴۳

عشق ہے دام بلا زلف پریشان مدعے / راہ بھولا ہے یہ دل خضر بیابان مدعے

ہجر مین یار کے پھرنا ہے مجھے کوہ و دشت / پا برہنہ ہے مرا خار مغیلان مدعے

تیغ ابرو نے تری مجھکو کیا ہے گھائل / نیم بسمل نہ رہون خنجر مژگان مدعے

سرخ چہرے پہ جو کھاپان وہ آیا قاتل / خون کرنے کو مرے خاک شہیدان مدعے

جوش دیوانگی ہے مجھ پہ سراپا فانی / ہاتھ کٹنے مین نہین چاک گریبان مدعے

غزل ۱۴۴

بتا دین ہم تمہارے عارض و کاکل کو کیا سمجھے / اسے تو سانپ سمجھے اور اسے من سانپ کا سمجھے

یہ کیا تشبیہ بیہودہ ہے کیون موذی سے نسبت دین / سمن عارض کو اور کاکل کو سنبل کی جٹا سمجھے

نباتات زمین سے اس کو کیا نسبت معاذ اللہ / ہما عارض کو اور کاکل کو ہم کالی بلا سمجھے

غلط ہی ہو گئی تشبیہ یہی ایک طائر سے
اسے برق اور اُسے ساون کی ہم کالی گھٹا سمجھے

گھٹا اور برق کیا ہی کیون گھٹا کو اسکو نسبت دین
اسے ظلمات اس کو چشمۂ آب بقا سمجھے

جو کہیے یہ فقط مقصود تھی حضرتِ سکندر کی
ید بیضا اسے اور اُس کو موسیٰ کا عصا سمجھے

جو اِس تشبیہ سے بھی داغ ان دونون پہ آتا ہے
اسے قندیل کعبہ اُس کو کعبہ کی ردا سمجھے

جو یہ تشبیہ پسندِ خاطرِ والا نہو تو پھر
اسے وقتِ نمازِ صبح اور اسکو عشا سمجھے

حقیر ان ساری تشبیہون کو رد کر کے یہ کہتا ہی
سویدا اس کو سمجھے اور اُسے نورِ خدا سمجھے

غزل ۱۴۵

یہی کہتی تھی لیلی پردہ نشین نہین کھاتی ادب سے خدا کی قسم
غم قیس سوا مجھے کچھ نہین غم اُسی کشتۂ ناز و ادا کی قسم

ترکا پایا جو لیلی نے مجنون کا جی کہا کیون ہو خفا مرے سرو سہی
کہ نہین نے کسی سنگ بات بھی کی مجھے میری ہی شرم و حیا کی قسم

مرے گریہ سے جاتے ہی صبر و سکون مرے اشکون سے ٹپکے ہی قطرۂ خون
ارے چین نہین مجھے پیارے کبھون مجھے اِس تری مہر و وفا کی قسم

شب ہجر مین اشکون کا خون بہا اُسے دیکھ کے رنگ شفق کا اُڑا
نہین اِس مین مبالغہ ایک ذرا مجھے تیرے ہی رنگِ حنا کی قسم

ترے کشتۂ غم کا ہی حال تبہ ہی کبھو جو جاتا ہو تیرا اُدھر
مجھے قاصدِ صبح نسیم سحر شب ہجر کی میری بکا کی قسم

کبھی کہتا تھا قیس غزالون سے جا کہو ناقہ اِدھر سے کدھر کو گیا
کبھی کہتا تھا تو ہی بتا دے صبا تجھے لیلی کی زلف دوتا کی قسم

کبھی ساغر وصل نہ مین نے پیا کبھی چاک جگر کو نہ مین نے سیا
غم و رنج و تعب کو عزیز کیا مجھے عشق کے جور و جفا کی قسم

نہ تو پائی ہوس کبھی پھولوں کی بو نہ تو بیٹھا ہوں من کبھی بر لب جو
نہ تو بے کلی دل کی گئی ہی کبھو مجھے پیار سے کی اپنے وفا کی قسم

غزل ۱۴۶

مزا وصال صنم کا اُٹھائیگا پھر کیا
ڈرا جو ہجر سے وہ دل لگائیگا پھر کیا

کسیکی زلف کی جانب جو کھینچ رہا ہی دل
بلا سے تازہ مرے سر بلا سے گا پھر کیا

الٰہی خیر ہو کیوں جوش پر ہی دیدۂ تر
کسیکے عشق کا طوفان اُٹھائے گا پھر کیا

بتوں کے کوچہ سے بہر خدا اُٹھل ای دل
یہاں جو بیٹھا ہی صدمے اُٹھائیگا پھر کیا

ازل سے یاں خط قسمت کی جا ہی نقش قدم
مٹے ہوئے کو مقدر مٹائے گا پھر کیا

وہ دم حسینوں کا بھرتا ہی ہو چکی مری زیست
جو خود مرے گا کسی کو جلائیگا پھر کیا

دکھایا زیست میں جینے نہ منہ اما نت کو
پس وصال وہ تربت پہ آئیگا پھر کیا

غزل ۱۴۷

یہی دل کو قلق رہا زیر زمین نہ ہوے یہ بھی رنج والم سے چھٹے
جنہیں چھوڑتے تھے الم نہ کبھی تا حشر غضب ہی وہ ہم سے چھٹے

کرے پیچ ہزار طرح کے بشر یہ نہ دل خم زلف صنم سے چھٹے
چھٹ جائے جو ایسی بلا سے کوئی تو خدا ہی کے فضل و کرم سے چھٹے

ہو کیوں نہ ہمیں مرنے کی خوشی کہ لحد میں فراق کے غم سے چھٹے
آفت سے چھٹے ایذا سے چھٹے ہر وقت کے رنج والم سے چھٹے

صیاد کے حب پھندے میں پھنسے مرنے کا بہانا ہم نے کیا
ہمدم یہ پھڑکنے کی ہی جگہ ہم دام میں اگر دم سے چھٹے

صحبت میں تن وجان کی اے دل دنیا کے مزے سب حاصل تھے
کیا تفرقہ ڈالا اجل نے ہم دم ہم سے چھٹا ہم دم سے چھٹے

ہر طرح امانتؔ مشکل ہے کوئی نہیں شکل رہائی کی ++
ہستی کے وہ دام میں آکے پھنسے جو لوگ کہ قید عدم سے چھٹے

غزل ۱۴۸

زلف میں پھنسکے نہ مرغ دل مضطر چھوٹے
کس طرح بال کے پھندے سے کبوتر چھوٹے

جان مضطر کو بن اس سرو کے کیونکر ہو قرار
ہے بڑا قہر جو قمری سے صنوبر چھوٹے

آبرو اپنی گئی داغ حسینوں کو لگا
عشق بازی میں جو پوچھو تو برابر چھوٹے

مرغ دل پنجۂ مژگان سے رہا ہو کیونکر
کس طرح باز کے چنگل سے کبوتر چھوٹے

غرق ہے بحر تفکر میں امانت دن رات
طبع سے گوہر مضمون کوئی کیونکر چھوٹے

غزل ۱۴۹

شب فرقت میں نالوں نے جہان سر پر اٹھایا ہے
زمین کو زلزلہ ہے آسمان چکر میں آیا ہے

حساب آب ودانہ حشر میں ہوگا تو کہدونگا
پیا ہے عمر بھر خون جگر غم میں نے کھایا ہے

شفق پھولی ہے دیکھو شام کو شہر بدخشان میں
لب رنگین یہ کسی گل کے اسنے پان کھایا ہے

مری تربت چھپانا چادر گل میں کیوں ہے تکمیرہ
یہ کس نے چادر مہتاب میں دھبا لگایا ہے

نہیں بے وجہ پیہم ہچکیاں آتی ہیں فرقت میں
کسی محبوب کو تو اے امانت یاد آیا ہے

غزل ۱۵۰

دل مرا سیر چمن سے نہوا شاد کبھی
لیگیا باغ میں بھولے سے نہ جلاد کبھی

زندہ جبتک ہیں ہم اے جان جفائیں کر لو
یون سہیگا نہ تمھاری کوئی بیداد کبھی

ستم ایجاد تجھے ہم نے نہ سمجھا یا جانی
اس طرح دل سے ستم ہوتے تھے ایجاد کبھی

ہوگا تب جال میں بلبل کا پھنسانا معلوم
آئیگا موت کے پھندے میں جو صیاد کبھی

بلبلو کس کو دکھانی ہے چمن روح پرواز
ہم بھی اس باغ میں تھے قید سے آزاد کبھی

ہیں قیامت بخت بے شرم و حیا کی باتیں
کبھی کہتا ہے امانت مجھے استاد کبھی

غزل ۱۵۱

دل ناداں تجھے آزار ہوا خوب ہوا
دام گیسو میں گرفتار ہوا خوب ہوا

ایک کافر کی محبت نے بھلایا سب کو
بدلے تسبیح کے زنار ہوا خوب ہوا

یہ سزا ہے دل ناداں کی تماشا کہنا
نرگسیں چشم کا بیمار ہوا خوب ہوا

بار منت کا مرے کون اٹھاتا سر پر
وہ نہ اپنا کبھی غمخوار ہوا خوب ہوا

ناصحا مجھ سے تجھے کوئی سروکار نہیں
میں جو رسوا سر بازار ہوا خوب ہوا

روز کے جھگڑے سے ہمنے بھی فراغت پائی
اس کے ملنے سے بھی انکار ہوا خوب ہوا

خوف محشر کا نہیں لیں ہے کچھ میرے خلیل
رہنما حیدر کرار ہوا خوب ہوا

غزل ۱۵۲

ترا یہ حسن یہ جوبن رہے رہے نہ رہے
یہ نو بہار یہ گلشن رہے رہے نہ رہے

یہ چار دن کی جوانی بہت غنیمت ہے
ترا یہ رنگ یہ روغن رہے رہے نہ رہے

جو قتل مدنظر ہے تو پھیر دے خنجر
جھکی ہوئی مری گردن رہے رہے نہ رہے

یہی ہے اشک فشانی تو صبر ہے کیسا
ہجوم سیل سے خرمن رہے رہے نہ رہے

تجھی کو ہاتھ لگی سوزش نشست ردیف
کہیگا کیا کوئی دشمن رہے رہے نہ رہے

غزل ۱۵۳

رخ روشن ترا قرآن ہے اللہ اللہ
اے صنم تیرا یہ ایمان ہے اللہ اللہ

شیخ کو کعبہ بھلایا ہے برہمن کو دیر
وہ تری زلف پریشان ہے اللہ اللہ

وصل دلبر میں بھی آرام نہ ہوئے حاصل
عاشقی کی یہی پہچان ہے اللہ اللہ

ترچھی چتون سے وہ پھر دیکھتے ہیں آج ولا
قتل کا کس کے یہ سامان ہے اللہ اللہ

عشق نے اُسکے فقط مجھ میں نہیں کی تاثیر
جسنے دیکھا وہ پریشان ہے اللہ اللہ

ہے خلیل ایسی کہاں تیرے سخن میں لذت
شاہ خادم کا یہ فیضان ہے اللہ اللہ

غزل ١٥٤

گئی یک بیک جو ہوا پلٹ نہین دلکو میرے قرار ہے
کرون اس ستم کا مین کیا بیان مرا غم سے سینہ فگار ہے

یہ رعایا ہند تباہ ہوئی کہو کیسی سپر بلا ہوئی
جسے دیکھا حاکم وقت نے کہا یہ بھی قابل دار ہے

کسی نے ظلم بھی ہے سنا دیا پھانسی للکھون کو بیگناہ
وے کلمہ گویون کی سمت سے ابھی دل مین انکے غبار ہے

نہ تھا شہر دہلی یہ تھا چمن کہو کس طرح کا تھا یان امن
جو خطاب تھا وہ مٹا دیا فقط اب تو اجڑا دیار ہے

بیان تنگ حال جو سبکا ہے یہ کرشمہ قدرت رب کا ہے
جو بہار تھی سو خزان ہوئی جو خزان تھی اب وہ بہار ہے

شب و روز پھولون مین جو تلے کہو خار غم کو وہ کیا سہے
ملی طوق و بیڑی جو قید مین کہا گل کے بدلے یہ ہار ہے

یہی شہر خلد سے کم نہ تھا اسی جا کسی کو الم نہ تھا
چلی غم کی باد صبا یہ کیا نہ وہ رنگ ہے نہ بہار ہے

سبھی جا وہ ماتم سخت ہے کہو کیسی گردش بخت ہے
نہ وہ تاج ہے نہ وہ تخت ہے نہ وہ شاہ ہے نہ دیار ہے

کیا ہے غم ظفر تجھے حشر کا جو خدا نے پوچھا تو بر ملا
ہمین ہے وسیلہ رسول کا وہ ہمارا حامی کار ہے

غزل ١٥٥

فرقت مین ہم کیا کیے نالے تمام رات
چبھتے رہے کلیجے مین بھالے تمام رات

یاد آگیا کسیکا یہ کہنا غضب ہوا
کمبخت آج اور ستالے تمام رات

زلفین ہٹین نہ چہرۂ مہرو سے ایکدم
اس چاند مین پڑے رہے ہالے تمام رات

ہوتی ہے کس طرح بسر اوقات کیا کہین
زاری تمام روز ہے نالے تمام رات

کس وقت انسے کیجیے مطلب کی گفتگو
رہتے ہین گرد چاہنے والے تمام رات

ہم چھیڑنے سے باز نہ آئینگے اے صنم
جو تیرے دل مین آئے ستالے تمام رات

غزل ١٥٦

دیکھتے ہین واللہ اسی کو دل کے ہم کاشانے مین
ڈھونڈتے ہین دن رات جسے سب مسجد اور بتخانے مین
دھوکھا ہم نہین کھانے کے تو لاکھ چھپا دے اپنے تئین

تیری ہی ہے یہ جلوہ گری سب بستی اور ویرانے مین
فرق نہین اس مین کچھ بھی گر جھوٹ کہون تو کافر ہون
دیکھ رہا ہون شکل کسی کی اپنے اور بیگانے مین
عشق و محبت جیسا یار و شمع سے ہے پروانے کو
عاشق ہو تو ایسا ہو کچھ خوف نہین جل جانے مین
زنہار خلیل آگاہ نتھے ہم عشق و محبت کیا شے ہے
یہ چھین لیا دل آہ کسی نے دھوکے سے یارانے مین

غزل ۱۵۷

مین نے تم کو دل دیا تم نے مجھے رسوا کیا
مین نے تم سے کیا کیا اور تم نے مجھ سے کیا کیا
کشتۂ ناز بتان روز ازل سے ہون مجھے
جان کھونے کے لیئے اللہ نے پیدا کیا
آنکھ عاشق کی کہین پھرتی ہے اسے وعدہ خلاف
دیکھنے مین مرتے مرتے سوے در دیکھا کیا
دلبرون مین بیوفا میری وفا کی دھوم ہے
بوالہوس سے کیون کہا تمہارا راز جو افشا کیا
کیا خجل ہون اب علاج بیقراری کیا کرون
دھر دیا ہاتھ اسنے دلبر تو بھی دل دھڑکا کیا

غزل ۱۵۸

عدم مین رہتے تو شاد رہتے اُسے بھی فکر ستم نہ ہوتا
جو ہم نہ ہوتے تو دل نہ ہوتا جو دل نہوتا تو غم نہ ہوتا
وصال کو ہم ترس رہے ہے تھے جواب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اُس کو رنج والم نہ ہوتا
مگر رقیبون نے سر اُٹھایا کہ یہ نہ ہوتا تو بہیر دت
نظر سے ظاہر حیا نہوتی حیا سے گردن مین خم نہ ہوتا
وہان ترقی جمال کو ہے یہان محبت سے روز افزون

شریک زیبا تھا بوالہوس بھی جو بیوفائی مین کم نہ ہوتا
ہوا مسلمان مین اور ڈرسے نہ درس واعظ کو سُن کے مومن
نبی بھی دوزخ بلا سے بنتی عذاب ہجر صنم نہ ہوتا

غزل ۱۵۹

کھا گیا جی غم نہان افسوس
نکل گئی غم کے مارے جان افسوس

میرے مرنے سے بھی وہ خوش نہوا
جی گیا یون ہی رائیگان افسوس

گل داغ جنون کھلے بھی نہ تھے
آگئی باغ مین خزان افسوس

موت بھی ہو گئی ہی پردہ نشین
راز رہتا نہین نہان افسوس

تھا عجب کوئی آدمی مومن
مرگیا کیا ہی نوجوان افسوس

غزل ۱۶۰

سر مہ گین آنکھ سے تم نامہ لگاتے کیون ہو
خاک مین نام کو دشمن کے ملاتے کیون ہو

گرم جولان مرے مدفن پہ تم آتے کیون ہو
اپنے دل سوختہ کی خاک اڑاتے کیون ہو

جنسے منظور وفا ہی ہو جفا بھی اُسپر
مجھسے کچھ کام نہین ہی تو ستاتے کیون ہو

توڑنا جان کا ہو جائیگا دشوار آخر
چارہ ساز و میری اُمید بندھاتے کیون ہو

کھل گیا عشق صنم طرز سخن سے مومن
اب چھپاتے ہو عبث بات بناتے کیون ہو

غزل ۱۶۱

وہ جو ہم مے تم سے قرار تھا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنے وعدہ نباہ کا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ جو لطف مجھ پہ تھا پیشتر وہ کرم کہ تھا مرے حال پر
مجھے سب ہی یاد ذرا ذرا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ نئے گلے وہ شکائیتین وہ مزے مزے کی حکایتین

وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی بیٹھے سب مین جو روبرو تو اشارتون مین ہی گفتگو
وہ بیان شوق کا برملا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
ہوے اتفاق سے گر بہم تو وفا جتانے کو دم بدم
گلۂ ملامت اقربا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی ہم مین تم مین بھی چاہ تھی کبھی ہم سے تمسے بھی راہ تھی
کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ بگڑنا وصل کی رات کا وہ نہ ماننا کسی بات کا
وہ نہین نہین کی ہر آن ادا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
جسے آپ گنتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا
مین وہی ہون مومن مبتلا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

غزل ۱۶۲

خوشی تھو مجھے کیونکر قضا کے آنے کی
خبر ہے لاش پہ اُس بیوفا کے آنے کی

چلی ہے جان نہین تو کوئی نکالو راہ
تم اپنے پاس تک اس مبتلا کے آنے کی

خیال زلف مین خود رفتگی نے قہر کیا
امید تھی مجھے کیا کیا بلا کے آنے کی

کرون مین وعدہ خلافی کا شکوہ کس کس سے
اجل بھی رکھی تھی ظالم سنا کے آنے کی

مجھے یہ ڈر ہے کہ مومن کہین نہ کہتا ہو
میری تسلی کو روز جزا کے آنے کی

غزل ۱۶۳

دفن جب خاک مین ہم سوختہ سامان ہونگے
فلس ماہی کے گل شمع شبستان ہون گے

ناوک انداز جدھر دیدۂ جانان ہونگے
نیم بسمل کئی ہونگے کئی بے جان ہون گے

صبر یارب مری وحشت کا پڑیگا کہ نہین
چارہ فرما بھی کبھی قیدی زندان ہون گے

داغ دل نکلین گے تربت سے مری جون لالہ
یہ وہ اخگر نہین جو خاک مین نہان ہونگے

پھر بہار آئی وہی دشت نوردی ہوگی
پھر وہی پانون وہی خار مغیلان ہونگے

عمر ساری تو کٹی عشق بتان مین مومن
آخری وقت مین کیا خاک مسلمان ہونگے

غزل ۱۶۴

کشتۂ حسرت دیدار ہین یارب کس کے
نخل تابوت مین جو پھول لگے نرگس کے

کس پہ پیروے ستمگر سے ملا دل افسوس
کس پہ دیوانہ ہوا ہوش گئے ہین اِس کے

لذت مرگ سے ہجران مین دعا ہے کہ خدا
یہ مزا ہو نہ نصیبون مین کسی بیکس کے

کیون نہ ہم شمع کے مانند جلین دور کھڑے
جب عدو باعث گرمی ہون تری مجلس کے

یار مومن سے بھی ہین مدعی طبع روان
واہ افکار تران ادعیۂ یابس کے

غزل ۱۶۵

یعقوب سان جو آنکھون مین عالم سیاہ ہے
کس یوسف عزیز کی اس دل کو چاہ ہے

ہم ایسے خاکسارون کی کب مجھکو چاہ ہے
جاروب کش گلی کا تری بادشاہ ہے

دعوی عبث عبث ہے مسیحائی کا تجھے
اب تو مریض عشق کی حالت تباہ ہے

ہوجائینگے گناہ مرے عفو حشر مین
مجھ پر بھی جو یہ لطف و کرم کی نگاہ ہے

کیون ہم سے بےقصور بگڑتے ہو اے حضور
بوسہ کا مانگنا نہین کوئی گناہ ہے

اس جا جو تمنے ذبح کیا مجھ کو بےقصور
یہ قتلگاہ میرے لیے عیدگاہ ہے

گیسو کو رخ پہ دیکھکے کہتی ہے ساری خلق
یہ گنج حسن ہے تو وہ مار سیاہ ہے

آنکھین دکھاکے طائر دل کر لیے شکار
کیا صیدگاہ یار کی تیر نگاہ ہے

قاتل نہین ضرورت شمشیر آبدار
کافی ہمارے واسطے تیغ نگاہ ہے

کیونکر نہ آہ آہ کرے اخگر حزین
تجھ سے فراق یار خدا کی پناہ ہے

غزل ۱۶۶

بہار آئی چمن مین رنگ بدلا باغ عالم کا / چلی پھر اپنی وحشت کی ہوا پھر داغ دل چمکا
خیال قامت جانان مین تپلا ہون زبس غم کا / گمان سرو گلستان پر ہی مجھکو نخل ماتم کا
نہین بھولا مجھے شرما کے اسکا وصل مین کہنا / اتارے قبر مین ہم کو جو کھولے بند محرم کا
مزاج اس کا نہ کیونکر نالۂ بلبل سے برہم ہو / نزاکت سے ڈوپٹہ بار ہو جس گل کو شبنم کا
اسیر دام الفت پھر ہوئے تم آج کل عاشق / پڑا پھندا گلے مین حلقۂ گیسوے پر خم کا

غزل ۱۶۷

کب مرے دل کو خیال رخ جانان نہ ہوا / جلوہ گر کب مرے گھر مین مہ تابان نہ ہوا
کونسا دل ہی نہین جس مین محبت تیری / کون کافر تری الفت مین مسلمان نہ ہوا
دشمنی کس نے نہ کی مجھ سے تری الفت مین / ای پری کون مری جان کا خواہان نہ ہوا
کیون ہٹا جاتا ہی قاتل مجھے بسمل کر کے / لطف کیا خون سے جو دامن ترا افشان نہ ہوا
بوسۂ لب مجھے اس نے کبھی عاشق نہ دیا / شکر کرتا ہون کہ شرمندۂ احسان نہ ہوا

غزل ۱۶۸

دل پردہ نشینون سے لگانا نہین اچھا / کوچے مین پری رویون کے جانا نہین اچھا
رخ چاند سا زلفون مین چھپانا نہین اچھا / ای جان یہ اندھیر مچانا نہین اچھا
پردے کو اٹھا کر مجھے صورت بھی دکھا دو / خالی فقط آواز سنانا نہین اچھا
گو آگ لگے دل مین مگر ضبط ہے لازم / اے شمع یہ اشکون کا بہانا نہین اچھا
سوئے ہین شب وصل کے جاگے ہوے عاشق / اے مرغ سحر شور مچانا نہین اچھا

غزل ۱۶۹

کیا پوچھتے ہو تم کہ محبت مین کیا دیا / دی جان اس پری کو جدا دل جدا دیا
تیری صدا نے چین نہ اے دلربا دیا / سوتے ہوؤن کو خواب اجل سے جگا دیا
رویا کبھی جو یاد مین اس بحر حسن کے / آنکھون سے مین نے اشک کا دریا بہا دیا

بیگانون کی خبر نہ یگانون کا ہوش ہی — سبکو تمھارے عشق مین دل سے بھلا دیا
سمجھا نہ کچھ کہ تھر ہی چاہ ذقن کا عشق — دانستہ مین نے دل کو کوئین مین گرا دیا
پھولے نہین سماتے ہو کل رات سے جو تم — عاشق بتاؤ تو تمھین اُس گل نے کیا دیا

غزل ۱۷۰

کسی کی زلف مین گر بھول کر بھی دل اٹکا — تو مرتے مرتے بچا پھر اٹھایا وہ جھٹکا
مقام امن و امان جانیو نہ منزل عشق — گھڑی گھڑی ہی یہان خوف دم بدم کھٹکا
سوائے جرم محبت قصور ہی نہ گناہ — مجھے سبب نہین کھلتا تری رکاوٹ کا
ہوے تھے وہ ابھی راضی خدا خدا کرکے — جھجھک کے ہٹ گئے یکبار جو سنا کھٹکا
ہٹے نہ معرکۂ عشق سے قدم عاشق — اڑے رہو کہ اسی مین ہی نام جیوٹ کا

غزل ۱۷۱

بہار آئی خیال آیا مجھے پھر خوش جمالون کا — لگی پھر آگ سینے مین ہوا پھر خوف نالون کا
قلق سے دم ہی یہان اُلجھا ہوا آشفتہ حالون کا — اُدھر پھندا پڑا ہی پانون مین پیچ لفون کے بالون کا
ترا مجنون اُسی جانب تڑپتا ہوگا اے لیلی — یہ غل زنجیر کا جس دشت مین ہی شور نالون کا
کہان اترے کہان مسکن کیا مطلق نہین کھلتا — پتا یان کس سے پوچھین ہم عدم کے جانیوالون کا
گران ہی گوش گل ناحق چمن مین غل مچاتی ہے — نہین یان سننے والا کوئی بلبل تیرے نالون کا
جگر کے داغ سے ہر دم دھوان پیچیدہ اٹھتا ہی — ہماری جان لیگا عشق گھونگر والے بالون کا

غزل ۱۷۲

چہچہے کرتے ہین مرغان خوش الحان کیا کیا — وجد مین لاتا ہی بلبل کو گلستان کیا کیا
عشق گل مین کوئی بلبل جو فغان کرتی ہے — ڈھونڈھتا ہی تجھے میرا دل نادان کیا کیا
درد فرقت مین کسی نے نہ خبر بھی پوچھی — مثل بیمار کراہا دل نادان کیا کیا
سوزش داغ جنون وحشت مین کیونکر کم ہو — آگ بھڑکاتے ہین یان غول بیابان کیا کیا

خاک مین ملگئے اے چرخ ترے ہاتھو نسے
دل غمگین مین بھرے تھے مرے ارمان کیا کیا-

بعد مردن بھی نہ بھولون کا وہ دیوانہ ہون
یاد آئیگا مجھے خانۂ زندان کیا کیا

پھر دکھائے کہین اللہ مجھے اے عاشق
یاد آتا ہے مزار شہ ذیشان کیا کیا

غزل ۱۷۳

موت اُس کی ہے جو شخص ہے بیمار محبت
عیسیٰ سے بھی جاتا نہین آزار محبت

مارا مجھے قاتل نے تو ہر سو یہ ہوا غل
لو قتل ہوا آج گنہگار محبت

وحشت ہو کہ سودا ہو وفا ترک نہو گی
ہون خادم دیرینۂ سرکار محبت

معشوقون کو کیا کام بھلا مہر و وفا سے
نادان ہے جو ان سے ہے طلبگار محبت

یارب نہ خزان آئے کبھی باغ جہان مین
سرسبز ہمیشہ رہے گلزار محبت

رخ زرد ہے تن زار ہے تر چشم ہے لب خشک
کیونکر نہ کہین سب مجھے بیمار محبت

ہمت نہ کبھی ہاریو عاشق یہ رہے یاد
ہے مرد وہی جس سے اُٹھے بار محبت

غزل ۱۷۴

روا نہین یہ جفائین خدا سے ڈر صیاد
عبث نہ باندہ مرے قتل پر کمر صیاد

ستاؤن گر تجھے درد دل و جگر صیاد
یقین ہے شام سے تو روئے تا سحر صیاد

بیان مین کس سے کرون حال کون سنتا ہے
کسے دکھاؤن مین بیتابی جگر صیاد

اسیر کنج قفس ہون مین اتنی مدت سے
کبھی مرا بھی گلستان مین تھا گزر صیاد

بہت برا ہے ستانا کسی کا اے ظالم
نہ ذبح کر تے مجھے للہ در گزر صیاد

سناؤن کس کو پسیجیگا سن کے دل کس کا
مرے تو نالون کا جاتا رہا اثر صیاد

چھٹا ہے جب سے چمن کچھ نہ پوچھ حال مرا
کہ رخ ہے زرد دہن خشک چشم تر صیاد

چمن مین رہنے دے بلبل کے آشیانے کو
اُجاڑنا نہین اچھا کسی کا گھر صیاد

اسیر دام بلا کر کے مجھکو اے عاشق
ہوا ہے آج خوشی دل مین کس قدر صیاد

غزل ۱۷۵

جاؤ تم میری جان خدا حافظ
صبح غم ہے عیاں خدا حافظ
جان نثارون کا کوے قاتل مین
آج ہی امتحان خدا حافظ
دل بچیگا نہ اب کسی صورت
اشک خون مین رواں خدا حافظ
نہین معلوم اب ہمین صیاد
لے کے جائے کہان خدا حافظ
رہ گئے ہم تو دشت غربت مین
جاؤ اے ہمرہان خدا حافظ
آج وہ شوخ کہہ گیا عاشق
تو ہی اب نیم جان خدا حافظ

غزل ۱۷۶

زلفون مین جا پھنسا ہوئی ثابت خطاے دل
چھوٹے نہ دام سے یہی اب ہی سزاے دل
فرقت مین یار کی ہی یہ ہر دم دعاے دل
خالق کرے کسی کا کسی پر نہ آئے دل
پیارے یہ دے بتا کہ وہ جادو ہی کون سا
قابو مین آپ لاتے ہین جس سے پرائے دل
مشہور ہی جہان مین کہ دل کو ہی دل سے راہ
پھر کیون تمھارا دل نہوا آشنائے دل
مجنون بنے اسیر رہے در بدر پھرے
اُس کی سزا یہی ہی جو تمسے لگائے دل
بالکل وفا نہ مہر و محبت نہ دلبری
پھر کس اُمید پر کوئی تمسے لگائے دل
دیکھو سمجھ کے رکھو قدم کوے یار مین
یان اور کچھ نظر نہین آتا سواے دل
اکدن وصال یار نہ عاشق ہوا نصیب
کیونکر نہ صدمہ شب فرقت اُٹھائے دل

غزل ۱۷۷

کسنے دیکھین ہین زمانے مین یہ پیاری آنکھین
چشم نرگس سے بھی بہتر ہین تمھاری آنکھین
جس پہ کی ایک نظر جان سے مارا اُس کو
کیون نہ کہیے تری آنکھون کو شکاری آنکھین
دیکھیے کب نظر آتا ہی وہ خورشید جمال
راہ تکتی ہین کئی دن سے ہماری آنکھین
نامہ بر دیکھیے آتا ہی کب اُس گلرو کا
نگران صورت نرگس ہین ہماری آنکھین

قابل دید کہان دیکھین کسے ای عاشق
اب نہ وہ ہم ہی رہے اور نہ ہماری آنکھین

غزل ۱۷۸

رخ دکھاؤ ہمین ترساؤ نہین
عارض حسن پہ اتراؤ نہین

جان بلب دیکھکے آہین نہ کرو
تم کلیجہ میرا سلگاؤ نہین

آتش دل ابھی سر کھینچیگی
اس دبی آگ کو بھڑکاؤ نہین

کچھ نہین تم کو محبت میری
جانتا ہون مین قسم کھاؤ نہین

تم زبان سے مجھے جو چاہو کہو
گالیان غیر سے دلواؤ نہین

مین ہون یا تم یہان اور ہی کون
آؤ آغوش مین شرماؤ نہین

کیون دکھاتے ہو مرا زخم جگر
جس مین بخیہ ہو یہ وہ گھاؤ نہین

تھا مقدر مین جو ہونا وہ ہوا
دل کو کھویا ہے تو پچھتاؤ نہین

اچھے ہو جاؤ گے جلدی عاشق
مرض عشق سے گھبراؤ نہین

غزل ۱۷۹

بھلا ہو تیرا اے ساقی رہے آباد میخانہ
مئے گلرنگ سے بھر دے فقیرونکا بھی پیمانہ

کہون کیا تجھ سے اے زاہد مرا مشرب ہی رندانہ
کبھی جاتا ہون کعبہ کو کبھی مین سوئے بتخانہ

میرا بھی قصد ہی صحرا نوردی کا مبارک ہو
کوئی کہدے یہ مجنون سے کہ اور آتا ہی دیوانہ

سوال بوسۂ لب پر نکیون نکر منھ پھرائین وہ
مری عادت فقیرانہ مزاج انکا امیرانہ

پسند آئے نہ کیون عاشق مزاجونکو یہ سلے عاشق
کلام اپنا ہی رندانہ غزل اپنی ہی مستانہ

غزل ۱۸۰

کرون تعریف کیا زلف رسا کی
یہ ہی اڑتی ہوئی ناگن بلا کی

سنبھالا ہوش جب اس سنگدل نے
مجھی پر مشق کی پہلے جفا کی

جہان تک جی مین آئے ظلم سیکجے
نہ ہونگا مین کبھی صاحب سے شاکی

گئے سب چھوڑ کر دل سوز مجھ کو
فقط اک شمع تربت پر جلا کی

یہی جاری ہی فرقت مین زبان پر
کوئی صورت دکھادے دلربا کی

مرا جانا ہو کب تک دیکھون عاشق
ہی نیت روضۂ خیر الوار کی

غزل ۱۸۱

تڑپ رہا ہون مین جسکی فرقت مین اُس کو مطلق خبر نہین ہی
یہ کیسے نالے ہین میرے یارب کہ جن مین کچھ بھی اثر نہین ہی

نقاب رُخ سے اُٹھادو صاحب جمال اپنا دکھادو صاحب
نہ خوف کو دل مین جادو صاحب یہان کوئی بد نظر نہین ہی

کرون زبان سے اُسے بیان کیا ارادہ جو کچھ تھا مرغ دل کا
یہ اُڑکے تم تک دہین پہونچتا مگر ہی مجبور پر نہین ہی

لکھون مین کیا اُن کو حال فرقت ہی مجھ کو درد جگر بشدت
بڑی تو اس مین یہ اب ہی دقت کہ کوئی یان نامہ بر نہین ہی

مین کس سے پوچھون بچشم گریان رہ عدم کے پتے کو اس آن
سوائے اندوہ و یاس و حرمان کوئی مراہم سفر نہین ہی

بھرا ہی لاشون سے کوے قاتل تڑپ رہے ہین ہزارون بسمل
عجب تماشا ہی دیکھا ہی دل کسی کے تن پر بھی سر نہین ہی

غزل ۱۸۲

نہین رو کے سے رکتی ہی طبیعت آہی جاتی ہی
حسین جب سامنے آتے ہین الفت آہی جاتی ہی

اُڑاؤن دھجیان کیونکر نہ وحشت مین گریبان کی
بہار گل مین تر در ون طبیعت آہی جاتی ہی

کنارے ہون ہزارنگ خار گومین ناتوان لیکن
مجھے اُس گل سے کچھ ہوے محبت آہی جاتی ہی

حسینون سے نہین خالی ارے صاحب یہ دنیا ہی
نظر یان اک نہ اک دلچسپ صورت آہی جاتی ہی

خیال قامت موزون ہی جب سے دلکو ای عاشق	نئی ہر روز اک مجہپر قیامت آ ہی جاتی ہی

غزل ۱۸۳

نیند آنکھون مین بھری ہی کہان رات بھر رہے
کس کے نصیب تمنے جگاتے کدھر رہے

ناوک مین راستی ہو بھی ہو کمان مین
ٹیڑھی اگر بھوین ہون تو سیدھی نظر رہے

ہر دم جتائیے نہ محبت شب وصال
جب یہ نگاہ آپ کی آنکھون پھر رہے

ہر دم گلے سے اپنے لگاؤ نہ کیون نہین
یہ ہاتھ مین وہی جو ترے سینہ پر رہے

بھاگو ہزار کھینچ ہی لائیگی ایک دن
مظہر کی آہ وہ نہین جو بے اثر رہے

غزل ۱۸۴

باہر نہین ہون حکم سے ای جان آپکے
دل سے نثار جان سے قربان آپ کے

زلفون کی آڑ مین لیے بوسے تو بول اُٹھے
نکلے اندھیری رات مین ارمان آپ کے

اللہ رے ناز دیکھی جو پرچھائین زلف کی
ناگن سمجھ کے اُڑ گئے اوسان آپ کے

صورت دکھا کے ذبح کیا جان پڑ گئی
بندے کے سر پہ آنکھون پہ احسان آپ کے

مظہر بغل مین رہتی ہین پریان تمام رات
رہتا ہی روز گھر مین پرستان آپکے

غزل ۱۸۵

صنم دل لے کے تڑپایا نہ کیجے
کسی عاشق کو ترسایا نہ کیجے

پڑیگا صبر دل تجھ پر مری جان
وگرنہ مجھ کو کلپایا نہ کیجے

نہ جانون کیا خطا صادر ہوئی ہی
جو کہتا ہی یہان آیا نہ کیجے

ہزارون مرغ جان ہوئین بسمل
چمن مین سیر کو جایا نہ کیجے

اسیر دام الفت کرکے اسے جان
دل مضطر کو تڑپایا نہ کیجے

نظر جسکی پڑے گی ہو گا گھائل
خدا را بام پہ آیا نہ کیجے

مین عاشق ہون ترا دل سے میری جان
مجھے اتنا ترسایا نہ کیجے

کہا مانو وگرنہ ہوگے بدنام — بہت اس کوچے مین جایا نہ کیجے

حسینون پر بہت اس دل کو اپنے — خدا کے واسطے لایا نہ کیجے

نظر لگ جائیگی تم کو مری جان — مکان سے در پہ یون آیا نہ کیجے

جو مانگے کوئی تم سے ایک بوسہ — اُسے للہ ترسایا نہ کیجے

حفیظ اللہ دل دیکر بتون سے — کبھی پیچھے سے پچھتایا نہ کیجے

غزل ۱۸۶

خوشی سے کاٹ دے دلدار گردن — کہ حاضر روبرو ہے یار گردن

جو عاشق ہین نہین مرنے سے ڈرتے — کٹاتے ہین سر بازار گردن

تم اپنی زلف کی پھانسی بناؤ — جھکاتا ہون ابھی سو بار گردن

اسیر دام الفت کی مری جان — نہین چھٹنے کی ہے زنہار گردن

مرے معشوق کے وہی پتے ہین — کمر پتلی صراحی دار گردن

حفیظ اللہ اگر ہے عشق صادق — تو سرکانا نہ تم زنہار گردن

غزل ۱۸۷

کسی کے عشق مین بیتاب دل ہے — مثال ماہی بے آب دل ہے

نہین ہے ایکدم یان چین پیارے — نہ جانین کب سے یہ بیخواب دل ہے

اُٹھائے ہجر کے صدمے یہ کب تک — مری جان اب بہت بیتاب دل ہے

پھنسا ہے دام الفت مین کسی کے — اسی باعث سے یہ بیتاب دل ہے

گلستان محبت مین پریشان — جدائی نے کیا پرآب دل ہے

وہی سمجھے گا رمز عشق جانان — حفیظ اللہ جو ارباب دل ہے

غزل ۱۸۸

کسی پر آگیا شاید مرا دل — کہ افسردہ سا رہتا ہے سدا دل

اسیر دام الفت ہو گیا دل — بچایا تھا بہت پر جا پھنسا دل
مین خود حیرت مین ہون بیٹھے بٹھائے — کہ کس نے چھل لیا میرا بھلا دل
چلے کس طرح اس پر زور اپنا — جو ہو مشہور عالم بیوفا دل
کرون کیا ہائے سوئے کوے جانان — لیے جاتا ہی دیکھو کھینچتا دل
ملا کر آنکھ وہ ہم سے پریرو — نہ جانے کس طرح سے لیگیا دل
تپان ہی ہجر سے تیرے مری جان — مثال مرغ بسمل یان مرا دل
اگر تو مانتا کہنا ہمارا — تو کیون ملتی یہ تجھکو اب سزا دل
کسی گلفام کی فرقت مین لب پر — ہین نالے ہر گھڑی مثل عنادل
جہان کے خوبرویون پر ہمارا — ہمیشہ سے رہا دل سے فدا دل
نہین ہوتا اثر کچھ اس پہ جانان — عجب ہی سخت پتھر سے ترا دل
سلام اسوقت کرتا مین تجھے گر — کسی پر تیرا آتا ناصحا دل
حفیظ اللہ خان ساہٹی سے کبتک — کریگا عزم سوئے کربلا دل

غزل ۱۸۹

اسیر زلف جانان دل ہوا ہی — حفیظ اللہ خان حافظ خدا ہے
نہین معشوق کی فرقت سے بڑھکر — ہمارے واسطے کوئی بلا ہے
شب تار لحد کا خوف کیا ہو — کہ داغ دل ہمارا پرضیا ہے
سنبھالون کس طرح دل کو مین اپنے — وہ قابو مین نہین میرے رہا ہے
تری فرقت مین نالون نے ہمارے — اٹھا یہ آسمان سر پر لیا ہے
دل نادان نے کی غلطی ہمارے — جو تم سے بیوفا پر آگیا ہے
نہین موقوف کچھ مجھپر مری جان — حسینون پر ہر اک ہوتا فدا ہے
پریشان رہتے ہو ہر وقت پیارے — وبال دل مرا شاید پڑا ہے

کرو تم قدر اس کی میرے پیارے
کہ دل سے تمپہ دل میرا فدا ہی
حفیظ اللہ خان تجھکو مبارک
کہ آیا آج تیرا دلربا ہی

غزل ۱۹۰

نہین آسان کسی سے دل لگانا
کہ لخت دل سدا پڑتا ہے کھانا
بہت مشکل ہی اے دل عشق بازی
ہزارون رنج پڑتے ہین اُٹھانا
ملین ہم کس طرح اُس ماہ رو سے
کہ ہے دشمن ہمارا سب زمانا
خطا پاؤ گے بیشک ایک دن تم
نہین لازم وہان ہر روز جانا
تمھارے ہجر مین نوبت یہ پہونچی
کہ ہنستا ہی ہمین سارا زمانا
خدا کے واسطے آ کر مری جان
لگا جا ہاتھ سے اپنے ٹھکانا
منع کرتا ہون دل کو وان نجا تو
نہین رکتا ہی لیکن یہ دوانا
بھروسا کیا ہو اُس کی زندگی کا
چھپا ہو جسکا کب سے آب ودانا
کسی کے ایک بوسہ مانگنے پر
نہین لازم تمھین کرنا بہانا
مری جان عاشق صادق سے اپنے
نہین لازم تمھین منھ کا چھپانا
حفیظ اللہ خان اُس ماہ رو سے
مبارک ہو تمھین دل کا لگانا

غزل ۱۹۱

بے طرح حال ہی پیارے ترے دیوانے کا
جلد اب آکہ نہین وقت ہی شرمانے کا
ہو گیا ہون مرض عشق سے لاغر ایسا
ہی یقین سب کو مری روح نکلجانے کا
دل کو دے پیچھے تمھین پہلے ارادہ کر لے
خون دل پینے کا اور لخت جگر کھانے کا
دل مین رو رو کے کہا کرتی تھی لیلی اپنے
حال کیا جانے ہوا ہو مرے دیوانے کا
مرغ بسمل کی طرح دل ہی تڑپتا میرا
سُن لیا حال ہی جب سے کہ ترے جانے کا
کشش دل نے اثر آج دکھایا شاید
ورنہ کیا کام تھا تشریف اِدھر لانے کا

اس طرح پیار سے تجھلا کے قرین آپ اپنے	ماجرا کون سنیگا ترے دیوانے کا
شمع رویون سے نہین دل کا لگانا اچھا	حفیظ کیا حال ہوا دیکھ لے پروانے کا

غزل ۱۹۲

دل ناداں جو تو بدنام ہوا خوب ہوا	رنج و غم کھانا ترا کام ہوا خوب ہوا
بارہا مین نے کہا تو نے نہ مانا کہنا	اب زمانے مین تو بدنام ہوا خوب ہوا
مرمٹا تو تو محبت مین و لیکن اے دل	راضی تجھسے نہ وہ گلفام ہوا خوب ہوا
لخت دل کھانا پڑا خون جگر کو پینا	دل لگانے کا یہ انجام ہوا خوب ہوا
عشق مین اس بت کافر کے پھنسا کر دلکو	حفیظ تو تارک اسلام ہوا خوب ہوا

غزل ۱۹۳

ہنسکے دل چھین لیا تو نے ہمارا جب سے	چین ہے عاشق مضطر کو کہان اب سے
غیر حالت ہے مری کنج قفس مین صیاد	چھٹ گیا کوچۂ دلدار ہمارا جب سے
حال کیا اپنا کہون تیری محبت مین صنم	کسی قابل نہ رہا چھوٹ گیا مین سب سے
مضطرب حال سراسیمہ پریشان خاطر	نام کیا کیا ہوئے مشہور نہ میرے سب سے
ہائے کس درد مصیبت سے تجھے پالا تھا	دشمن جان ہوا میرا دل ناداں کب سے
ایک دل سیکڑون دلدار حفیظ اللہ خان	دل نذر کسکو کرون کون ہے بڑھکر سب سے

غزل ۱۹۴

قفس بلبل کا سوے گلستان لانے سے کیا حاصل	وہ اگلے چہچہے پھر یاد دلوانے سے کیا حاصل
نفس کی آمد و شد ہے نہ جنبش نبض مین باقی	ترے بیمار کو آئینہ دکھلانے سے کیا حاصل
درِ زندان تلک آنے کی بھی طاقت نہین تن مین	ہمارے پاؤن کی زنجیر کٹوانے سے کیا حاصل
ترا بیمار بوقت نزع یہ رو رو کے کہتا ہے	جہان سے اٹھ گئے جب ہم تو پھر آنیسے کیا حاصل
مرا باغ تماشا چہرۂ رنگین خوبان ہے	مجھے سیر تماشا باغ مین جانے سے کیا حاصل

غزل ۱۹۵

نہ گرد کعبہ نہ بتخانے کا غبار ہون مین — اگر ہون خاک بھی تو خاکپائے یار ہون مین
نہ کوہکن سے ہی نسبت مجھے نہ مجنون سے — فنون عشق مین یکتائے روزگار ہون مین
نگاہ لطف جو کرتے سمجھے یہ بتان نہ کرین — خدا کے فضل وکرم کا امیدوار ہون مین
شگفتہ رہنے دے اکدم تو مجھکو باد خزان — کہ اس چمن مین گل آخر بہار ہون مین
بتون کے ظلم سے ہرگز نہ منھ کو موڑون گا — جفا شعار ہین وہ اور وفا شعار ہون مین
سکٹے ہی یاد الٰہی مین عمر رفت مری — نہ جاننا مجھے غافل کہ ہوشیار ہون مین

غزل ۱۹۶

نگاہ یار ہم سے آج بے تقصیر پھرتی ہے — کسی کی کچھ نہین چلتی ہی جب تقدیر پھرتی ہے
مرقع ہی میری آنکھون مین کیا یاران رفتہ کا — جو نظرون کے تلے ہر ایک کی تصویر پھرتی ہے
ترا دیوانہ جب سے اٹھ گیا صحرائے وحشت سے — بگولے کی طرح سے ڈھونڈھتی زنجیر پھرتی ہے
تری تلوار کا منھ ہم سے پھر جائے تو پھر جائے — ہماری آنکھ کب قاتل نہ شمشیر پھرتی ہے
کبھی تو کھینچ لائیگی اسے گور غریبان تک — کہ مدت سے ہماری خاک دامنگیر پھرتی ہے
بیان کس منھ سے ہووے یار کی شیرین بیانی کا — زبان پر اپنے ابتک لذت تقریر پھرتی ہے
مقام عشق مین شاہ وگدا کا ایک رتبہ ہے — زلیخا ہر گلی کوچے مین بے توقیر پھرتی ہے
در باب اثر تک ایک دن جاتے نہین دیکھا — خدا جانے کہان یہ آہ بے تاثیر پھرتی ہے
خدا شاہد ہے اسکا پھر نہین ملتی نہین ملتی — طبیعت جس سے اپنی او بت بے پیر پھرتی ہے
ہم اس لیلی کے دیوانے ہین اے غافل جو صحرا مین — بغل مین اپنے مجنون کی لیے تصویر پھرتی ہے

غزل ۱۹۷

پابند گیسوے سیہ یار ہم ہوے — وابستہ کس بلا مین گرفتار ہم ہوے
بیگانہ وار اس چمنستان مین کی بسر — ہرگز نہ آشنائے گل وخار ہم ہوے

آتے ہی اُس گلی مین ہوا درد دل فزون — دار الشفا مین اور بھی بیمار ہم ہوے

چھوٹے تمام عمر نہ زنجیر زلف سے — دام بلا مین ایسے گرفتار ہم ہوے

اسکی روش مین تیغ کے چلنے کے ڈھنگ تھے — پہلے قدم مین کشتۂ رفتار ہم ہوے

پوچھیگا کون جرم الفت کو حشر مین — اچھا ہوا جو تیرے گنہگار ہم ہوے

فرہاد و قیس و وامق و غافل علی الخصوص — کامل یہ فن عشق مین دو چار ہم ہوے

غزل ۱۹۸

چھٹے رفیق مگر رہ گیا نشان باقی — ہے داغ فرقت یاران رفتگان باقی

فلک کی تفرقہ سازی سے چھٹ گئے دوست — نہ صحبتین ہین نہ یاران رفتگان باقی

جو ظلم چاہیے عاشق پہ کیجیے صاحب — ستم نہ کوئی رہے مجھ پہ مہربان باقی

نہ مدحت لب رنگین یار چھوڑون گا — مرے دہن مین ہے جب تک مری زبان باقی

بتاؤ کس سے پتہ پوچھون اپنے یوسف کا — نہ کاروان ہے نہ اب گرد کاروان باقی

غزل ۱۹۹

گنہ کا ہے بوجھ سر پہ بھاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ — ہے اپنے فعلون سے شرمساری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

زنا و مکر و فریب کاری غرور و بخل و دغا شعاری — کٹی انھین سب مین عمر ساری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

نہ کی غریبون کی پاسداری نہ کی یتیمون کی غمگساری — سنی نہ مفلس کی آہ و زاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

خطائین ہین اس قدر ہماری زبان ہے جنکے بیان سے عاری — قلم ہوا لکھتے لکھتے عاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

مدام غفلت رہی یہ طاری کہ کی نہ یاد جناب باری — تجھی سے ہے چشم رستگاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

ترا تو ہے فیض عام جاری ہے رکھتا فرحت امیدواری — ترے کرم کی ہے انتظاری الٰہی توبہ الٰہی توبہ

غزل ۲۰۰

ذرا تو سوچ اے غافل کہ کیا دم کا ٹھکانا ہے — نکل جب یہ گیا تن سے تو سب اپنا بگانا ہے

مسافر تو ہے اور دنیا سرا ہے بھول مت غافل — سفر ملک عدم آخر تجھے درپیش آنا ہے

لگاتا ہی عبث دولت پہ اپنے دل کو تو منعم — نجا دے سنگ کچھ ہرگز یہان سب چھوڑ جانا ہی

نہ بجائی ہے نہ بھی کوئی نہ کوئی آشنا اپنا — بخوبی غور کر دیکھا تو مطلب کا زمانا ہی

لگا رہ یاد مین اس کی اگر اپنی شفا چاہے — عبث دنیا کے دھندے مین ہوا گل کیون دوانا ہی

غزل ۲۰۱

خار حسرت قبر تک دل مین کھٹکتا جائیگا — مرغ بسمل کی طرح لاشہ پھڑکتا جائیگا

سر مرا جب کاٹ کر تشہیر فرمادینگے آپ — خون ان آنکھون سے قدمون پر ٹپکتا جائیگا

جان جائیگی جو عشقِ عارض گلرنگ مین — تختۂ تابوت مثل گل مہکتا جائیگا

مین وہ کشتہ ہون کہ میری نعش پر ہو دو تو — اک زمانہ دیدۂ حسرت سے تکتا جائیگا

چھکے افشان بام پر پھر خدامت جائیو — ای صنم جو دیکھیگا سر پٹکتا جائیگا

مر گیا ہون مین کسی کی حسرت دیدار مین — قبر تک لاشہ بھی میرا راہ ملتا جائیگا

ای ظفر قائم رہیگی جب تلک اقلیم ہند — اختر اقبال اس گل کا چمکتا جائیگا

غزل ۲۰۲

یا مجھے افسر شاہانہ بنایا ہوتا — یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا

خاکساری کیلیے گرچہ بنایا تھا مجھے — کاش خاک در جانانہ بنایا ہوتا

اس خرد نے مجھے سرگشتہ و بدنام کیا — کیون خردمند بنایا نہ بنایا ہوتا

نشۂ عشق کا گر ظرف دیا تھا مجھ کو — عمر کا تنگ نہ پیمانہ بنایا ہوتا

ای پری حور لقا نور قدم سے اپنے — رشک جنت مرا کاشانہ بنایا ہوتا

روز معمورۂ دنیا مین خرابی ہی ظفر — ایسی بستی سے تو ویرانہ بنایا ہوتا

غزل ۲۰۳

ادا سے دیکھ لو جاتا رہے گلہ دل کا — بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہی فیصلہ دل کا

رہا شباب مین باقی جو ولولہ دل کا — تو خاک نکلیگا پیری مین حوصلہ دل کا

جہان مین جو کہ ہے مشہور قاتل عالم
پڑا ہے اُس سے اب آکر مقابلہ دل کا

وہ رند ہون کہ مجھے ہتکڑی سے بیعت ہے
ملا ہے گیسوے جانان سے سلسلہ دل کا

وہ ظلم کرتے ہین مجھ پر تو لوگ کہتے ہین
خدا بُرے سے نہ ڈالے معاملہ دل کا

پھرا جو کوچہ کاکل سے کوئی پوچھینگے
سُنا ہے لٹ گیا رستے مین قافلہ دل کا

ہزار فصل گل آئے جنون وہ جوش کہان
گیا شباب کے ہمراہ ولولہ دل کا

بہار آتے ہی کنج قفس نصیب ہوا
ہزار حیف کہ نکلا نہ حوصلہ دل کا

خدا کے سامنے ہے اپنا ہے قلق الضافت
بتون سے حشر مین ہوگا مقابلہ دل کا

غزل ۱۰۴

یار تھا گلزار تھا می تھی فضا تھی مین نہ تھا
لائق پابوس جانان کیا خدا تھی مین نہ تھا

محفل دلدار مین غیرون کی جا تھی مین نہ تھا
لوٹ جب گلشن مین تھی بادصبا تھی مین نہ تھا

ہاتھ کیون باندھے مرے چھلا اگر چوری گیا
یہ سراپا شوخی دزد حنا تھی مین نہ تھا

بیخودی مین لیلیا بوسہ خطا کیجے معاف
یہ دل بیتاب کی ساری خطا تھی مین نہ تھا

ہاے ساقی یہ ہو سامان اور عاشق وان نہو
یار تھا سبزہ تھا بدلی تھی ہوا تھی مین نہ تھا

مین سسکتا رہگیا اور مر گئے فرہاد و قیس
کیا انھین دونون کے حصہ مین قضا تھی مین نہ تھا

مین نے پوچھا کیا ہوا وہ آپ کا حسن و شباب
ہنس کے بولا وہ صنم شان خدا تھی مین نہ تھا

اے ظفر یہ دل پہ میرے داغ کیسا رہ گیا
خانہ باغ یار مین خلق خدا تھی مین نہ تھا

غزل ۱۰۵

بیٹھے بٹھائے مفت مین سودا بنا ہوا
دل مبتلاے الفت زلف دوتا ہوا

کعبہ کا ہے خیال نہ خواہش ہے دیر کی
دل ہے تمھاری چال سے ایسا پسا ہوا

رویا شب فراق مین نیسان کی طرح مین
ہر قطرہ آنسو کا نکا ورسے بہا ہوا

افسوس زندگی مین نہ آیا کہین نظر
مرقد پہ میرے آکے وہ سر پر کھڑا ہوا

انجم حسین بندش اشعار کیا سبب | یوسف کا ہم شبیہ مگر آشنا ہوا

غزل ۲۰۶

ہو گیا دل جب سے مائل زلف پیچان کی طرف
آنکھ پھر کے پھر نہ دیکھا سنبلستان کیطرف

قصد بھی جانے کا کرتا ہون کسی جانب اگر
دل لیے جاتا ہی مجھکو کوے جانان کیطرف

بعد مجنون ہو گیا خالی بیابان یک قلم
پھر نہ آنکلا کوئی اس دشت ویران کیطرف

دیکھ لے گر کوئی میرے یار کے رخ کی چمک
عمر بھر دیکھے نہ پھر وہ ماہ تابان کیطرف

پھر ہوا جوش جنون دل شہر مین لگتا نہین
دھیان پھر جانے لگا کوہ و بیابان کیطرف

یک قلم عالم جو تم نے ترک دنیا کو کیا
دھیان شاید آگیا کچھ دین و ایمان کیطرف

غزل ۲۰۷

ہمارے اُستاد منشی شنکر پرشاد صاحب صبح بلگرامی ہیڈ ماسٹر کرسی اسکول

نہ تو آرزو مجھے نام کی نہ تو حوصلہ ہی نشان کا
نہ ہی شوق کندۂ قبر کا نہ لحد کے اونچے مکان کا

تجھے دیکھ لے جو کہین ذرا ہی یہ آدمی کی مجال کیا
تری بارگاہ مین اے خدا نہین دخل کچھ بھی گمان کا

تو کہان ہی اے دل شیفتہ نہوا برو ون پہ فریفتہ
مری بات باندھ گرہ مین تو ہی خطر وہان تری جان کا

نہ قدِ خمیدہ پہ جائیے یہ بلا کی آہ ہی الحذر
کہ تو افلاک کا بھی توڑ دے وہ ہی تیر اپنی کمان کا

نہ بڑھیگا آگے کو تو ذرا نہ اٹھیگا آگے قدم ترا
ارے نامہ بر اسے یاد رکھ یہ نشان ہی انکے مکان کا

شب وصل مین ہین لیسے ہی وہ ہزار دن بلائے بلا نہین
ابھی ہاتھ اپنا نہ کیجیے کہین بالا ٹوٹے نہ کان کا

مہ چار دہ تتا بر دہی نہین چہرہ زلفون مین آگیا
ہی ہلال ایک تہ شفق نہین رنگ لب یہ پان کا

کہین جل کے دعوی رہا ئیے مرے عاشقی کے اڑائیے
کہین جل کے خاک سیاہ ہو یہ بکھیڑا سارے جہان کا

مرے مرنے کی جو خبر سنی تو یہ آئے کہتے جنازے پر
کہ یہ صبح کیا ہی جوان تھا مجھے غم ہی ایسے جوان کا

غزل ۲۰۸

مری آہون کا دھوان ہونے دو / دل کی گھٹک تو عیان ہونے دو
ہوتے دو شور و فغان ہونے دو / راز پوشیدہ عیان ہونے دو
واعظو جبہ و دستار کی خیر / اب کی مجھ کو خفقان ہونے دو
جو صلے نکلینگے انشاءاللہ / خیر سے اُن کو جوان ہونے دو
ہم موذن کا گلا گھونٹینگے / صبح کو آج اذان ہونے دو
جان جاتی ہے ضد اکو مانو / وصل تو اے مری جان ہونے دو
ساقیو صبح کو منگوا دو شراب / ہے جو ماہِ رمضان ہونے دو

غزل ۲۰۹

پس مرگ میرے مزار پر جو دیا کسی نے جلا دیا / اُسے آہ دامن باد نے سرِ شام ہی سے بجھا دیا
مجھے دفن کرنا تو جس گھڑی تو یہ اُس سے کہنا کہ او پری / وہ جو تیرا عاشق زار تھا تہ خاک اسکو دبا دیا
دم غسل سے مرے بیشتر اُسے ہمدمون نے یہ سوچکر / کہین جاوے اسکا نہ دل نکل مری لاش پاس سے ہٹا دیا
مری آنکھ جھپکی تھی ایک پل مرے دل نے چاہا کہ اُٹھکے چل / دل بیقرار نے او میان ہین چٹکی لے کے جگا دیا
مین نے دل دیا مین نے جان دی مگر آہ تو نے نہ قدر کی / کسی بات کو جو کبھی کہا اُسے چٹکیون پہ اُڑا دیا

غزل ۲۱۰

عمر سب غفلت مین کھویا کیے نادان رہے / دل مین پایا جسے ڈھونڈنے کیلیے حیران رہے
یون تو منھ دیکھے کی ہوتی ہے محبت سب کو / جب مین جانون کہ مرے بعد مرا دھیان رہے
ہنستو جاتے ہین صنم ملک عدم دیکھین گے / کسکو سونپین ترا اسرے نگہبان رہے
بعد مرنے کے مری قبر پہ خنجر رکھنا / کشتۂ ابروے خمدار کی پہچان رہے
نزع کے وقت ملاقات نہ ہونے پائی / دل کے دل ہی مین مرے سب ارمان رہے
اب کسی گل مین نہین بوے محبت باقی / وہ زمانہ نہ رہا اور نہ وہ انسان رہے
حق تعالیٰ سے دعا ہے یہ علی گوہر کی / تندرستی ہے ایمان رہے جان رہے

غزل ۲۱۱

مجھے جام الفت یار نے جو پلادیا کئی بار ہی
مری آنکھوں مین وہی اب تلک بخدا اسیکا خمار ہی

جو صبا کرے تو ادھر گذر تو یہ اُس سے کہنا مری خبر
غم ہجر تیرے نے او صنم کیا کیسا زار و نزار ہی

مری جان جائے و یار ہی مگر اتنا کہتے ہین او صنم
نہ پھرینگے عشق سے تیرے ہم مرا دل تو تجھ پہ نثار ہی

ترے ہجر مین جو ہے ستم نہین اسکا شکوہ کرینگے ہم
جا ہو سر کو تن سے کرو قلم بخدا نہین مجھے عار ہی

مجھے خوف حشر **خلیل** کیا کہ ہی شاہ خادم پیشوا
کوئی مانے یا کہ نہ مانے ہان مرا دل تو اُنپہ نثار ہی

غزل ۲۱۲

غم دل کا چھپاؤن تو چھپائے نہین بنتا
بگڑا ہی وہ ایسا کہ بنائے نہین بنتا

پاس اس کے مین جاؤن تو کٹھن ہی اگر اُس کو
پاس اپنے بلاؤن تو بلائے نہین بنتا

دن رات گذرتے ہین تصور مین اُسی کے
یاد اس کی بھلاؤن تو بھلائے نہین بنتا

وہ شرم سے منھ سامنے کرتا نہین میرے
آئینہ دکھاؤن تو دکھائے نہین بنتا

کہتا ہی جو اک آن نچھوڑون گا مین تجھ کو
جی اُس سے چھڑاؤن تو چھڑائے نہین بنتا

قاصد یہ پیام اُس سے تو کہدیجیو چپکے
گر خط مین لکھاؤن تو لکھائے نہین بنتا

بیکل کوئی کرتا ہی تراب اپنے کو ایسا
دل تجھ سے اُٹھاؤن تو اُٹھائے نہین بنتا

غزل ۲۱۳

گلے مین ڈال کے مالا پہن کے کان مین بالا
لیے جاتا ہی دل میرا یہ لڑکا برہمن والا

خرام ناز آفت ہی وہ بالاپن قیامت ہی
دکھاتا اس کا قامت ہی عجائب عالم بالا

پری چہرہ بت طناز خوش اسلوب خوش انداز
بدن نازک سراپا ناز کیا سانچے مین ہی ڈھالا

ہوا جو زلف پر مفتون وہ سودائی ہی اور مجنون
نہین اس سانپ کا فسون غضب کا ناگ ہی کالا

نہ پوچھو یار و اسکا گھر کہان رہتا ہی وہ دلبر
جہان بستے ہون جادوگر وہی ہی ملک بنگالا

دو چشم سرمگین پیاری غضب کرتی ہی خونخواری
تراب اس سے نکر یاری مجھے کل قتل کر ڈالا

غزل ۲۱۴

ترے فرقت زدہ کا ہاے کس حسرت سے دم ٹوٹا
ہوا مردہ تپک کے سر جو ہین تیرا قدم چھوٹا

تو کھاتا ہی قسم اپنی نہ غیرون سے ملونگا پھر
کسی سے یون بھی کرتا ہی کوئی قول و قسم جھوٹا

ملا آخر رقیبون سے ہوا ناخوش حسینون سے
نصیب اُسکا کہو پھوٹا کہ جس سے وہ صنم چھوٹا

کیا جس طرح سے غارت ہمارا دل اُسنے چتو نے
نہوگا یون کسی کافر نے کوئی بیت الحرم لوٹا

نکرنا تھا اسے یارو تراب ایسے کی دلشکنی
یہ دل ٹوٹا نہین ہاتھوں سے اُسکے جام جم ٹوٹا

غزل ۲۱۵

نہایت بیوفا نکلا صنم سے دل مرا ٹوٹا
نہین اب کچھ اُمید اس سے کہ بالکل آسرا ٹوٹا

لگاوٹ سے پھر اُس کی ٹھیکن دلکی نہ جاویگی
نہین جوڑے سے ملتا ہی جہان شیشہ ذرا ٹوٹا

ہمارے شیشۂ دل کو سنبھل کے ہاتھ مین لیجو
نزاکت اس مین ہی اتنی نظر سے جب گرا ٹوٹا

بہت پیری مین دانائی کا تھا مجکو گھمنڈ اے دل
جنون مین ہاتھ سے لڑکون کے اب سترا ٹوٹا

تراب اُسکو غنیمت جان جو رسوا ہوا جگ مین
محبت مین ہوا فانی ترا جون دحیرا ٹوٹا

غزل ۲۱۶

چھیڑ مت بلبل کو اے صیاد ہنگام بہار
صبر کر چندے گذر جانے دے ایام بہار

گل کھلے ہین کیون نہو مرغ چمن کو بیکلی
پھول جاتے تھے خوشی سے سُنکے جو نام بہار

کیون مزے مین بلبل و گل کے خلل ڈالے ہی تو
دور کر صیاد دام اپنا با ایام بہار

لڑکپن سے تا جوانی یون رہا اس کا جمال
جس طرح گل ہو دم آغاز و انجام بہار

کس طرح وہ رنگ و بو پر گل کے مائل ہو تراب
جو کہ صبح خزان دیکھے گے شام بہار

غزل ۲۱۷

ادھر وے ظالم و سرکش لیے تلوار بیٹھے ہین
ادھر ہم سر جھکائے ناتوان بیمار بیٹھے ہین

کمر پھر اُسنے میرے قتل پر باندھی ہی بسم اللہ
کہ جی دینے پہ ہم بھی مستعد تیار بیٹھے ہین

کدھر ہووے وہ متوجہ کدھر آنکھیں ملاوے وہ | کہ چارون سمت اُسکے طالب دیدار بیٹھے ہین
سُنا ہی ہم نے اے بلبل یہان آئیگا کل وہ گُل | چمن مین اس لیے پوشیدہ ہم جون خار بیٹھے ہین
تراب اُس بت سے کہدینا سمجھکے یان قدم رکھے | کہ کتنے یان برہمن توڑکے زنار بیٹھے ہین

غزل ۲۱۸

ہوے ہم کامران خون مین نہا کے | بہت پچھتائے وہ مقتل مین آکے
گئے ٹھوکر سے غیرون کو جِلا کے | ملایا خاک مین ہم کو جلا کے
سرشکون نے دیا داغِ جدائی | رکھا تھا اُن کو آنکھون سے لگا کے
عبث کرتے ہو تکلیف اے مسیحا | دوا کے ہین نہ قابل ہم دعا کے
بڑھا ہی عشق خط سے عشق گیسو | ہوے ظلمت کے ہادی خضر آکے
شب وصلت کٹی جاتی ہی یارب | مگر اُٹھتے نہین پردے حیا کے
گئے لخت جگر بھی اشک کے ساتھ | کسے رکھین گے چھاتی سے لگا کے
یہی عشق خط اخضر اگر ہی | کسی دن سو رہینگے زہر کھا کے
نہ سمجھے تھے کہ سَشِل شمع محفل | کرینگے خاک وہ ہم کو جلا کے
مین وہ افسردہ دل تھا بعد مردن | نہ لایا شمع کوئی بھی جلا کے
لبون کی یاد مین ہم کو غش آیا | مَرے ہم چشمۂ حیوان پہ جا کے
مجت کھینچ لائی بعدِ مردن | وہ روئے تربت عاشق پہ آکے
اُلجھتی زلف ہی شانہ سے کیا کیا | بگاڑا تم نے اپنے سر چڑھا کے
نہ زندہ کرسکے عاشق کا مردہ | مسیحا بھی چلے شانہ ہلا کے
کہا قاتل نے آکر قبر پر سعد | اُٹھو سوئے بہت آرام پا کے

غزل ۲۱۹

سُنتا ہی کون کس سے کہون ماجرا اے دل | بہتر یہ ہی کسی سے نہ کوئی لگائے دل

کیونکر رہین حواس جو قابو سے جائے دل — اے کاش موت آئے کسی پر نہ آئے دل
باتین وہ دلفریب ادائین وہ دلربا — ایسے پری جمال پہ کیونکر نہ آئے دل
بے مہر و بے مروت و نا آشنا ہو تم — تم سے خدا کرے نہ کوئی بھی لگائے دل
شیرین کا یہ کلام ہی ہر وقت ہر گھڑی — جس کو خدا خراب کرے وہ لگائے دل

غزل ۲۲۰

نشان ہی دل مین اپنے ناوک مژگان جانان کا — مداوا ہو سکے کیا چارہ گر سے زخم پنہان کا
نہ پوچھو ہمدمو کٹتا شب تاریک ہجران کا — دم شمشیر تھا گردن پہ ہر دم خم گریبان کا
جنون یہ کشمکش ہمسے عبث ہی مجھکو زندان مین — چھڑا دے قید سے ہمکو تو رستہ لین بیابان کا
بجائے گل ہی زخم دل بجائے ابر چشم تر — مثال تار بارش تار ہی اک اک گریبان کا
مجھے گریہ کی فرصت دے تو اے وحشت دکھا دون مین — جو عالم ہی بیابان کا وہی نقشہ ہو زندان کا
خرابی مین پڑیگا تو پریشان دل ترا ہوگا — ارے ناصح نہ سن قصہ مرے حال پریشان کا
جنازہ جلد پہنچا دو مرا اس بت کے کوچے مین — کہین جھونکا نہ لگ جائے نسیم باغ رضوان کا

غزل ۲۲۱

کوئی بشر مجھے ایسا نظر نہین آتا — کہ تیرے کوچے سے تھامے جگر نہین آتا
رفیق وان کوئی جاتا ہی رحم کھا کے اگر — تو پھر وہ بھول کے رستہ ادھر نہین آتا
مریض درد محبت کا دل نہ توڑا پنے — نہین تو منہ سے نہ کر تو اگر نہین آتا
مسیح ہی پہ چلا نام را نہین منظور — مرے جنازے پہ وہ جان کر نہین آتا
ہوا ہی حال حیا کا یہ ہجر مین تیرے — کرا تبو دم بھی ہی دو دو پہر نہین آتا

غزل ۲۲۲

لبون پہ جان ہی یان وان سوال جانے کا — کہان ہی ہم مین دم اس صدمہ کے اٹھانے کا
بھری ہین آن کے سینے مین حسرتین ایسی — کہ اب ٹھکانا نہین دم کے بھی سمانے کا

بغیر جان لیے آزارِ غم نہیں جاتا
خدا کسی کو نہ دے روگ دل لگانے کا

شگاف سینہ مرا چاک دل جگر ٹکڑے
اور اُسپہ بھی ہی خیال اُسکو آزمانے کا

رقیب سوزشِ دل کے مزے کو کیا جانے
کہ حوصلہ نہیں رکھتا جگر جلانے کا

خدا ہی ہی کہ رہے توبہ کعبہ جانے تک
قدم قدم ہی تصورِ شراب خانے کا

غزل ۲۲۳

تشنہ کاموں نے شہادت پہ ترے دل کھولا
آبِ شمشیر سے روزہ دمِ بسمل کھولا

الاماں کی در و دیوار سے آتی ہے صدا
کس نے زخمِ جگرِ عاشقِ بیدل کھولا

سینہ کوبی سے تنگ آئے تھے یا تنگ احباب
کہ نہ چھاتی سے مرا ہاتھ تہِ گِل کھولا

داد بیداد کی چاہی تو کیا اور ستم
خوب انصاف پہ دل جورِ شمائل کھولا

ہائے ہائے محبت کہ صفائی کے لیے
خط مرا غیر کے آگے سرِ محفل کھولا

غزل ۲۲۴

سنا ہی آپ ذکرِ عاشقِ ناشاد کرتے ہین
جزاک اللہ مجھ بھولے ہوے کو یاد کرتے ہین

عروسِ گل کی مہندی آج ہی کیا صحنِ گلشن مین
کہ مرغانِ چمن شورِ مبارک باد کرتے ہین

اُتر آتی ہین پریان صاف اُنکے شیشۂ دل مین
نہین معلوم کیا جادو یہ آدم زاد کرتے ہین

نہین معشوق و عاشق اپنے اپنے شغل سے غافل
وہ صحن باغ کو ہم دشت کو آباد کرتے ہین

کتر کر نوچ کر پر توڑ کر یا باندھ کر فرحت
وہ مرغانِ چمن کو قید سے آزاد کرتے ہین

غزل ۲۲۵

قصۂ ہجرِ بتان ہوش مین آؤن تو کہون
تھام لون ضبط کرون دل کو سنبھالون تو کہون

دیکھے دل دام جو پوچھے تو کہا یوسف نے
اے زلیخا اسے بازار دکھالون تو کہون

زرِ رخسار کے بوسے کی ہو یون کیا قیمت
چاشنی دیکھ لون کس دیکھ لون تا لون تو کہون

سلسبیلِ دہن پاک کی پوچھو نہ صفت
ہاتھ منہ دھو لون وضو کر لون نہا لون تو کہون

تلخ ہی ترش ہی شیرین ہی کہ پھیکا ہی کہ تیز
میوۂ بوسۂ غبغب کا مزا لون تو کہون

سرگذشت غمِ گیسو سے وہ برہم ہونگے
اپنے سر بیٹھے بٹھائے جو بلا لون تو کہون

رازِ دل کی نہ کسیکو ہو خبر کانون کان
فرصت اغیار کو جب بزم سے ٹالون تو کہون

غزل ۲۲۶

یہ زمانہ عالمِ خواب ہی پئے تشنہ مثل سراب ہی
جو مکین ہی نقش بر آب ہی جو مکان ہی شکل حباب ہی

رگِ برگ گل ہی رگِ بدن رخِ صاف غیرت یاسمن
جو وہ تن ہی رشکِ گلِ چمن تو پسینا عطرِ گلاب ہی

نہ پھرے عدم کو جو چل بسے ہی سزا جزا کی خبر کسے
یہ یہین سب ہین کے مبلجے نہ عذاب ہی نہ ثواب ہی

نہ وہ وقت عیش و خوشی رہا نہ وہ لطف بادہ کشی رہا
نہ وہ دل رہا نہ وہ جی رہا نہ وہ عمر ہی نہ شباب ہی

ہی سمندِ عمر رواں رواں بشر آگے پیچھے ہین سب رواں
ہی رواں عدم کو یہ کارواں جسے دیکھو پا برکاب ہی

لہو چشمِ تر سے بہاتے ہین جگر اپنا غم سے جلاتے ہین
اسے پیتے ہین اسے کھاتے ہین یہ شراب ہی وہ کباب ہی

کبھی آئے آئے نہ آئے وہ اگر آئے بھی تو لیجائے وہ
رہے بیٹھے منہ کو چھپائے وہ جو کہا تو بولے حجاب ہی

تمھین طرز مشتری خبط ہی کہ جو بیوفاؤن سے ربط ہی
مگر اللہ اللہ یہ ضبط ہی کہ نہ جس کی حد نہ حساب ہی

غزل ۲۲۷

پلا ساقی مجھے ساغر شراب ارغوانی کا
کہ جوش فصل گل ہی اور عالم ہی جوانی کا

نہین دم بھر کو بھی تشریف لاتے ہو یہان صاحب
ہمین کیا لطف حاصل ہوگا اپنی زندگانی کا

تمھاری بیتِ ابرو ہوگئی ہی یاد جسدن سے
کسی ساعت نہ بھولا شوق ہمکو شعر خوانی کا

ہنسا کرتے ہین خوبان جہان جو دیکھ کر مجھکو
اثر ہی تیرے عاشق کے یہ رنگ زعفرانی کا

نہ کیونکر سر سے پا تک زرد ہو جاوے مرا لاشہ
کہ مین کشتہ ہون قاتل کے لباس زعفرانی کا

تری مخمور آنکھون نے کیا سرمست کیا مجھکو
فرو ہوتا نہین نشہ شراب ارغوانی کا

ذرا اے ماہ وقت نزع تو صورت دکھا جانا
رہیگا حشر تک ممنون تری اس مہربانی کا

میسر ہوئے وہ معشوق اگر اخگر تو راحت ہی
وگرنہ خضر سان کیا لطف عمر جاودانی کا

تلخ ہی ترش ہی شیرین ہی کہ پھیکا ہی کہ تیز
میوۂ بوسۂ غبغب کا مزا لون تو کہون

سرگذشت غمِ گیسو سے وہ برہم ہوگئے
اپنے سر میٹھے بٹھائے جو بلا لون تو کہون

رازِ دل کی نہ کسیکو ہو خبر کانون کان
فرحت اغیار کو جب بزم سے ٹالون تو کہون

غزل ۲۲۶

یہ زمانہ عالمِ خواب ہی پئے تشنہ مثلِ شراب ہی
جو مکین ہی نقش بر آب ہی جو مکان ہی مثلِ حباب ہی

رگ برگ گل ہی رگِ بدن رخ صاف غیرتِ یاسمن
جو وہ تن ہی رشکِ گلِ چمن تو پسینا عطرِ گلاب ہی

نہ پھرے عدم کو جو چل بسے ہی سزا جزا کی خبر کسے
یہ یہین سب ہین کے مبلجھے نہ عذاب ہی نہ ثواب ہی

نہ وہ وقت عیش و خوشی رہا نہ وہ لطف بادہ کشی رہا
نہ وہ دل رہا نہ وہ جی رہا نہ وہ عمر ہی نہ شباب ہی

ہی سمندِ عمرِ رواں رواں بشر آگے پیچھے ہین سب رواں
ہی رواں عدم کو یہ کاروان جسے دیکھو پا بہ رکاب ہی

لہو چشمِ تر سے بہاتے ہین جگر اپنا غم سے جلاتے ہین
اسے پیتے ہین اسے کھاتے ہین یہ شراب ہی وہ کباب ہی

کبھی آئے آئے نہ آئے وہ اگر آئے بھی تو لیجائے وہ
رہے بیٹھے منہ کو چھپائے وہ جو کہا تو بولے حجاب ہی

تمھین طرفہ شستری خبط ہی کہ جو بیوفاؤن سے ربط ہی
مگر اللہ اللہ یہ ضبط ہی کہ نہ جس کی حد نہ حساب ہی

غزل ۲۲۷

پلا ساقی مجھے ساغر شراب ارغوانی کا
کہ جوشِ فصلِ گل ہی اور عالم ہی جوانی کا

نہین دم بھر کو بھی تشریف لاتے ہو یہان صاحب
ہمین کیا لطف حاصل ہوگا اپنی زندگانی کا

تمھاری بیتِ ابرو ہو گئی ہی یاد جسدن سے
کسی ساعت نہ بھولا شوق ہمکو شعر خوانی کا

ہنسا کرتے ہین خوبان جہان جو دیکھکر مجھکو
اثر ہی تیرے عاشق کے یہ رنگ زعفرانی کا

نہ کیونکر سر سے پا تک زرد ہو جاوے مرا لاشہ
کہ مین کشتہ ہون قاتل کے لباسِ زعفرانی کا

تری مخمور آنکھون نے کیا سرمست کیا مجھکو
فرو ہوتا نہین نشہ شرابِ ارغوانی کا

ذرا اے ماہ وقتِ نزع تو صورت دکھا جانا
رہونگا حشر تک ممنون تری اس مہربانی کا

میسر ہوئے وہ معشوق اگر اخگر تو راحت ہی
وگرنہ خضر سان کیا لطف عمرِ جاودانی کا

ظفر جب اُس پری نے اپنا جمال دکھلایا حیرت افزا
وہ نقش دیوار ہو گیا ہے نہ منھ سے بولے نہ سر سے کھیلے

غزل ۲۲۰

کسی پردہ نشین کا ہے شوق لقا کوئی طرح اب ایسی بتا دے مجھے
کہ اُٹھا کے وہ پردۂ شرم و حیا ذرا اپنا جمال دکھا دے مجھے
ترے دیکھنے کے تو ہین سیکڑوں ڈھب نہین دیکھتا مین تو یہی ہے سبب
کہ تجلی حسن کی برق غضب کہین ایسا نہو کہ جلا دے مجھے
مجھے قتل کیا تو یہ اُس نے کہا کہ تو رنج و عذاب سے چھوٹ گیا
ترے ساتھ یہ مین نے سلوک کیا مرے کشتۂ ناز دعا دے مجھے
رہی اتنی بھی طاقت و تاب نہین کہ زمین سے اب اُٹھے یہ خاک نشین
ترے کوچے کی سمت بلا سے کہین مرا اگر یہ شوق بہا دے مجھے
کسی زخم تو کھائے پر آج تلک ملی لذت عشق نہ مجھکو فلک
مرے زخم جگر پہ چھڑک کے نمک مزا عشق و وفا کا چکھا دے مجھے
لگے بات کا میری ٹھکانا کہان کہ جب ایک سخن مین وہ سحر بیان
کبھی عرش برین پہ بتا دے مکان کبھی فرش زمین پہ گرا دے مجھے
نہو دام علائق جسم اگر کرون گلشن قدس کی سیر ظفر
کوئی ایسا ہو کامل پاک نظر کہ جو قید سے اس کی چھڑا دے مجھے

غزل ۲۲۱

جسکو دلدار سمجھتے تھے سو دلبر نکلا
چارہ گر ہم جسے سمجھے وہ فسون گر نکلا
سرمہ چشم بت شوخ کو سمجھا مین کیمس
جس سے تیغ نگہ ناز کا جوہر نکلا
خاک جو شوق شہادت مین ہوا ہون قاتل
سبزہ تربت سے مری صورت خنجر نکلا

نونکے یہ داغ نہین ہرین ہین گویا قاتل | تیرا دامان ہی مرے قتل کا محضر نکلا
حسرت قد مین ترے سینۂ گلزار سے آج | صورت آہ رسا سرو و صنوبر نکلا

غزل ۲۳۲

جہان مین ہم نے اگر کیا نہ پایا | نشان لیکن محبت کا نہ پایا
برائی اپنے دل سے دور کر کے | یہان ہم نے کسے اچھا نہ پایا
کنشت و کعبہ و دشت و چمن مین | کہان یارب ترا جلوا نہ پایا
خبر لے کون یاران عدم کی | کسی زندہ نے وہ رستا نہ پایا
رہی نالان سدا بلبل چمن مین | مزا کچھ گل کی صحبت کا نہ پایا
چھپایا ہم نے یہ سوز نہان کو | کسی نے راز غم اپنا نہ پایا
بہت دیکھے اگرچہ مصر و بازار | کوئی یوسف مگر تجھ سا نہ پایا
یہ دنیا واقعی ماتم کدہ ہے | نشان یان عیش و راحت کا نہ پایا

غزل ۲۳۳

کیا ترپنا دیکھکر میرا وہ گھبرا جائیگا | سامنے قاتل کے خود مجھسے نہ تڑپا جائیگا
کیا مین تڑپون خنجر بران قاتل کے تلے | دیکھکر مجھکو تڑپتا وہ تو گھبرا جائے گا
یہ تو کرتے ہین ستم پھر انکے کوچے مین کوئی | کیا دل شیدا کو اپنے خاک بہلا جائیگا
بسکہ شوق دید ہے پھٹ جائیگا سنگ مزار | وہ بت کافر مری تربت پہ گر آ جائیگا
عاشق کاکل کا وحشت سے ٹھہرا ہی محال | لاکھ گو دیوانہ زنجیرون سے جکڑا جائیگا
ای فدا اس کرنا تو محفل مین اسکے ہاتھ کو | وہ سراپا ناز ان باتون سے شرما جائیگا

غزل ۲۳۴

اشک سے میرے غبار کوے جانان بہگیا | لے ترا محمل الجوا ہر چشم گریان بہگیا
دختر گردون ڈبویا میری موج اشک نے | غرق بہرے مین عطارد بہر تو کیوان بہگیا

کس قدر رو دنیا مین دریا سے فنا ہی موج زن
دیکھو ای غافل کہان تخت سلیمان ہوگیا

باغ جنت مین جو رو یا ہون فراق یار سے
غل ہی ارباب جنان کا یہ کہ رضوان ہوگیا

ای فدا سامان نخوت ہی خدا کو ناپسند
دیکھو کیونکر لشکر فرعون و ہامان ہوگیا

غزل ۲۳۵

ملو پایا ایسا غم دلدار مین ڈھونڈھا نہ ملا
دل مرا اس جسد زار مین ڈھونڈھا نہ ملا

زخم جو ہین دل صد چاک مین میرے ای گل
غنچہ ایسا کوئی گلزار مین ڈھونڈھا نہ ملا

تیغ ابرو سے قاتل مین جو ہے برائی
کاٹ ایسا کسی تلوار مین ڈھونڈھا نہ ملا

یوسف اپنا نہین معلوم کہان پنہان ہی
جس قدر کوچہ و بازار مین ڈھونڈھا نہ ملا

حسن کو خط نے ترے رنگ بنایا میرا
اب وہ آئینہ جو زنگار مین ڈھونڈھا نہ ملا

غزل ۲۳۶

فریاد مین آیا تھا دلدار سمجھکر
مارا ہی مجھے تو نے گنہگار سمجھکر

واقف نہین کوئی مری بیماری دل سے
بالین پہ طبیب آتے ہین بیمار سمجھکر

دکھلاتا ہی ہر روز نئے رنگ کا اغیار
عاشق مجھے اپنا وہ ستمگار سمجھکر

سنبھل گئے عالم ہستی مین صد افسوس
ہم آئے عدم سے تھے جو اسرار سمجھکر

واقف ہی مرے عجز نہان سے جو وہ کافر
کرتا ہی تبسم مرے اشعار سمجھکر

تعجیل کسی کام مین اچھی نہین ہرگز
دنیا مین فدا کیجیے ہر کار سمجھکر

غزل ۲۳۷

لیکر اغیار کو آتا ہی ادھر سو سو بار
داغ غم دیتا ہی وہ رشک قمر سو سو بار

ہی کہان گل کا نشان فصل خزان مین ہی ہزار
جا کے لیتی ہی گلستان کی خبر سو سو بار

سیر کو جاتا جو گلشن مین وہ رشک گلزار
جھکتی تسلیم کو ہر شاخ شجر سو سو بار

دل لگا کیا کہ ادھر اب ہی نکلنا دشوار
جایا کرتا تھا مین ہر روز جدھر سو سو بار

کسقدر شوق ہی تیرا مجھے اے فصل بہار
روز زندان مین لیتا ہون خبر سو سو بار

غزل ۲۳۸

ایسے رکھتے تھے نہ روشن مہ کنعان عارض
ہین دو خورشید منور ترے جانان عارض

سبزۂ خط ہی جو ریحان تو ہی کاکل سنبل
گل ہین گویا ترے ای رشک گلستان عارض

دیکھکر ای بت کافر یہ خط نو آغاز
بستے ہین ترے یاقوت رقم خان عارض

غیر کو بوسہ دو اور رہا ہے ستم یون مجھسے
تمنے گھونگھٹ مین چھپائے ہین مریحان عارض

چمن حسن ہی وہ غیرت شمشاد فدا
لالہ و گل کے ہین گویا دو خیابان عارض

غزل ۲۳۹

ڈالا ہی کس بلا مین مجھے واے واے دل
ہی روز و شب جو لب پہ مرے ہاے ہاے دل

جی جائے جان جائے اجل آئے موت آئے
یارب مگر کسی کا کسی پر نہ آئے دل

اُس بت کے غم مین اب کی سلامت اگر رہا
کافر ہو پھر کسی سے جو بندہ لگائے دل

مجھکو بلاے جان یہ دل بیقرار ہی
درد بتان شوخ ہی یارب بلاے دل

کیونکر نہ عزم کوے بتان مجھکو ہو فدا
ہی خضر اشتیاق مرا رہنماے دل

غزل ۲۴۰

ترے ہجر کی تاب نہین ہی صنم مجھے نالہ و آہ رسائی کی قسم
مجھے عادت رنج و عنا کی قسم مجھے شیوۂ درد و بکا کی قسم

یہ جو آپ کے لب پہ ہی داغ ہوا نہین مجھ پہ کچھ اسکا ہی راز کھلا
تو بتاؤ صنم مجھے بہر خدا تمھین خالق ارض و سما کی قسم

مین نے بوسہ جو تمسے کیا ہی طلب مریجان یہ سکوت کا کیا ہی سبب
مجھے دیجیے خیر جواب ہی اب تمھین پردۂ شرم و حیا کی قسم

صنم آتش غم سے کباب ہون مین کئی روز سے بیخور و خواب ہون مین

مری لیجے خبر کہ خراب ہون مین تمھین شافع روز جزا کی قسم

ترے دید کے شوق مین رشک قمر مین نے لی ہی عدم کی جو راہ سفر

مرے کیجے جنازہ پہ تو بھی گذر تجھے کشتۂ ناز و ادا کی قسم

نہو کل کی خطا یہ خفا او پری کرو رات کو پھر یہان جلوہ گری

مین نہ چھیڑونگا اب تمھین آج ذری مجھے پاس و لحاظ و وفا کی قسم

غزل ۲۴۱

اُٹھا کر لیچلو میرا ابھی بستر کوے جانان مین
شفا پاتا ہی ہر بیمار مضطر کوے جانان مین

عجب کیا ہی مریض غم جو رہتے ہین وہان ناصح
مسیحا کا گذر رہتا ہی اکثر کوے جانان مین

شمیم زلف مشکین ہی نہ پوچھ اسے ہمدم نادان
کہ آتی ہی کہان سے بوے عنبر کوے جانان مین

گذر باد صبا کا بھی وہان دقت سے ہوتا ہی
غبار خاکساران پہونچے کیونکر کوے جانان مین

تہ شب ظلمت ہی اور آنسو ہین میرے چشمۂ حیوان
بنا ہون اے فدا مین بھی سکندر کوے جانان مین

غزل ۲۴۲

بہت مشکل ہی اب شفا مجھکو
مرض عشق ہی فدا مجھکو

دو بگا اے چرخ گالیان تجھکو
اُنسے تو نے کیا جدا مجھکو

چرخ فریاد اک بت سفاک
ذبح کرکے چلا گیا مجھکو

لیگیا دل اور اُس کے بدلے مین
دیگیا غم وہ دلربا مجھکو

مال و دولت سے کیا غرض یارب
اُس کے کوچے کا کر گدا مجھکو

ناتوان ہون دیار جانان مین
جلد اُڑا لیچل اے صبا مجھکو

غزل ۲۴۳

کیا برا عشق کا آزار لگا ہی مجھکو
کچھ موثر نہ دعا اور نہ دوا ہی مجھکو

کام کچھ آب و خورش سے نہ رہا ہی مجھکو
ناشتہ خون جگر کا جو سدا ہی مجھکو

مشغلہ ہجر مین جو آہ و بکا ہی مجھکو
مونس جان حزین رنج و عنا ہی مجھکو

کس سے بوسہ لب شیرین کا ملا ہی مجھکو
تلخ کامی مین جو شکر کا مزا ہی مجھکو

آج جو شربت دیدار ملا ہے مجھکو
بارے کچھ درد تپ غم سے شفا ہی مجھکو

نظر افضال خدا پر جو فدا ہے مجھکو
ہر در مشکل دارین کھلا ہی مجھکو

غزل ۲۴۴

اے پری حسن دل افروز دکھا دے مجھکو
تو جو لیلی ہی تو مجنون بھی بنا دے مجھکو

تاب دوری نہین صلا مرے دل کو یارب
آتش ہجر بتان کاش جلا دے مجھکو

عمر کاٹی ہی ترے رنج و محبت مین مدام
بیوفائی سے نہ اے شوخ دغا دے مجھکو

سادہ رویون کی نہ سادی ہی کوئی ناز سے بات
بھیجتا خط بھی ہی وہ شوخ تو سادے مجھکو

بوسۂ زلف جو لے لون مین سیہ مستی مین
بت ہیکش کبھی اک جام پلا دے مجھکو

ایک مدت سے فدا ہون ترا مشتاق کلام
غزلین دو چار تو آج اپنی سنا دے مجھکو

غزل ۲۴۵

زخم کھایا ہی جگر پر ابروے خمدار سے
ہو گیا مین ذبح او قاتل تری تلوار سے

سایۂ طوبی کی خواہش ہی نہ حورون سے غرض
کام رکھتا ہون بتون کے سایۂ دیوار سے

قبر پر کوندا کرے گی میری بجلی رات دن
مر گیا ہون مین کسی کے جلوۂ دیدار سے

ہجر مین اس سرو قامت کے نہ دو تکلیف سیر
مجھکو ہوتا ہی جنون پیدا گل و گلزار سے

پاک ہی نیت جو تیری اے فدا کچھ غم نہین
ہی عبث پرہیز کرنا صحبت دلدار سے

غزل ۲۴۶

جسے تم غیر سمجھے ہو اسے ہم یار کہتے ہین
جہان کو ہم سراسر جلوۂ دلدار کہتے ہین

نہو جس گل مین تیری بو اسے ہم خار کہتے ہین
جہان تو جلوہ گر ہووے اسے گلزار کہتے ہین

ادا جس چال مین نکلے اسے رفتار کہتے ہین
سخن جو جی کو لیجاوے اسے گفتار کہتے ہین

سند منصور ہی سے یہ ملی راہِ محبت مین
ہر اک بار آئے جب کا سر اسے سر دار کہتے ہین

نگاہ مست تیری کس قدر خونریزِ عالم ہے
عبث آنکھون کو تیری نرگسِ بیمار کہتے ہین

نہین ہے اپنا شیوہ شاعری کافر و لیکن
کیا نذرِ نیاز اُنکے جو یہ اشعار کہتے ہین

غزل ۲۴۷

پری ہر شکل گوری سانولی معلوم ہوتی ہے
جوانی جس کسی کی ہو بھلی معلوم ہوتی ہے

نمو ہے اُنکے پستان کا بہار آئی ہے جوبن پر
مہکتی بسن سے گل کی کلی معلوم ہوتی ہے

شبِ فرقت فلک پر مین ستارے یا لگائے ہے
یہ سقفِ کہنۂ گردون جلی معلوم ہوتی ہے

طبیعت کا عجب ہے ڈھنگ ہو معشوق کیسا ہی
بری بھی ہے ادا اُس کی بھلی معلوم ہوتی ہے

خطا اُنکا دیدۂ دل سے محبت مین جو پڑھتا ہون
عبارت بھی خفی لکھی جلی معلوم ہوتی ہے

کہا صیاد نے انداز دیکھا جب کہ بلبل کا
گلون مین رہ کے نازون کی پلی معلوم ہوتی ہے

نہین ہے یہ جو لب پر خون کی لالی لگائی ہے
کسی پہ تیغ قاتل کی چلی معلوم ہوتی ہے

لطافت ہند مین ہے مبتلا اکرخیہ سے بچے
رہائی اِس سے مشکل یا علی معلوم ہوتی ہے

غزل ۲۴۸

نہ چھیڑو ہمین دل دکھائے ہوئے ہین
جدائی کے صدمے اُٹھائے ہوئے ہین

جو اشک اب آنکھ مین ڈبڈبائے ہوئے ہین
جگر پر کڑی چوٹ کھائے ہوئے ہین

بتون نے جلایا ہمین شمع صورت
خدا سے بس اب لو لگائے ہوئے ہین

نہ دے اِس قدر قہر تکلیف ہم کو
ترے گھر مین مہمان آئے ہوئے ہین

شہیدون کے لاشون پہ بولا یہ قاتل
یہ سب خون مین کیون نہائے ہوئے ہین

گلہ بخت کا کچھ نہ شکوہ فلک سے
دلِ غم زدہ کے ستائے ہوئے ہین

حیا وصل مین بھی نہین جاتی اُن کی
دوپٹے سے منھ کو چھپائے ہوئے ہین

جو آجائے مشکل تو گھبرا نہ رنگین
علی بہرِ امداد آئے ہوئے ہین

غزل ٢٤٩

سم ہوئی حق مین ہمارے آشنائی آپ کی / چاشنی گرم فرقت نے چکھائی آپ کی
بے سبب اچھی نہین جانان رکھائی آپ کی / جان لیگی ایک دن یہ کج ادائی آپ کی
حال پرسی چاہیے ہی اے شہِ خوبان ضرور / دیتے ہین در پر پڑے عاشق دہائی آپ کی
آنکھ بھر کر بھی کبھی ہم نے نہ دیکھا حور کو / چاند سی صورت جو نظرون مین سمائی آپ کی
ہوگئی اغیار کی جب سے رسائی بزم مین / وہ طبیعت ہمنے پھر اک دن نہ پائی آپ کی
جب ملی مہندی ہوے دو چار خون عشاق کے / واہ وا صاحب حنا کیا رنگ لائی آپ کی
بعد مدت کے قدم رنجہ کیا کیا نذر دین / نقد دل تو دے چکے ہین رونمائی آپ کی
شب تڑپتے لوٹتے سر دھنتے گذری ہی مجھے / بیقراری بڑھ گئی جب یاد آئی آپ کی
پھر گئے غیرون کی خاطر آپ اپنے قول سے / سخت مشکل اب ہی عالم سے صفائی آپ کی

غزل ٢٥٠

جب سے مین بندہ ہوا ہون اُس بت دلخواہ کا / شرم دنیا خوف عقبیٰ ہی نہ دھیان اللہ کا
کوئی چپ ہی کھینچتا ہی کوئی نعرہ آہ کا / سچ جو پوچھو یہ پتا ہی اُسکے گھر کی راہ کا
حیلہ سازی کرکے مارے کیسے کیسے شیر نر / گنبد گردون نے سیکھا ہی چلن روباہ کا
کس گل خوبی کے آنے کی خبر ہی اے صبا / شور ہی چارون طرف گلشن مین بسم اللہ کا
یار کو دیکھا ہی اور یوسف کو سنتے ہین فقط / سچ تو یون ہی ہو یقین کسکے تئین افواہ کا
دونون عارض ہین ستارے کہکشان وہ مانگ ہی / روے دلبر ماہ ہی گیسو ہے ہالا ماہ کا
عشق تیرا کیون نہ کھینچے تیری جانب کو مجھے / تجھ مین عالم کہربا کا مجھ مین نقشہ کاہ کا
غرق بحر عشق مین لاکھون ہوے ہین آشنا / آج تک کھلتا نہین احوال اسکی تھاہ کا
روز ترساتا ہی وہ قاتل مجھے ہر بات مین / کیا اثر جاتا رہا اللہ میری آہ کا
آزمائش کے لیے کہتا ہی یہ ہمسے وہ شوخ / واہ کیا آسان ہی کرنا کسی سے چاہ کا

گرد بتخانے کے پھرنے سے ملا کیا فائدہ | کیجئے چلکر طواف اے جوش بیت اللہ کا

غزل ۲۵۱

کس کو وحشی کسے رسوا نہ کیا | حضرت عشق نے کیا کیا نہ کیا
چشم سرشار سے اُس کی تو نے | سامنا نرگس شہلا نہ کیا
خاک دعوے تھا مسیحائی کا | کشتۂ ناز کو زندا نہ کیا
نقد اک بوسے پہ بھی اُس کی خرید | تو نے دل کا مرے سودا نہ کیا
تمنے کیون مجھ پہ جفائین لاکھون | مین نے پر ایک کا شکوا نہ کیا
بجلی کب ہنسنے سے تیرے نہ گری | فتنہ کب چال سے برپا نہ کیا
ہو گیا مائلِ رخسار صنم | بخدا دل نے کچھ اچھا نہ کیا
کیون نہ یکتا اُسے کہئے جسنے | اپنا ثانی کوئی پیدا نہ کیا
کھینچ لاتی اُسے میرے گھر تک | کام اس آہ نے اتنا نہ کیا
دل کے لیتے مین کیا تم نے سوچ | جوش نے اپنا پرایا نہ کیا

غزل ۲۵۲

تکلف نہین ہم سے زیبا تمھارا | تمھارا ہمارا ہمارا تمھارا
لیا دل تو لو جان بھی کیون ہے پھر | تمنا ہماری تقاضا تمھارا
یہ تصویر چہرہ اُتر کیون گیا ہی | کھنچے کس سے ہو کیا ہی نقشا تمھارا
نہ تیر آہ کا دستِ قدرت مین اپنے | نہ شمشیر ابرو پہ قبضا تمھارا
چلے ہمتو حسرت ہی لیکر رقیبو | مبارک رہے تم کو پیارا تمھارا
رقیبون سے لڑنے کا قصہ نہ پوچھو | فضیحت ہماری تماشا تمھارا
مین اپنے ہی جذبے کا قائل تھا لیکن | غضب ہے مریجان غصا تمھارا
مجھے اور سے کیا مین عاشق ہون پیارے | تمھارا تمھارا تمھارا تمھارا

خفا ہوتے کیون ہو رکیگا نہ پیارے
نہ جذبہ ہمارا نہ جلوا تمھارا

نسیم اس چمن مین گل تر کی صورت
پھٹے کپڑے رکھتے ہین پردا تمھارا

غزل ۲۵۳

عجب کچھ لطف سے صدمے دل نادان اُٹھاتا ہی
سزا اپنے کیے کی آپ یہ جس وقت پاتا ہی

کبھی تو خون روتا ہی یہ دل گہ مسکراتا ہی
کبھی صحرا مین جاکر خاک یہ سر پر اُڑاتا ہی

سمجھنا تو نہ اے نادان کہ یہ باتین بناتا ہی
بہار آنے دے پھر دل دیکھنا کیا رنگ لاتا ہی

مرے نالون سے نالان ہو ملک فریاد کرتے ہین
کہ اے کمبخت کیون عرش برین ہر دم ہلاتا ہی

نہونا پست پا اے دل تو میدان محبت مین
کہ تجھکو بعد مدت آج قاتل آزماتا ہی

کلام تلخ کرنے سے تجھے کیا فائدہ ظالم
مثال آبلہ خود دل ہی کیون اُسکو دکھاتا ہی

اگر پوچھے وہ میرا حال تو قاصد یہ کہہ دینا
جگر مین درد ہی اور ضعف سے دل سنسناتا ہی

نہین ممکن ہی بے محنت کسی کو اپنا کر رکھنا
بہت مشکل سے دل پیارے کسیکا ہاتھ آتا ہی

اگر کہتا ہون اُس سے دیکھ مر جاؤنگا کچھ کھاکر
تو کہتا ہی بلا سے کس کو مرنے پر ڈراتا ہی

غزل ۲۵۴

دل مرا تیر ستمگر کا نشانہ ہوگیا
آفت جان میرے حق مین دل لگانا ہوگیا

ہوگیا لاغر جو اک لیلی ادا کے عشق مین
مثل مجنون حال میرا بھی فسانہ ہوگیا

خاکساری نے دکھایا بعد مردن یہ عروج
آسمان تربت پہ میری شامیانہ ہوگیا

خواب غفلت سے ذرا دیکھو تو کب چونکے ہین ہم
قافلہ ملک عدم کو جب روانہ ہوگیا

فصل گل مین بھی رہائی کی نہ کچھ صورت ہوئی
قید مین صیاد مجھکو اک زمانہ ہوگیا

بعد مردن کون آتا ہی خبر کو اے رسا
ختم بس کنج لحد تک دوستانہ ہوگیا

غزل ۲۵۵

ہماری آہ کی تاثیر دیکھو
ہلی وہ عرش کی زنجیر دیکھو

جدھر وہ ہی اُسی جانب کو اپنا
کھنچا جاتا ہی دل تاثیر دیکھو

دیا داغ جگر ہی جس نے ہم کو
یہی ہی وہ بت بے پیر دیکھو

نہین دامن مین اس کے سرخ سنجاب
ہمارا خون ہے دامنگیر دیکھو

اُداسی چھا رہی ہے بے کسی ہے
مزارِ عاشق دلگیر دیکھو

جو خط جاتا ہی پڑھ سکتا نہین وہ
مری تقدیر کی تحریر دیکھو

پھر آیا یار میرے در سے جا کر
مری اُلٹی ہوئی تقدیر دیکھو

گلے مین طوق وُہ ہے پا بہ زنجیر
اسیر عشق کی توقیر دیکھو

وہ بن بن کے بگڑ جاتے ہین سلطان
مری بگڑی ہوئی تقدیر دیکھو

غزل ۲۵۶

وہ میرے پہلو سے گھر سدھارے اِدھر کی دنیا اُدھر ہوئی ہی
قیامت آئی ہی یا الٰہی یہ آج کیسی سحر ہوئی ہی

مریضِ الفت کی روح تن سے روانہ پچھلے پہر ہوئی ہی
تمام آفاق مین ہی چرچا تمھین کچھ اُس کی خبر ہوئی ہی

تجھے ہی معلوم خاک زاہد کہ عاشقی مین ہی کیسی لذت
یہ پوچھ مجھ سے کہ عمر میری اسی مین ساری بسر ہوئی ہی

خدا نے ایسا جمال روشن کیا ہی اُس مہر کو عنایت
جو روئے تاباں سے زلف اُٹھی تو شام کو بھی سحر ہوئی ہی

کبھی جو در تک مین اُنکے پہونچا تو مجھکو دربان نے دی یہ تسکین
بُلائین گے وہ ضرور تم کو ذرا سا ٹھہرو سحر ہوئی ہی

نصیب دیکھو کہ ایک دن بھی مزاج اُنکا نہ ہم سے بدلا
اگرچہ سو بار سے زیادہ اِدھر کی دنیا اُدھر ہوئی ہی

گذر گئی جب شب جوانی تو کیا رہا لطف شعر خوانی
زبان کر بند اپنی صفدر خموش شمع سحر ہوئی ہے

غزل ۲۵۷

لیے پھرتا ہی مجھکو جا بجا دل
مرا بیچین میرا چلبلا دل

ملا یا خاک مین کیون اس کو تو نے
بہت نازون کا پالا تھا مرا دل

ہزارون حسرتون کا خون ہو گا
ارے ظالم نہ مٹی مین ملا دل

اُٹھاتا کیون بتون کے ناز بیجا
اگر ہوتا مرے بس مین مرا دل

ادا و ناز جانان کی دُھائی
گیا دل ہاتھ سے میرے گیا دل

ملا روز ازل عالم کو سب کچھ
ہمین آفت رسیدہ اک ملا دل

ہمارا بھی کبھی تو آشنا تھا
ارے او بیمروت بیوفا دل

گلی سے اُنکے گھر تک آتے آتے
مچل کر سو جگہ رہ رہ گیا دل

خوشی ہو غم ہو کچھ ہو ہم نے صفدر
بس اب تو اک صنم کو دے دیا دل

غزل ۲۵۸

ہزار صدمے سہا کرینگے کبھی نہ آہ و بکا کرینگے
وہ لاکھ ہمپر جفا کرینگے ہم اُسکے بدلے وفا کرینگے

چمن مین بلبل چہک رہے ہین شگوفۂ گل مہک رہے ہین
سرور مین ہم بہک رہے ہین نہ ہاتھ خم سے جدا کرینگے

جو جمع ہوتے ہین اہل مذہب تو مجھکو حسرت سے تکتے ہین سب
جو یہ نہو گا تو رند مشرب اسی کا چرچا کیا کرینگے

بہت سہی کی ہے ہمنے سیر عالم بس اب ارادہ ہے یہ مصمم
گلی مین اُس بت کی بیٹھکر ہم ہمیشہ یاد خدا کرینگے

اُسے ہو کیا خوف روز محشر کہ جسکے صفدر علی ہون یاور
یہان بھی حامی رہے برابر وہان بھی جنت عطا کرینگے

غزل ۲۵۹

کوئی گھڑی نہ وصل کی آئی تمام رات
باتون مین اُس پری نے گنوائی تمام رات

اُٹھکر جو آپ پہلو سے میرے چلے گئے
پہلو مین دل نے دھوم مچائی تمام رات

پیرون پڑے بلائین لین اور منتین بھی کین
سرکی نہ ان کے منہ سے وُلائی تمام رات

خوف انکو تھا کہ نیند مین بوسہ نہ لین کہین
کانون پہ دھر کے سوئے کلائی تمام رات

پالا پڑا ہے مجھ کو عجب بد مزاج سے
جھگڑے تمام دن مین لڑائی تمام رات

مونس پھر آج ہجر کی شب کاٹنی پڑی
نیند ایسی سو گئی کہ نہ آئی تمام رات

غزل ۲۶۰

عشق بتان کرون کہ مین یاد خدا کرون
دو دن کی زندگی مین بتاؤ مین کیا کرون

تجھ بن مین اے مسیح بھلا جی کے کیا کرون
آجائے موت اگر تو مین شکر خدا کرون

ملجائے آسمان و زمین تسپہ بھی ستم
مجھکو قسم خدا کی نہ تجھکو جدا کرون

کی لاکھ جستجو نہوا جس پر نصیب
تقدیر مین لکھا نہین تدبیر کیا کرون

گلشن مین جا کے اور بھی وحشت ہوئی نصیب
اب قصد ہے کہ سیر بیابان کیا کرون

غزل ۲۶۱

پھر آئی فصل گل پھر زخم دل رہ رہ کے پکتے ہین
مرے داغ جگر پھر صورت لالہ لہکتے ہین

کوئی جاکر کہو یہ آخری پیغام اُس بت سے
ارے آجا ابھی دم تن مین باقی ہے سسکتے ہین

نہ بوسہ لینے دیتے ہین نہ لگتے ہین گلے میرے
ابھی کم عمر ہین ہر بات پر مجھ سے جھجکتے ہین

وہ غیرون کو ادا سے قتل جب سفاک کرتا ہے
تو اُس کی تیغ کو ہم آہ کس حسرت سے تکتے ہین

رسا کی ہے تلاش یار مین یہ دشت پیمائی
کہ مثل شیشہ میرے پاؤن کے چھالے جھلکتے ہین

غزل ۲۶۲

قیامت ہے کسی کو پیار کرنا اس زمانے مین
قضا کا سامنا رکھا ہوا ہے دل لگانے مین

یہی عالم رہے بس موسم گل کا زمانے مین
رہین آباد بلبل اپنے اپنے آشیانے مین

بنانے دیر و کعبہ کا سبب کیا جانئے کیا ہے
نہین ہے دخل بندون کو خدا کے کارخانے مین

قدم رکھ دیکھکر بحر محبت مین ذرا اے دل
خطر ہے ڈوب جانے کا بھی دریا کے نہانے مین

صبا جی چاہتا ہی بس گریبان چاک کرنے کو | کبھی راحت نہین پائی فلک کے شامیانے مین

غزل ۲۶۳

تری صورت بت کافر خدا نے وہ بنائی ہی | کہ بخوف خدا مائل تری ساری خدائی ہی
جنون کا جوش ہی اے گلبدن تجھسے جدائی ہی | ہوا سے دامن صحرا مرے سر مین سمائی ہی
ہوا سے زلف عنبر فام پھر سر مین سمائی ہی | قضا کا سامنا ہی موت پھر تشریف لائی ہی
کسی دن پان کھانے مین ہنسی اُنکو جو آئی ہی | دل پرخون اہل عشق پر بجلی گرائی ہی
ہوا منظور پھر تاراج کرنا کشور دل کا | جو فوج رنج و درد ہجر کی مجھ پر چڑھائی ہی
ترے کوچے سے جیتے جی نہ اُٹھونگا نہ جاؤنگا | مجھے میری قضا جان جہان یان کھینچ لائی ہی
ہماری قبر پر رو رو کے فرماتے ہین حسرت سے | یہ وہ عاشق ہی جسنے جان تک ہمپر گنوائی ہی
اُبھر کر وہ سوال بوسہ کا کل یہ یون بولے | تجھے سودا ہوا ہی یا کہ تیری موت آئی ہی
وہ عیسیٰ دم جو آجاتا تو جی اُٹھتا یہ پھر مردہ | یہی تھا مشورہ سب کا مری جب لاش اُٹھائی ہی
کوئی کہتا ہی مجنون اور کوئی کہتا ہی دیوانہ | تمھارے عشق مین پیارے یہ ذلت ہمنے پائی ہی
نہ کر للہ اِس داغ جنون کو رائگان اخگر | کہ یہ تیرے بڑے گاڑھے پسینے کی کمائی ہی

غزل ۲۶۴

بدر کو رشک سے ہلال کیا | ماہرو نے مرے کمال کیا
چہرہ سے عاشق جمال کیا | قد دکھا کے مجھے نہال کیا
عشق گیسو نے تیرے آہ مجھے | ہی گنہگار بال بال کیا
باغ عالم مین ہون وہ برگ حنا | جس کے ہاتھ آیا پائمال کیا
کس ادا سے وہ بولے جاؤ بھی | مین نے اُنسے جو عرض حال کیا
عکس پڑتا نہین ہی آئنہ مین | تم کو اللہ نے بیمثال کیا
سر بزانو وہ ہین خفیف مین ہون | کس نے شب کا بیان حال کیا

شب وصل اُنکے خوف سے ہم نے ۔ اپنا ہی مرغ دل حلال کیا
باغ عالم مین سبز رنگون نے ۔ صورت سبزہ پائمال کیا
صدقے ہوجاؤن ایسی فرقت کے ۔ ہجر ہی مین مرا وصال کیا
ایک دن راہ مین ملے تنہا ۔ ق ۔ بوسہ مانگا تو رد سوال کیا
الغرض طول جب ہوا قصہ ۔ چار بوسون پہ انفصال کیا
بولے پیٹو مجھی کو تم اے سعد ۔ دل مین گرا اور کچھ خیال کیا

غزل ۲۶۵

سودا ہوا ہی پھر مژۂ چشم یار کا ۔ تلوون کو اشتیاق ہی پھر نوک خار کا
اُڑ کر چھُوا ہی عارض پر نور یار کا ۔ دیکھو تو حوصلہ ذرا مشت غبار کا
اک پل کمی نہین ہی ترے شوق دید مین ۔ آنکھون مین گھر بنا ہی ترے انتظار کا
رکھتا ہون زیر تیغ گلا شوق ذبح مین ۔ ہی عشق جب سے ابروے خمدار یار کا
نشہ نہ اُس کے زہر کا اُتریگا تا بحشر ۔ مارا ہوا ہون افعیِ گیسوے یار کا
مجھکو کیا قفس سے نہ صیاد نے رہا ۔ افسوس ہی گذر گیا موسم بہار کا
یوسف بتون کے عشق مین بھولے خدا کی یاد ۔ کچھ تم کو ڈر رہا نہین روز شمار کا

غزل ۲۶۶

یہ سمجھے جیتے جی ہم خلد کی تعمیر مین آئے ۔ اٹھا کر گردشین جب کوچۂ بے پیر مین آئے
عدم سے شوق وصل اُس سیم تن کا دہر مین لایا ۔ ہوس مین زر کی ہم ذی خواہش اکسیر مین آئے
تمھاری زلف کے سودے مین آوارہ پھرے برسون ۔ بہت کڑیان اُٹھا کر خانۂ زنجیر مین آئے
لب معجز بیان سے اپنے گر تم لفظ قم کہدو ۔ تعجب کیا اگر جان پیکر تصویر مین آئے
غنی وہ ہو گئے رنگ طلائی دیکھکر تیرا ۔ گدا جو پاس تیرے خواہش اکسیر مین آئے
چھٹی عارض کی الفت یار نے جب سرد مہری کی ۔ حلب کو چھوڑ کر ہم خطۂ کشمیر مین آئے

دکھا وہ دن بھی یارب جو کہین سب دیکھکر مجھکو
کہ تو یوسف رواق حضرت شبیر مین آئے

غزل ۲۶۷

اک طرف عشق مین یارب دل نادان ہوجائے
یا تو آباد ہو یا کاش یہ ویران ہو جائے

مین تو کیا ہون کہ برہمن بھی کبھی دھوکے سے
تیری صورت کو جو دیکھے تو مسلمان ہوجائے

کیمیا کیسی اور اکسیر کہان تیری نگاہ
گر پڑے مور پہ واللہ سلیمان ہوجائے

بر ملا زلف کو چہرے پہ جو ڈالے وہ شوخ
کوئی کافر بنے اور کوئی مسلمان ہوجائے

عرض یہ ہے شہہ خادم سے خلیل احمد کی
رنج سب دور ہون اور عیش کا سامان ہوجائے

غزل ۲۶۸

جیون مین نام لے لے کے تمھارا یا رسول اللہ
مجھے یہ نام لگتا ہے پیارا یا رسول اللہ

یہی ہے آرزو دل مین پڑھون تجھ نام کی تسبیح
کرون سب کام دنیا سے کنارا یا رسول اللہ

نہین ہے دوسرا کوئی قیامت مین شفیع میرا
مجھے اُسدن تمھارا ہی سہارا یا رسول اللہ

مدینہ مین جو پہونچا دے خدا مجھکو تو بہتر ہے
کہ دیکھون جاکے مین روضہ تمھارا یا رسول اللہ

ترے کوچے مبارک کو جو پلکون سے بہارین ہم
تو حاصل ہو سبھی مطلب ہمارا یا رسول اللہ

اندھیری گور مین رکھکر اکیلا چھوڑ سب جاوین
مٹے برکت تمھاری سے اندھیرا یا رسول اللہ

غزل ۲۶۹

حسینان جہان جب سیر کو گھر سے نکلتے ہین
دل عشاق ہر ہر گام پر پاؤن سے ملتے ہین

حنا ملتا ہے تو ہاتھون مین او ظالم خدا سے ڈر
ہزارون عاشق شیدا کف افسوس ملتے ہین

سوئے گور غریبان ایک دن آیا نہ وہ قاتل
الٰہی دیکھیے کسدن مرے ارمان نکلتے ہین

عجب قسمت ہماری ہے کہ بعد از مرگ بھی یہ بت
عوض مین فاتحہ کے قبر کو ٹھکرا کے چلتے ہین

نہین معلوم کیس شعلہ رو کے سوز فرقت مین
ہماری آہ آتش بار سے اخگر نکلتے ہین

کسی محبوب کے جوش محبت کا تقاضا ہے
نہین ہو جبہ اپنی آنکھ سے آنسو نکلتے ہین

تن نازک مین فوراً نیل پڑ جاتے ہین پھولون سے
جو آہستہ بھی فرش گل پہ وہ کروٹ بدلتے ہین

ارے او بیوفا کچھ بھی تجھے پروا نہین اِسکی
جدائی مین تری عاشق مثال شمع جلتے ہین

شفیع عاصیان اپنا شفیع روز محشر ہی
نثار احمدی گیا غم گر عدو حسرت سے جلتے ہین

غزلیات تمام شد

اشعار متفرق

لکھا کلک عقیدت سے جو مطلع نعت احمد کا
سر دیوان مرے طغرا بنا مہر نبوت کا

جس نے دیکھی ہو ترے رخسار روشن کی بہار
کب خوش آتی ہو اُسے اے دوست گلشن کی بہار

لایا نصیب کھینچ کے بیداد کی طرف
دن بھر پھرا پھر آیا تو جلاد کی طرف

آب شمشیر سے محروم نہ رکھ اے قاتل
سوکھے جاتے ہین لب زخم مرے تر ہو کر

دل لیکے ہمارا کہین برباد کروگے
لو دل تجھین ہم دیتے ہین کیا یاد کروگے

نرگس نے آنکھ پھیر لی بلبل جدا پھری
چلیے بس اس چمن سے کہ یان کی ہوا پھری

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے مین
تڑپے ہی مرغ قبلہ نما آشیانے مین

طاقت نہ صبر کی ہی نہ دل اختیار مین
یارب کوئی بشر نہ پڑے انتشار مین

ہم درد والم رقت مین ہین میری کہانی سے
ترقی جس طرح ماتم کو ہووے نوحہ خوانی سے

دہن کے کشتون کو زندہ کیا جان بخشی لب نے
حد ملک عدم ملحق ہی ملک جاودانی سے

جگر کا سوز گریہ سے بڑھا یہ ماجرا کیا ہے
جہان مین آگ کو بجھتے ہوے دیکھا ہی پانی سے

شکایت کے عوض ہم شکر کرتے ہین صنم تیرے
مزا دینے لگے کچھ سہتے سہتے اب ستم تیرے

پہونچی برون سینہ مسلک کر جگر مین آگ
اے اشک دیدہ دوڑ لگی بال و پر مین آگ

اسکے بخیہ گر معاف یہ احسان کر نہین
چھپ جائین منھ دکھلا کے وہ زخم جگر نہین

گذرے جو سارے وہ سامان مصیبت یاد ہین
ہم ابھی کنج قفس سے مرغ نو آزاد ہین

بیتابی فراق سے عالم بدل نہ جائے
نالہ فراز عرش سے آگے نکل نہ جائے

عجب عالم ہی اُس گل پیرہن کی یاد مین دلکا
کہ نالہ منھ سے نکلا زمزمہ بنکر عنادل کا

آئینہ بنکر رہون ہر وقت پیش روئے دوست
وہ مجھے دیکھا کرے دیکھا کرون مین سوئے دوست

سیر جنت خوب جب رضوان مجھے دکھلا چکا
بے تامل منھ سے نکلا ہائے لطف کوئے دوست

جما ہے قطرۂ خون جگر شمشیر دشمن پر
تماشا ہی یہ گل پھولا نیا دیوار آہن پر

عزت دیوانگی بخشی مجھے تقدیر نے
طوق نے کی بندگی چومے قدم زنجیر نے

قفس بر دوش صیاد جفا طینت کا پھیرا ہی
مقام گلشن ایجاد دم بھر کا بسیرا ہی

غور سے سمجھو تو مشکل ہی نباہ
دوستی کرنا بہت آسان ہی

نگہ عاشق مشتاق پہونچ جاتی ہی
لاکھ گھونگھٹ کو کرے کوئی حصار عارض

مرگیا عاشق تمھارا ہو گیا قصہ تمام
کوئی دم مین جائیگا لاشہ ادھر سے دیکھنا

خون جگر پیا نہو جس نے وہ مے پیئے
کھائے وہی کباب کہ جو دل جلا نہو

نئے ڈھب کا کچھ جوشش وسودا ہوا ہی
خدا جانے اب کی مجھے کیا ہوا ہی

کسی صورت تو دل کو شاد کرنا
ہمین دشمن سمجھکر یاد کرنا

دل مین رہتا ہی ضیائے داغ سے روشن چراغ
گھر ہی عاشق کا یہان جلتا ہی بے روغن چراغ

لب بام آکے گر بیٹھو تماشا تم کو دکھلائین
کمند آسا چڑھین تار نگہ پرنا توان ہوکر

روح پرواز ہوئی کام نہ آئی زنجیر
نہ رُکا قید بھی ہوکر ترا دیوانۂ عشق

حجاب ابر مانع ہی گذر کیونکر ہو گلشن تک
وہ شبنم ہون پہونچ سکتا نہین پھولون کے دامن تک

زلف نے تیری کیا بے سر و سامان مجھکو
آپ سا کر دیا کافر نے پریشان مجھ کو

قاصد تو کیو پاکے مرے یار کا مزاج
پوچھا ہی اُس غریب نے سرکار کا مزاج

پریشان زلف آنکھین سرخ منھ زرد
کہان تھے رات اس پیاری ادا سے

ملین کیونکر اگرچہ غلبۂ الفت کی شدت ہی
اُٹھین ہی خوف رسوائی ہمین غیرونکی دہشت ہی

اُس زلف سیہ فام کو چھیڑا نہین کرتے
نادان بہت سانپ سے کھیلا نہین کرتے

نہ نامہ ہو نہ قاصد ہو نہ پیغام زبانی ہے
یکایک دل کا لگ جانا یہ آفت ناگہانی ہے

آپکے نامہ کو آنکھون سے لگایا ہم نے
مرض ہجر کا تعویذ بنایا ہم نے

بہت روزون کے پیچھے آج آیا آپکا نامہ
لفافہ پڑھکے آنکھون سے لگایا آپ کا نامہ

آنکھین نہ لڑایا کرو ہر بار کسی سے
اِس بات مین چل جائیگی تلوار کسی سے

تمھاری زلف نہ ٹھہری کوئی بلا ٹھہری
ہماری جان گئی اُس کی اک ادا ٹھہری

قاصد ابھی دیتا ہون مین تجھکو جان تلک
پہونچا دے میرے نامہ کو اُس مہربان تلک

آیا جو نامہ تیرا بہت انتظار مین
ٹھہری نہ جان زار خوشی سے کنار مین

کچھ ایسا ناتوان اب دل ہوا ہے
کہ اُٹھنا بیٹھنا مشکل ہوا ہے

اے دل تو عبث نالۂ و فریاد کرے ہے
وہ بھول گیا جسکو کہ تو یاد کرے ہے

خال مشکین بھی ہے اور زلف سیہ فام بھی ہے
مرغ دل کیون نہ پھنسے دانہ بھی ہے دام بھی ہے

ستائے جب تلک چاہے زمانہ آسمان ہوکر
ستارا اپنا چمکیگا کبھی تو کامران ہوکر

چلا ہے او دل راحت طلب کیا شادمان ہوکر
زمین کوے جانان رنج دیگی آسمان ہوکر

ہم ہین اور سایہ ترے کوچے کی دیوارون کا
کام جنت مین ہے کیا ہم سے گنہگارون کا

نمک جب تک کہ زخمون پر نہ چھڑکے کوئی کیا جانے
کہ لذت عشق مین کیا ہے محبت کا مزا کیا ہے

اے بلبلان شعلہ دم اک نالہ اور بھی
گم کردہ راہ باغ ہون یاد آشیان نہین

لب بند ہون تو روزن سینہ کو کیا کرون
تھمتا تو مجھ سے نالۂ آتش فشان نہین

نہ آیا خط کوئی پرزہ ہی آتا کاش جانان کا
اُسے نسخہ سمجھتے ہم دواے درد ہجران کا

کعبہ مین رہین یا کہ رہین دیر مین جا کر
ہر جا تمھین اے جان جہان یاد کرین گے

چراغ جلتا ہے لیکن بہ شام جلتا ہے
یہ دل ہمارا ہی ہر دم مدام جلتا ہے

قاصد شتاب جاکے خبر لا تو یار کی
طاقت نہین رہی ہے مجھے انتظار کی

ہو کے وہ ترش رو مجھے گالی ہزار دے
یہ نشہ وہ نہین جسے ترشی اُتار دے

باغبان کے ڈر کے مارے باغ مین جاتے نہین
جو بنا گل ہو اُسے ہم دیکھنے پاتے نہین

باغبان نے بند جب سے باغ کا رستہ کیا
ہم نے گل کھا کھا کے اپنا ہاتھ گلدستہ کیا

دیا مژدہ مجھے دل نے کہ غش سے ہوش مین آؤ
پیام خط ابھی آیا ہی قاصد کے قدم لے لو

جواب نامہ کیا آیا تن بیجان مین جان آئی
گیا یان سے کبوتر وان سے آیا مرغ جان ہوکر

شکوا نہ ظلم کا نہ شکایت جفا کی ہے
اُن کو ستم کی خو ہمین عادت وفا کی ہے

پھینک دینگے ابھی ہم چیر کے پہلو اپنا
تجھ پہ قابو نہین دل پر تو ہی قابو اپنا

موت مبرم ہی کلام سخت غیرت دار کو
اندمال زخم شمشیر زبان ہوتا نہین

ہستی سے عدم تک نفس چند کی ہی راہ
دنیا سے گذرنا سفر ایسا ہی کہان کا

عبث آرائشین ہین غافلو جب دم قضا آئی
بنے گا نخل ماتم قد فنا ہوگی یہ رعنائی

حال ابن نوح جو دیکھا تو یہ ثابت ہوا
صحبت بد سے بگڑ جاتے ہین یون اشراف صاف

غافلو ایسی کڑی ہی منزل ملک عدم
رہبرون کے پانو کا جیسے نشان ملتا نہین

نہین درد دل منھ پہ لانے کے قابل
یہ قصہ ہو اُن کے سُنانے کے قابل

قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے آگے کبھی دستور نہ تھا

مُردون کو جلاتی ہی تری نازکی آواز
اعجاز کا اعجاز ہی آواز کی آواز

دل دے کے اوپری تجھے دلبر بنا دیا
ایسے ستم سہے کہ ستمگر بنا دیا

واجب القتل ہین تجھ کے سزاوار ہین ہم
ہان میان سچ ہی کہ ایسے ہی گنہگار ہین ہم

تیرے کوچے مین تڑپنے کا سبب آج کھلا
تھا اسی خاک پہ آخر ہمین بسمل ہونا

بیٹھے تھے مطمئن کہ لے آئے ہین واں سے دل
اس کی نہ تھی خبر کہ وہین پھر وہ ہو رہا

بند ہوگا نہ مرے پر بھی کھلا رہنے دو
یہ وہ دیدہ ہی جو حسرت کش دیدار رہا

اُلفت کا نشہ جب کوئی مرجائے تو جائے
یہ درد سر ایسا ہی کہ سر جائے تو جائے

صراطِ عشق پر از بسکہ ہی ثابت قدم میرا
دل یہ جس کے لیے پہلو مین طپان رہتا ہی
آرزو دل کی ہو تم جان کا ارمان ہو تم
آسے چارہ گر و قید سے رُکتے ہین کہان ہم
اُس دم جو تونے کی طلب بوسہ پر نہین
صحبتِ آلودگان مین پاک دامن پاک ہین
دزدِ دیدہ نظر یا تو چُرائے گئی دل کو
جانتا حفظ ہی دل مین مجھے عاشق لیکن
ہان نہ بگڑو کہ جانتے ہین ہم
واہ وا کیا تازہ پانی خنجرِ قاتل مین ہی
سطحِ سینہ پہ ترے اوبت و خیز یہ کیا
یارِ اغیار ہو گئے اللہ
مرضِ عشق مین کوئی بھی گرفتار نہو
ہمیشہ آگ نکلتی ہے اپنے سینے سے
کیسی ہنسی کہان کی خوشی کیسا اختلاط
ہمارے گل کو مت پوچھو بڑی اسکی کہانی ہی
قسمت تو دیکھیے کہ کہان ٹوٹی ہی کمند
تھے تابعِ فرمان پہ یزداں ہزارون
سچ ہی کہ روزِ بد مین کسی کا کوئی نہین
پھرتی موجِ دریا مین لاکھون ہی ڈوبے
ہم ہین مشتاقِ سخن اور اُس مین گویائی نہین

دمِ شمشیرِ قاتل پر بھی جم جاتا ہی دم میرا
یون سُنا ہی کہ اُسے بھی خفقان رہتا ہی
بلکہ پہلو مین ہو دل دل مین مری جان ہو تم
کیا جا نہین سکتے ہین تصور مین نہان ہم
جی چاہتا ہی لے لون تری ضد سے پر نہین
خاک سے دھبا نہ آئے چادرِ مہتاب مین
یا آنکھ لگاوٹ سے لگانے گئی دل کو
اپنی کیا بات بھی کھو دے جو تجاہل نہ کرے
اک ادا حُسن کی عتاب بھی ہے
اُسکا زخمون کو مزا زخمو نکی لذت دلمین ہی
اُبھرا اُبھرا نظر آتا ہی کچھ اُٹھا اُٹھا
کیا زمانے کا انقلاب ہوا
دوست تو دوست ہی دشمن کو یہ آزار نہو
الٰہی موت دے گذرے ہم ایسے جینے سے
ہمکو نہ چھیڑو تم کہ وہ اب ہم نہین رہے
نشانی اُس کی چھلا ہی یہ چھلے کی نشانی ہی
دو تین ہاتھ جبکہ لبِ بام رہ گیا
کہلاتے تھے ایچان سلیمان کبھی ہم بھی
پتے بھی بھاگتے ہین خزان مین شجر سے دور
مگر ہم نہ ڈوبے سنبھلتے رہے ہین
اس لیے تصویرِ جانان ہم نے کھنچوائی نہین

ایک سے جب دو ہوئے تب لطفِ یکتائی نہین
اسلیے تصویر جانان ہم نے کھنچوائی نہین

کوچ کی اپنے اب طیاری ہی
تیرا حافظ جنابِ باری ہی

اے دردِ دل سے موت ہو یا دل کو تاب ہو
قسمت مین جو لکھا ہی الٰہی شتاب ہو

سچ بتاؤ کہ دھیان کس کا ہی
دل مین غم میری جان کس کا ہی

رنج کس شعلہ رو کا کھاتے ہو
شمع کی طرح پگھلے جاتے ہو

کون سے ماہرو پہ مرتے ہو
سچ کہو کس کو پیار کرتے ہو

ہائے بیتاب ہون سے دل کو نہ مین دل سمجھا
کبھی پارہ کبھی بجلی کبھی بسمل سمجھا

نہین جنت نہ سہی خیر جہنم ہی سہی
اتنا تھوڑا ہی مجھے تو کسی قابل سمجھا

گذر افلاک کے پار گیا لامکان تلک
او تیرِ آہ بے ادبی یہ کہان تلک

مر گئی بلبل جو کیا یاد چمن کو
غربت مین خدا یاد دلائے نہ وطن کو

ستاتا ہی کڑھاتا ہی جلاتا ہے رلاتا ہے
خبر ہوتا نہین عاشق سے وہ نامہربان بھون

کیجئے نالون سے اٹھالون مین زمانہ سر پہ
فائدہ کیا ارے صاحب کوئی سنتا بھی ہو

آنکھین تو قتل کرین ہونٹھ جلائین کیا خوب
تم تو قاتل بھی ہوا ے یار مسیحا بھی ہو

نہین تم زاہدانِ خشک کو خورشیدِ محشر کا
سلامت ہی اگر سایہ ہمارے دامنِ تر کا

ہوا جب دل شکستہ پھر صفائی غیر ممکن ہی
گرہ پڑجاتی ہی جسوقت دھاگا توڑکر جوڑا

قامتِ سوزن سے کیون ہی رشتۂ سوزن دراز
بدنما ہوتا ہی قد سے ہو جو پیراہن دراز

کیا ترا اے غیرتِ لیلی مین سودائی نہین
موجِ بوئے زلف کی بیڑی جو پہنائی نہین

حیلۃ الانفاس کے ہین اندرون کچھ نکہتِ گل مین
کہ آمد شد ہی اس کی کوچۂ منقارِ بلبل مین

امیدوار کیون نہون مین تجھ کریم سے
نومید کون ہی ترے فضلِ عمیم سے

جان تک تیری محبت مین گنوا بیٹھے ہین
ہاتھ جینے سے سرِ دست اُٹھا بیٹھے ہین

کیا بھروسا اسکا ہی جب یار ہو دس بیس کا
ماہ رمضان جسطرح نکلے ہی پورے تیس کا

فرقت مین تری جان تلف کی نہین باقی
دل دے دیا ہی اک بت کافر کے ہاتھ مین
نہ تم ہر ہین نہ دل پہلو مین رہین آہ کس کسکو
دنیا مین اگر ڈھونڈھیے تو کیا نہین ملتا
آبلے پانون کے کیا تو نے ہمارے توڑے
گئے ہین خوب سے نظارے باغ ہستی کے
بانٹ لے کوئی کسی کا درد یہ ممکن نہین
نہ سمجھے بعد فنا کوچۂ جانان ہم سے
ایسے رسوا ہوے ملنے سے پریزادونکے
گنہگارون کے تن سے جسطرح سے دم نکلتا ہی
اُس کو جانا تھا تو کیون موت نہ آئی اللہ
ساحل دکھائی دیتا ہی مجھکو نہ تھاہ ہی
جہان مین عرصۂ عشرت سے وہ چند ہی سوا غم کا
آہ دریا پہ کرون نالہ کرون صحرا مین
حال کیا کہیے بھلا اُس بلبل ناشاد کا
کہین بہت آیا ہین مگر اُن کو خبر مطلق نہین
بھلا وہ کیا ہو مرے حال زار سے واقف
اجازت وصل کی شب دی جو چرخ کینہ پرور نے
چمن سینچا یہان تک باغبان نے خون بلبل سے
جتائے دیتے ہین حق کو گواہ کرتے ہین
پیمبر مین نہین عاشق ہون جانی

اے جان جہان جان تو یون دی نہین جاتی
اب حق مین دیکھیے مرے اللہ کیا کرے
مقام شکر ہی دیکھین فلک کیا کیا دکھاتا ہی
پر چاہنے والا نہین ملتا نہین ملتا
خار صحرا سے جنون عرش کے تارے توڑے
جہان کو بس مرے پردہ دکھا دیکھ چکے
بار غم دنیا مین اُٹھواتے نہین مزدور سے
یارب آباد رہو روضۂ رضوان ہم سے
متوحش نظر آتے ہین سب انسان ہم سے
نکلنا یون ہوا مشکل ہمارا کوے جانان سے
ایسی رسوائی کا جینا جہین درکار نہ تھا
دریائے عشق مین مری کشتی تباہ ہی
اگر ہی عید کا ایک دن تو عشرہ ہی محرم کا
مچھلیان دشت مین پیدا ہو ہرن دریا مین
آنکھ کے کھلتے ہی دیکھا جس نے گھر صیاد کا
نام بھی ہمنے ڈبویا نالہ و فریاد کا
نہین ہی جو ستم روزگار سے واقف
تو زاہد ذبح کر ڈالا تری اللہ اکبر نے
کہ آخر رنگ ہو کر پھوٹ نکلا چہرۂ گل سے
ہٹو تلے سے فلک کے ہم آہ کرتے ہین
کہے موسیٰ ہی سے یہ لن ترانی +

اے جان لڑکپن کی تری مت نہین جاتی
لگا ہی تیر دل پر آہ کس کافر کی مژگان کا
مین کس کس شعلہ رو کو سینہ صد چاک دکھلاؤن
کیا ہنسی آتی ہی مجھکو حضرتِ انسان پر
مانگ اُس کافر کی کالی رات تھی ظلمات مین
نہ تو دریا نہ سمندر نہ ترا پاٹ سے لگے
دیکھون تو لے ہی جان ملک الموت کسطرح
جب تک مری بالین پہ وہ دلدار نہ آوے
لگیگا سنگِ خجلت شیشۂ ناموس پر تیرے
زندگی آخر ہوئی آیا نہ وہ دلدار حیف
مین داد پاؤن کہان کیا کرون کہون کس سے
ارے او بیوفا جب سے طبیعت تجھپہ آئی ہی
جو اعلیٰ ہی سو اعلیٰ ہی جو ادنیٰ ہی سو ادنیٰ ہی
دردِ دوری کا مبتلا جانے
جو گذرتی ہی جان پر میری
مین وہ ہون گمنام جب دفتر مین نام آیا مرا
اے حفظ دل مین ہی نہ ملینگے کسی سے ہم
جو ڑا کھلا تو زلف سیہ فام مین پھنسا
گھر کو بیٹھے بٹھائے خراب اے مومن
ابھی سے ڈرتا ہی اتنا پری جمالون سے
تمھاری فرقت مین ملے پیارے چلے ہین کیا کیا نہ آپ آگے

ہان سچ ہی کہ بگڑی ہوئی عادت نہین جاتی
نشان سوفار کا معلوم ہوتا ہی نہ پیکان کا
رکھا تھا ایک دل سو جلگیا کیا خاک دکھلاؤن
فعل بد تو خود کرین لعنت کرین شیطان پر
خضر کو بھی ہو مسافت ایک دن دو رات مین
کشتی عمر یہ اب دیکھیے کس گھاٹ سے لگے
تم وقت مرگ پاس سے اُٹھنا نہین ذرا
کہدو ملک الموت خبردار نہ آوے
عبث ہم بے گنا ہون کو نہ کر بدنام اے واعظ
مرتے مرتے بھی نہ دکھلایا مجھے دیدار حیف
فراق کو کوئی ہیگا جو دے سزا اے فراق
بجاے روح قالب مین تری الفت سمائی ہی
نہین کچھ قدر سایہ کی طرحا گو قدمین انسان سے
دلِ بے درد کی بلا جانے
مین ہی جانون ہون یا خدا جانے
رہ گیا نقشِ قدرت بس جگہ کو چھوڑ کر
لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم
چھوٹا تھا دل قفس سے سو پھر دام مین پھنسا
اُٹھا نہ اُس بتِ خانہ خراب سے آنکھین
کسی پہ حفظ ترا دل یہ آئیگا پھر کیا
وے تمھین کچھ خبر نہین ہی کہ ہم جانون کا حال کیا ہی

مر گئے اور نہ دیدار ہوا ہائے نصیب
حنائل ل کے ہاتھوں سے جو دریا مین بہاتے ہو
تمہارے ہاتھ جو منہدی سے آج لال ہوے
یاد آتی ہی جو صورت کسی متوالی کی
شکل ناگاہ جو دیکھی بُتِ بنگالی کی
حسرت سے رہ گئے ہم ہمدم تلک نہ پہونچے
یہ کس کی زلف کی ناگن نے ای دل مار ڈالا ہی
زلف گھونگھٹ سے نکل مکھڑے پہ بل کھائی ہی
ساری جگت پہ یار مین ڈولتا پھرا ہون
جب رات کو وہ ماہ لب بام پر آیا +
اچھا کیا ہے تمنے جو باندھا ہی ہمسے بیر
کیا ہمین سیر چمن سے کام ہی اے مہربان
آپ ہم ڈوبے ہوے ہین اپنے غم کے رنگ مین
دن کٹا فریاد مین اور رات زاری مین کٹی +
بس اب آپ تشریف لے جائیے
طبیعت کو ہوگا تعلق چند روز
جدا کسی سے کسی کا کبھی حبیب نہو
کبھی صدمہ بگولے کا کبھی صرصر کی زحمت ہی
کوہکن کوہ مین اور قیس ہر صحرا مین
یا درد دل کا دور ہو یا دل کو تاب ہو
سبق صبر و ستم یاد ہوئے جاتے ہین

سیکڑون عاشق ہیں نیاز حفیظ اللہ خان
غضب کرتے ہو صاحب آگ پانی مین لگاتے ہو
کوئی لپٹے نہ لپٹے ہم تو پا ئمال ہوے
ہون مسلمان پہ بول اٹھتا ہون آہ جَے کالی کی
دل سے بیساختہ نکلی مرے جَے کالی کی
دم ہم تلک نہ پہونچا ہم دم تلک نہ پہونچے
کہ کوسون تک مری تربت پہ پھیلا کوڑیالا ہی
ناگنی ڈسنے کو بانبی سے نکل آئی ہے
ساتین پہ وہ ریلی بھر چاہ پر نہ آئی
خورشید اُسے دیکھ کے نیچے اُتر آیا
جیتے رہے تو ملینگے اور مر گئے تو خیر
خار آنکھوں مین نظر آتا ہی تجھ بن بوستان
کس سے کھیلین پھاگ کسکے ساتھ گائین ہولیان
عمر کٹنے کو کٹی پر کیا ہی خواری مین کٹی
گذرنا جو ہوگی گذر جائے گی
ٹھہرتے ٹھہرتے ٹھہر جائے گی
یہ درد وہ ہے کہ دشمن کو بھی نصیب نہو
ہماری خاک یون اڑتی پھرے لے ابر رحمت ہی
سر پٹکنے کو رہا کوئی نہ ہمرا اپنا
قسمت مین جو لکھا ہو الٰہی شتاب ہو
ہم بھی اور آپ بھی اُستاد ہوے جاتے ہین

کیا پوچھتے ہو ہمدم مجھ جسم ناتوان کی
رگ رگ مین نیش غم ہے کہیے کہان کہان کی

دل دلاسے سے ہی کرتا بیقراری بیش تر
خانۂ ماتم مین ہو پُرسے سے زاری بیشتر

اب آگے کیا کہون احوال جی تو سنتا ہی
زبان کرتی ہی لکنت اور کلیجہ منھ کو آتا ہی

یہ آدمی ہو کہ برسون جمال رہتا ہی
وگرنہ ماہ کو اک شب کمال رہتا ہی

داغ فرقت زیست بھر سوز جہنم بعد مرگ
ان بتون کو کس توقع پر خدایا چاہیے

اسقدر مجھ سے تو ہی میری نقاہت ہو گئی
بار اپنے جسم پر اپنی ہی نگہت ہو گئی

ابر رحمت سے تو محروم رہی کشت مری
کوئی بجلی ہی فلک تو نے گرائی ہوتی

نبض بیمار کی اپنے جو مسیحا دیکھی
آج کیا آپ نے جاتی ہوئی دنیا دیکھی

بے زبانی نے ہمین قید قفس سے دی نجات
کب رہا ہوتے جو ہم صیاد کے گھر بولتے

نغمۂ بلبل سے ہوتا تھا جنھین دوران سر
زاغ دیکھے سیکڑون اُنکی لحد پر بولتے

کوچۂ قاتل تلک اے دل رسائی کیجیے
کاسۂ سر ہاتھ مین لیکر گدائی کیجیے

ناتوانی سے جنون میرا یہ حال زار ہی
توڑنا تار نفس کا بھی بہت دشوار ہی

ایک دم بھی زیست ہجر یار مین دشوار ہی
آمد و رفت نفس گویا چھری کی دھار ہی

نہ کیا ذبح گیا چھوڑ کے بسمل قاتل
دہن زخم پکارا کیے قاتل قاتل

ایذائین اٹھاتے ہوے دکھ پاتے ہوے ہین
ہم دل سے بتنگ آئے ہین اُکتائے ہوے ہین

اے جان دم نزع جو آنا ہو تو آؤ
یون بعد ہمارے اگر آئے تو ہمین کیا

قید قفس مین آج چمن یاد کر کے آہ
کیسا پھڑک کے مرغ گرفتار رہ گیا

مین نے تمکو دل دیا تم نے مجھے رسوا کیا
مین نے تم سے کیا کیا اور تم نے مجھسے کیا کیا

اب جو چھپا مین تو چھپانے سے کیا ہوتا ہی
وہی ہوتا ہی جو قسمت کا لکھا ہوتا ہی

تا فلک آہ شرربار یہ فرقت کی گئی
غل پڑا عالم بالا مین کہ پھونکا پھونکا

وعدے پہ تم نہ آئے تو کچھ ہم نہ مر گئے
کہنے کو بات رہ گئی اور دن گذر گئے

ہی عرش آستانہ دولتسرا ے دل
راحت گئی اگر تو کیا رنج سے نے گذر
گو ہر اشک سے لبریز ہی سارا دامن
نظر دن سے دور رہنے کا پیارے گلہ نہین
سہل ہی دل سے بھلا دن سارے عالم کو چمن
مر گئی بلبل جو کیا یاد چمن کو
بعد از فنا زمین سے نہ اٹھا مرا غبار
آہ کھینچون تو بہائے ابھی تھپر آنسو
کون جیتا ہے اے صنم مر کے
ہوا ہی عشق تازہ ابتدا ے آہ ہوتی ہی
زر دیا زر رو پامال دیا گنج دیے
صحرا گیے ہین بیدا اٹھکر غبار دل نے
سینے پہ میرے زخم ہین کیا بے نشان لگے
صداے نالۂ دل آ رہی ہی نکہت گل سے
دیکھ پچھتا یگا او بت مرے ترسانے سے
آئنہ مین دیکھکر وہ زلف سلجھانے لگے
عجب طرح کا یہ قصہ ہی حصول کیونکر ہو کار اپنا
کسی بیکس کو اے بیداد گر مارا تو کیا مارا
روح نے پھر کے کہا جب تن بیجان چھوڑا
زلف کا عاشق ہی کوئی کوسے یار کا
مہربان مجھ پہ ہوا ہی مہ انور میرا

اللہ رتبہ حرم کبریا ے دل
خالی رہی وزیر نہ مہمانسرا ے دل
آجکل دامن دولت ہی ہمارا دامن
دل سے قریب ایسے ہو کچھ فاصلہ نہین
یاد تیری بھول جاؤن یہ بہت دشوار ہی
غربت مین خدا یاد دلائے نہ وطن کو
ایسا کوئی کسی کی نظر سے گرا نہ ہو
نکل آئینگے شرر سنگ سے ٹکرا آنسو
آ تو دیکھ لین نظر بھر کے
مبارک طفل دل کی آج بسم اللہ ہوتی ہی
اے فلک کونسی راحت کے عوض رنج دیے
پھینکا ہی دور ہم کو اس دشت مشمس نے
جراح ہاتھ ملتا ہی پھاہا کہان لگے
چلی آتی ہی شاید کوچۂ منقار بلبل سے
اُٹھکے کعبہ کو چلا جاؤنگا بتخانے سے
ہند کے کالے حلب مین جاکے لہرانے لگے
نہ جانے پاتے ہین آہن تلک ہم نہ زندگی کا دار اپنا
جو آپ ہی مر رہا ہو اسکو گر مارا تو کیا مارا
جسکو جی جان سے چھوڑا اُسے بس ہان چھوڑا
دل نہین قابو مین ہر اک کا فرو دیدار کا
آج تقدیر سے چمکا ہے مقدر میرا

کشتۂ تیغ ناز ہین ہم لوگ — واہ کیا سرفراز ہین ہم لوگ

منزل مقصود تک پہونچینگے کیونکر ہم ضعیف — پانون اٹھ سکتے نہین اور ہی ارادہ دور کا

تشنگی سے عاشقون کا کام ہوتا ہی تمام — تیغ کے نیچے پر اپنے کس دن آب تو رکھوائیگا

مقدر ہین اگر ہوتا بر آتا مطلب دل کا — نہ رہتا تا مری جانب کو اٹھکر ہاتھ قاتل کا

نہین آسان تڑپتے دیکھ سکنا ہے بسمل کا — یہی باعث ہی جو منھ پھر گیا شمشیر قاتل کا

عزیز اس سے نہ کیجے گر وہ مانگے جان شیرین بھی — جواب تلخ سے دل توڑیئے ہرگز نہ سائل کا

قتل عشاق پہ گر باندھی نہین تمنے کمر — ہر طرف کو ہے یہ پھر گنج شہیدان کیسا

حال دل جس سے چھپاتا تھا مین اپنا غافل — وہی مونس وہی ہمدم وہی ہمراز ہوا

کتنی برگشتہ ہی تقدیر حفیظ اللہ خان — دل دیا جس کو وہی درپے آزار ہوا

تجھسے کیا راز چھپاتا ہے حفیظ اللہ خان — تیرے چہرے سے ہین آثار محبت پیدا

یاد آئے ہین یہ کس کے پھول سے رخسار حفیظ — روتے روتے ہو گئی جو چشم دریا یار شوخ

شرط الفت ہی یہی حفظ کہ تو نے مجھ کو — بھول کر بھی نہ کبھی یاد کیا میرے بعد

وحشت دل سے جو گھبراتے ہین ہم — کوسون صحرا کو چلے جاتے ہین ہم

خدا بھی دوست رکھتا ہی نہایت اپنے شیدا کو — جلے تیر تجلی سے نہ آئی آنچ موسے کو

اے صنم دیکھی جو تیری خود نمائی آنکھ سے — گر گیا سارا تماشائے خدائی آنکھ سے

امارت جس کو ہو برسون نہین جاتی ہی بو اسکی — جہان پھوڑا نکلتا ہی نہین مٹتا نشان برسون

سرمہ دے چشم مین گر صید فگن تو نکلے — ہدف تیر نگہ ہونے کو آہو نکلے

چمن مین جب ہوا سے صبح شاخ گل لچکتی تھی — تو بوے گل مہکتی تھی ہر اک بلبل چہکتی تھی

خیال آجائے رونے کا جو میری چشم گریان کو — برنگ ابر کر دے سبز کوسون تک بیابان کو

حسن کے بادشہ نے کوچ کیا — دیکھیے خط تمھارے آیا ہے

دل کو اے عشق سوے زلف سیہ فام نہ کھینچ — رہزنون مین تو مسافر کو سر شام نہ کھینچ

دل کی جگر کی سینہ کی پہلو کی جان کی
واں سے کے ہمارا ابھی کوئی طالب جان ہی
نہ رکھا ہمکو دنیا کا نہ رکھا دین و ایمان کا ؎
آہ کیون کھینچ کے اسے خفظ بھر آئے آنسو
ہو رقم کس قلم شوق سے اے غنچہ دہن
دور جس دن سے ہوا تجھ چمن حسن سے مین
کیا لکھون جیسی گذرتی ہی مرے دلپہ نظیر
در و دیوار پہ حسرت سے نظر کرتے ہین
بیتاب ہون مین دل ہی طلبگار کسی کا
اگر بخشے زہے رحمت نہ بخشے تو شکایت کیا
قدر تکن ہوئے غضب ہین گلشن ایجاد کے
لاکھ پردے مین چھپ کے تم بیٹھو ؎
بھوجنے کے ہوا اسے قدر یہ بار گناہ
کیا پوچھتے ہو قصۂ شور و فغان دل
تو دو روز ایک وضع پہ رنگ جہان نہین
کیا جان نقشا ہی یکیس نکی تو بہت ور
ہم آنکھون مین اسکا ہی ذرا شکل دکھادو
قسمت ہو بیٹھنا آ کے لب بام بہت
تیری دوری سے اسے پیارے یہ دلپر درد او غم ہی
ہم بھی تجھے نعفد درد جہان خراب مین
ہشیار کسی کا دل ہی بہت اضطراب مین

آتش بجھا دین اشک یہ کس کس مکان کی
ہم خوب سمجھتے ہین کہ جی ہی تو جہان ہی
الٰہی ہو برا دونون جہان مین عشق جانان کا
کیا مجھے عالم غربت مین وطن یاد آیا
اشتیاقیست بدیدار تو دارد دل من
نہ مجھے باغ خوش آتا ہی نہ گلشن نہ چمن
دل من داند و من دانم و داند دل من
رخصت اے اہل وطن ہم تو سفر کرتے ہین
یارب نہ جدا یار سے ہو یار کسی کا
سر تسلیم خم ہی جو مزاج یار مین آئے
ہائے کیا کیا صورتین ہین صدقے آدم زاد کے
دیکھ ہی لینگے دیکھنے والے
ہو گئین تابوت مین لاکھون ہی سن کی ہڈیان
بیٹھو تو کچھ سنائین تمھین داستان دل
وہ کون سا چمن ہی کہ جسمین خزان مین
وہ جب کوئی شیفتہ اف اف نہین کرتا
جلد آؤ کہ لبریز ہی پیمانہ ہمارا
خود تری ذات کوئی سبب تجھے بدنام بہت
کہ روز عید بھی گویا ہمین ماہ محرم ہے
بدلی کبھی نہ شکل خدا انقلاب مین
وہ گردشین بدل سکے ہین آج خواب مین

نامہ اعمال محشر مین جو مانگیگا خدا
جاؤنگا تقدیر کا لکھا دکھانے کے لیئے

اے صنم کیا پوچھتا ہے حال اِس رنجور کا
دل نہ اُسکا ٹے کہین اللہ بے مقدور کا

سر پہ ہو سفاک شہرہ ہی نگاہِ یار کا
سچ کہا ہی باڑہ کاٹے نام ہو تلوار کا

مرے نالون سے چپ ہین مرغ خوش الحان ملنے مین
صدا طوطی کی سنتا کون ہی نقارخانے مین

کتے تھے آنے کو خاطر سے ہماری پرسون
ہوے برسون نہوئی پر وہ تمھاری پرسون

ہوتا نہ اگر دل تو محبت بھی نہ ہوتی
ہوتی نہ محبت تو کچھ آفت بھی نہ ہوتی

ڈسا ہو کالے نے جس کو ظالم تو وہ فسون کے اثر سے کھیلے
دہان و گیسو کا تیرے مارا نہ منھ سے بولے نہ سر سے کھیلے

اگر پوچھے کوئی مجھسے کہ کیون لاغر ہی یہ کہ دون
محبت سے محبت سے محبت سے محبت سے

دل کہان سیر و تماشہ پہ مرا لگتا ہی
جی کے لگجانے سے جینا بھی برا لگتا ہی

کتنے مفلس ہوگئے کتنے تو انگر ہوگئے
خاک مین جب ملگئے دونون برابر ہوگئے

نہ موت ہجر مین آئی نہ مجھکو خواب آیا
یہ کس عذاب مین ہون مین یہ کیا عذاب آیا

پیام مرگ یہان آگیا مگر وان سے
جواب نامہ کا میرے نہ با صواب آیا

الٰہی آج ہوا کیا و گرنہ تھا یہ حال
اِدھر گیا مرا خط اور اُدھر جواب آیا

انتخاب بہشت باغ خلد ہی مشکوے دوست
رشک صد چرخ برین ہی اک زمین کوے دوست

فارسی غزلیں

غزل ۱

دل میرود ز دستم صاحبدلان خدا را — دردا که رازِ پنهان خواهد شد آشکارا

کشتی شکستگانیم ای بادِ شرطه برخیز — باشد که باز بینیم آن یارِ آشنا را

آسایشِ دو گیتی تفسیرِ این دو حرف است — با دوستان تلطف با دشمنان مدارا

در کوے نیکنامی ما را گذر ندادند — گر تو سے پسندی تغییر کن قضا را

آئینۂ سکندر جامِ جم است بنگر — تا بر تو عرضه دارد احوالِ ملک دارا

هنگامِ تنگدستی در عیش کوش و مستی — کین کیمیاے هستی قارون کند گدا را

ترکانِ پارسی گو بخشندگان عمر اند — ساقی بشارتے ده پیرانِ پارسا را

حافظ بخود نپوشید این خرقۂ می آلود — ای شیخِ پاکدامن معذور دار ما را

غزل ۲

منبعِ فیض و کرم معدنِ لطفِ یزدان — یک نظر سوی غریبان بفگن هم ایجان

ای صنم مهرِ خدا تو رخِ زیبا بنما — تا که تسکین شود خاطرِ این خسته دلان

ساقیا لطف و کرم کن تو براے خالق — منتظرِ ساغرِ وصل اند همه تشنه لبان

چند سوزد بفراق تو دلِ خستۂ من — رحم فرماے تو بر حالِ من هیچیدان

آه چون ماهی بے آب طپان می ماند — در فراق تو شب و روز حفیظ الله خان

غزل ۳

خطِ سبز و لبِ لعل و رخِ زیبا داری — حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری

شیوه و شکل و شمائل حرکات و سکنات — آنچه خوبان همه دارند تو تنها داری

تا تبسم نکنی عقل نگوید هرگز — که تو در آبِ خضر لولوے لالا داری
سنبل و یاسمن و نسترن و سروِ سهی — از سر زلف و عذار و قدِ بالا داری
دل و دین بوده همه هوش و خرد صبر و قرار — دیگر از خسروِ بیدل چه تمنا داری

غزل ۴

نصیحت به نسازد در دلم زخم جدائی را — نباشد در شکستِ شیشه دستی مومیائی را
بخاکِ خون نشاندی همچو گل ما را درین گلشن — شعار خویش کردی تا چو شبنم بیوفائی را
حیات خویش را چون شمع صرف دیگران کردم — کسے چون من ندارد پاس رسم آشنائی را
بهر صورت بر دیت چهره همچون عکس میگردد — بلے ناکس نمیداند طریق آشنائی را
امید از دستِ مردم چارهٔ دل بر نمی آید — زمرهم به نمیسازد کسے داغ جدائی را

غزل ۵

کافر عشقم مسلمانے مرا در کار نیست — هر رگِ من تار گشته حاجت زنار نیست
ما غریبان را تماشائے چمن در کار نیست — داغهائے سینۂ من کمتر از گلزار نیست
از سر بالین من بر خیز ای نادان طبیب — دردمندِ عشق را دارو بجز دیدار نیست
ناخدا در کشتیِ من گر نباشی گو مباش — با خدا کار است ما را ناخدا در کار نیست
خلق میگوید که خسرو بت پرستی میکند — آرے آرے میکنم با خلق و عالم کار نیست

غزل ۶

هر شب منم فتاده بگرد سرائے تو — هر روزه آه و ناله کنم از برائے تو
جانان بایں شکسته دلے بیوفا مشو — عمرے گذشت تا شده ام آشنائے تو
روزے که خرد خرد شود استخوان من — باشد هنوز شیفته دل در هوائے تو
یکدم شب وصال میسر نه شد مرا — اے وائے بر کسے که شود مبتلائے تو
بر حالِ زارِ ما نظرے کن ز راهِ لطف — تو پادشاهِ حسن و خسرو گدائے تو

غزل ۷

من آن پروانۂ عشقم کہ در آتش وطن دارم
چو فانوس آتش دل را بزیر پیرہن دارم

منم بلبل صفت از عشق تا گفت و شنو دارد
نہان در زیر ہر حرفے گلستان سخن دارم

بہ محشر گر بپرسندم چہ آوردی ہمین گویم
شہیدِ خنجرِ عشقم گواہ خود کفن دارم

نہ پنداری کہ در ہجرت مرا صبرست و آرامی
ز افغان داغہا بر داغ مرغان چمن دارم

اگر در گلشنِ عشرت ندارم راہ اے مخفی
بحمد اللہ کہ باری گوشۂ بیت الحزن دارم

غزل ۸

ما را بہ غمزہ کشت و قضا را بہانہ ساخت
خود سوئے ما ندید و حیا را بہانہ ساخت

رفتم بہ مسجدے پئے نظارۂ رخش
دستِ برو کشید و دعا را بہانہ ساخت

دستِ بدوشِ غیر نہاد از سرِ کرم
ما را چو دید لغزشِ پا را بہانہ ساخت

اقرار وصل کرد و نیامد ہزار حیف
در روزِ وصل پا بہ حنا را بہانہ ساخت

رفتم بجلوہ پئے دیدارِ حسن او
دورم نشاند و تنگیِ جا را بہانہ ساخت

خونِ قتیل بیکفنے را بپائے خویش
مالید آن نگار و حنا را بہانہ ساخت

غزل ۹

روحے فداک اے صنمِ ابطحی لقب
آشوبِ ترک و شورِ عجم فتنۂ عرب

کس نیست در جہان کہ ز حسنت عجب نماند
اے در کمالِ حسن عجب تر ز ہر عجب

ہر کس نیافت جرعۂ از جامِ وصلِ تو
زین بزمگاہ تشنہ جگر رفت و خشک لب

تا زلفِ تو شب است و رخت آفتابِ حسن
واللیل و والضحیٰ ست بر آورد روز و شب

رفتن بسر طریقِ ادب نیست در رہت
ما عاشقیم دست نیا بندما ادب

دل باد منزلِ غم و سر خاکِ مقدمت
کاین موجبِ شرف بود و آن مایۂ طرب

مطلوبِ جامی از طلبم گفتۂ کہ چیست
مطلوب او ہمین کہ دہد جان درین طلب

غزل ۱۰

اے ماہِ عالم سوزِ من از من چرا رنجیدۂ
وے شمعِ شب افروزِ من از من چرا رنجیدۂ

یک شب ترا مهمان کنم تا جان و دل قربان کنم
جاے تو در چشمان کنم از من چرا رنجیدۂ

اے جانِ من جانانِ من بر من نگر سلطانِ من
یک شب بیا مهمانِ من از من چرا رنجیدۂ

من عاشقِ زارِ توام از جان وفادارِ توام
تا زنده ام یارِ توام از من چرا رنجیدۂ

رنجیدۂ و رنجیدۂ از من گناہے دیدۂ
آخر گنہ بخشیدۂ از من چرا رنجیدۂ

بنگر ز عشقت چون شدم سرگشته و مجنون شدم
چون لالہ دل خون شدم از من چرا رنجیدۂ

من عاشق دیوانه ام اندر جهان افسانه ام
تو شمع و من پروانه ام از من چرا رنجیدۂ

گر من بہ میرم در غمت خونم فتد بر گردنت
فردا بگیرم دامنت از من چرا رنجیدۂ

اے سروِ خوش بالاے من وے دلبرِ رعناے من
لعلِ لبت حلواے من از من چرا رنجیدۂ

من سعدیِ دل خواہِ تو ابرو سے ہمچون ماہِ تو
من یار نیکو خواہِ تو از من چرا رنجیدۂ

غزل ۱۱

اے بیا لا چون صنوبر وی رخت چون م و ہ
زلف داری ہمچو عنبر لب چو ش و ک و ر

آفتابِ عاشقان و ماہتابِ دلبران
قبلۂ آزادگانی اے صنم با ر د خ

در میانِ ر د خ اندر کشید خ و ط
در دمندم مستمندم تن گرفته ت و پ

ت و پ آمد نگار من مرا از عشقِ تو
وا روے در دم تو داری در میان ل و ب

ل و ب ل و ب نہادہ باشد تا سحر
م و ی در پیش آید بستہ باشد و ر

اے نگار اگر تو مارا یک شبی مهمان کنی
نقشِ خواہم از لبانت ب و و س و ہ

شاعران بسیار گفته شعرہاے بے نمک
کس نگفتہ شعر ہمچون س و ع د و ی

غزل ۱۲

بہ بستانِ تجلی گل عذاری کردہ ام پیدا
سراپا دل کشی نگین نگاری کردہ ام پیدا

قیامت قامتی بالا بلاے آفت جانی
بتی غارتگرِ دین سحرکاری کردہ ام پیدا

نگارے کافرِ زاہد فریبے عشوہ پردازی
بتور کھیو تم پیاری۔

۴۲۔ باجی رتی من سوہن کے مکھ تا دن نے من موہ لئی ہی۔ گھائل سی گھمرون گھر
مین آیا وادن تے میری سدھ گئی ہی۔ کاسون پکار کہون سجنی سگرے برج
مین بے پیر بھئی ہی۔ یہ بانس کی بنسی کی ناس کرون جیہ بانس کی بانسری گاج
بھئی ہی۔

۴۳۔ ایک سمے مرلی دھن مین رکھان لیو کہہ نام ہمارو۔ تا دن تے یہ بیری

لبھاسن جھانکن دیت نہین ہردوارو۔ ہوت حیاؤ بجاؤن مین کیونکر کیون الی
بھنیٹے پران پیارو سو رشت پری تب ہین جیکو انکو ہیرے پیر نے پٹ وارو۔

۴۴۔ دوہا۔ اور لیکھے ات چیت ٹپی سُن مرلی دھن دھاے۔ ہون نکسی لہسی ستو گو
ٹکٹی اور لاے۔ بھون کے کونے مین بیٹھی ہتی ہون کچھو گرہ کاج کے ساج پگی
ری۔ پارک کانہ کری تب ہی مرلی دھن پران آن ٹھگی ری ہون لکھبے کو اوچھا
بھری نکری وہ ڈیٹھ پر یو نہ ٹھگی رہی۔ نینن کو اَروکانن کوسن کو تب تے
تن بلی لگی۔

۴۵۔ سو وت آج سکھی سپنے دُوج دیو جو آے ملے تبالی۔ جو لون اُٹھے مل بے
کھان دہاے سوہاے بھجان بجھان بے گھالی۔ بول اُٹھے تے پیی گن تولک پیو
کہان کہہ کو رکھپالی سیمپت سی سپنے کی بھی مل بو برجراج کو آج کو آئی۔

۴۶۔ لو رہی ہتی پلنگا پر مین تش گیان آر دو ھیان پیامن لائے۔ لاگ گیین پلکین پل
سُون پل لاگت ہی پل مون پیسہ آئے۔ جیون ہی اُٹھی اُن کے من کو
جاگ پری پیہ پاس نہ پائے۔ سیرن اور تو سوے کے کھووت ہون سکھی پریتم
جاگ گنوائے۔

۴۷۔ دھائے ہین آج آج گھنے گھن کھور سو بولت مور و یوگ جتائے۔ جنائے کے
موہ و یوگ سون جو بن مارت کام کے بان چڑھائے۔ چڑھائے کے لائے
ہین شیام گھٹا بدرا چھون اور دھا چھر لائے۔ لائے کے موہ کہان بلے اجھون نہین
پیو دلیش سون دھائے۔

۴۸۔ شیامری مورت موہ لیو ہن گیہ سوہات نے گرام رہی۔ گرام ری کیدہون
کنجن مین ہر ہارے کتے اب ڈھونڈھن جاؤن ری۔ جاؤن ری تو کل مین
ملے سب لوگ لوگاتی دھرین مل نام ری سنام ری تو اپنو کرتے موہ

موہ آن ملائے دے سورت ساوری۔

۴۹۔ بال ری آئین چھون دش تے تن گھیر لیو نند نند کو لال ری۔ لال ری جھوری ابیر بھر مُسکیائے رنگیو سکھی شیام کو بھال ری۔ بھال ری بینڈی بھلی جھلکیں لرسو ہت موتین کی آت مال ری۔ مال ری لونی نہ کوؤ لکھے او لوک رہین بسندیو کو بال ری۔

۵۰۔ عرضی لکھو موہن کو سجنی رت آئی بسنت سبے لرجی۔ لرجی ڈریان جو بلاس کی پک پائل کوکل کی مرضی۔ مرضی مُن کام چڑھو سج کے شش جُو تن کی پرجی پرجی پرجی پرجی سب دینہہ سینے لکھو ری من موہن کو عرضی۔

۵۱۔ آوت گار تہے اساڑھ کے بادر سون تیمین ات آگ لگاوت۔ لگاوت چاو چڑھے بیا جن مون سون آننگ مون بیر بڑھاوت۔ دھاوتے یاری ٹرھے بدر اکب شری پت جو بیر اڈر پاوت۔ پاوتے موہ نہ جیوت پتیم جو نہین پاوس مین گھر آوت۔

۵۲۔ پادری تو تسکے بہو تیرو لگیو نہین توہین کہون یہ کھاوری۔ کھاوری گھائل جانت ہین جلکے تن داسر پریم بھاوری۔ بھاوری بھوجن بھون نہ نیند ہیے ارجھی وہ مورت ساورتی۔ ساورے رنگ مون ہون مین رنگی نہ چڑھی اب دوسرو رنگ ری پادری۔

۵۳۔ چھائے کے پریم گئے جب تے تب تے مین بچی سکھی کوٹ اپائے کے۔ پائے کے پاوس کی رت سون اب کو بچ ہے انکھین کو کلا گھائے کے۔ گائے کے موندلال کہین چپلا چکین چھون اور سون آئے کے ہائے سلے نہین موہن میری اٹھائے کھٹا رہی چھائے کے۔

۵۴۔ بھاگ کی رین اندھیری گلین مین میل بھیو سکھی ساورے جی کو۔ ہون دھر لیکھو چاننک بوور لگا دن کاج گلال کو ٹیکو۔ وانے گلال لگایو الی جب لیٹو بوڑھی مین

عبیر وہ نیکو۔ وسترہ چھانڑ کنھیا گیو نہ بھیو سکھی ہاے منور تھو جیکو۔

۵۵۔ سانجھ ہے گھر سے نکسی سب سکھین ساتھ وہ سانوری مورت۔ رمز و ناز نمود چنیم تیاب شدم افزود کدورت۔ مسکیاے کے مون تن دیکھ دیو ترچھی انکھیان چتون کی مرورت۔ ہوشم رفت نہ ماند بدست شدہ دل مست زدیدن صورت۔

۵۶۔ کون گھڑی کر ہے بدھنا جب روے آن دلدار بہ بینیم۔ آنہ ہوے بنے سجنی در صحبت یار نگار نشینیم۔ پران پیاری ملین جب در باغ وصل گل عیش چنیم۔ صورت منتر کی چیت بسی کب کنگ کہین چون نقش نگینم۔

۵۷۔ تان سناے بجاے کے بانسری دل کی تجہا اظہار نمایم۔ چاہے میرو ہردے ملبو کیہو بھانت نظارہ یار نمایم۔ لوگ چبائی بسین یہ گاؤن سو حافظ من نہ قرار نمایم۔ چندر مکھی مکھ گھونگھٹ کھول کہ تا از دور دیدار نمایم۔

۵۸۔ جادون نے جمنا تٹ توہ بجاوت بانسری نیک نہارو۔ ہوشم رفت نماند بدست اُردھیان رہے دن رین تہارو۔ حافظ فکر کدام نمایم کوئی او پاے چلے نہ ہمارو۔ کون سی ہوے ہے سکھی ری گھڑی کہ جو تمہرا انگ ملے گو پیارو۔

۵۹۔ کیون اتنو تیراوت ہون شرم و حیا را بسے میدانم۔ ایسوا دیا دکرو ملے کہ قرار بگیرد این دل زارم۔ حافظ یا ہین نہ لا بہ کچھو از گفت و شنوے مطلب دارم۔ کا سمجھاوت گو سمجھے دل ما را بہ بر دکہ آن مہ یارم

۶۰۔ تمہرے ای لے برج بتھین بین پھرکے بن دیکھے تتی تو تتی۔ نہین کا ہو کی لاگ ہی باہین کچھو دی سوہ تبھا جو دئی سو دئی۔ تہنوہان اتی نبتی ہی سنو بچھرین نش میسری گئی تو گئی۔ اُن ہی کو لگاؤ لا چھتیان ہمکو ہیونا می بھئی سو بھئی۔

۶۱۔ سیکھ سانی سیانی سکھین کی یون پدماکر کے ام نکی۔ پریت کری تم سے ہم نے سو لسا روئی تم پریت گھنی کی۔ راوری ریت لکھی رام سانورے ہوت ہے سمپت جیون سپنے کی سا چوتا کو نہ ہوت بھلو جو تا نت ہو کی چار جنے کی۔

۶۲۔ جانت تھی اپنے نہین ہوت پرائے پیا یہ بیدن گائی۔ سو پر ہیل کے پریت کری گرو لوگن مین کل کان گنوائی۔ ٹھاکر تے نہ سمجھے اپنے اب کون کو دوش لگایئے مائی۔ دودھ کی ماکھی او جاگر بیر سو ہی ہین آنکھن دیکھت کھائی۔

۶۳۔ آپ ہی تے من ہیر ہنسے تر چھے کر نینن نیہہ کے چاؤ مین۔ ہاے دئی سو بسار دئی سدھ کیسے کرون سو کہو کت جاؤ نہین۔ سیت بھان اینت کہا یہ ایسی بچانے ہے پریت کی بھاؤ مین۔ موہنی مورت دیکھنے کو ترساوتی ہین بس ایک ہی گاؤن مین۔

۶۴۔ کنگنی چھور چھپاے کہون کہون بجی پائل پائین تے نائی۔ تیون پدماکر پاتھو کے گھر کے کہون کانپ اٹھے چھپ چھائی۔ لاچھ تے گر جات کہون اڑجات کہون کچ کی گت سہائی۔ بیش کی تھوڑی کشوری ہرے ہرے یا دودھ نند کشور پے آئی۔

۶۵ چندن کھور پے کھور جراے کے بیندی جبین کو بھال اجیاری۔ چونری جھوٹی بوندین گو ندھی سو گھی ملکری کل وجوت کناری۔ پریتم پاس لیا ون کو انگری کو گئے سکھیان ہت کاری۔ چاپکی آلن کی برجور سو آوت اشواڑیل سی پیاری۔

۶۶۔ کب بنی نے ادنی ہر گھٹا موہدا ین پولت کو کن ری۔ چہرے بجری چھت منڈل چھوڑے لہرے من مین بھبو کھن ری۔ پھری چونری جین کے دو سنگ لال کے جھولت جھو کن ری۔ رت یاوہیں یون ہی بتاوتی ہے مر ہو بھر

باوری ہو گئی ری۔

۶۷۔ بھادون کی کاری اندھیاری نشا کھی باور بند بچھو ہی برساوے۔ شیاباجی آپ نے اپنے اٹاپے چھکی ہرس ریت ملا رہی گاوے۔ تاسے ناگر کے درگ دور رتے چاتک سوانت کے سوج مین پاوے۔ سون میاکر گھونگھٹ ٹارے دیاکر دامن دیپ دکھاوے۔

۶۸۔ یان پل موہن کون ست رام سوکیل کری ات آنند واری۔ تے اس نتا درم دکھت ڈگر چلے انسوا انکھیان سے بھاری اوت ہو جنا تٹ کو نہین جان پڑے بھرے گرد ھاری۔ جانت ہون سکھی آون چاہت کنجن تے کرکھ کنج بہاری۔

۶۹ ہرباتی رسال کی ڈاران پے چڑھ اندسون ین براجتی ہین۔ کل جان کے کان کرین نہ کچھو من ہات پرائی ہی مارتی ہین۔ کو وکیسے کرے دو ج تو ہی کے نہین نیکو دیا اردھارتی ہین۔ اری کویلیا کوک کر کنجن کی کرچین کرچین کیے ڈارتی ہین۔

۷۰۔ پھیل رہو برہا جیون اور تے بھاگ بے کو کو پار نہ پاوے۔ جانت ہون پربیت سبے تم جال کو مین کہان لگ دھاوے۔ چاہون پھوک سندیشو کہون سو تو جی مہان آوت جی مین آوے۔ اودھو جو ند آمدہ سو دن ہون یسو جو کچھ تمھین رام کہاوے۔

۷۱۔ ایسے نہ دیکھی سنی کبہی گھن بارہست ہی جو دیوگ کی بادھا۔ تیون پد ماکر موہن کو تب تے کل ہے نہ کہون پل آدھا۔ لال گلال گھلا گھل مون درگ ٹھو کر دیکھی روپ اگادھا۔ لے گئی کے گئی چیٹک سے من لے گئی لے گئی رادھا۔

۷۲۔ گن اوگن کا کیسے کہہ تے اپنو تن آپ جراتے پر یوسب گاؤن گیل ہین لوگل

مین گر لوگن دیکھ لجانے پر یو۔ سرد ار بچار رہتا بن کے بن کاج بکانے پر یو بن جانے اجانے سوجانے ہمین کر پریت ہما پچھتانے پر یو۔

۷۳۔ ڈارے کہون تھنی بسارے کہون تھی کو بھا نڑا ابکل بگارے کہون ماکھن مٹھائی بھرم بھرم آوت چھون گھاتے یا ہی لگ پریم پاسے پورکے پر باہن متو بہی جھرس گئی وہون کہون کا ہو کو دیوگ بھار بار بار بکل بسورت اجہی تھی۔ ای ہو بر جراج ایک گوالنی کہون کی آج بھورہی تے دوار پے پکارت رہی دہی۔

۷۴۔ چھانڑ پت برت پریت کری نہی نہین تون ستی ہم سو ؤ۔ مون بھی ہر یون ہی پر یو سہنوئی پر یو جو کہو کچھ کو ؤ۔ سانچی بھئی کھناوت واکیب ٹھاکر کان سُنی ہتی جو ؤ۔ مایا ملی نہین رام ملے دُو یدھا مین گئے سجنی سُن وُود۔

۷۵۔ دوہا۔ جش ابچش دیکھت نہین دیکھت شیامل گات۔ کہا کرون لالچ بھرے چپل نین چل جات۔ ساس رسات جھلکئے نندی جن تو سکھو ے سکھی سیکھ کے بتنیا۔ ہے برنج باس چاہے بھئی چھون اوریجلی اُپھاس کی سُنیا۔ دیکھت سُندر ساتوری مُورت لوک اوک کی لیک لکھے نا۔ کیسی کرون ہٹ کے نہ ہین چل جات تا و ہچ لالچی ننیا۔

۷۶۔ دوہا۔ آپ دیو من پھیر ہے پلٹے دنیھی پیٹھ۔ کون چلا یہہ راوری لال لگاوت ڈیٹھہ۔ نند لالا اور ہجاے ہیواب دیکھنے کو ترساوت ہو۔ اتبو ہکو یہ یہ جان پری یہ لاج اسے نہین آوت ہو۔ تم مو ہین دیوا اپنو من آپ ہی پھیر ہے کیون شہرتا وت ہو۔ اب تو پلٹے ات پیٹھ دئی ہر کا ہے کو ڈھیٹھ لگاوت ہو۔

۷۷۔ دوہا۔ چھوٹے نہ لاج نہ لال جو پیو لکھ نیہہ گریہہ۔ سٹ پٹات لوچن کھرے بھرے سکوچ سینہہ۔ ایکے مین من بھاون کو لکھ پیاری نشنک ہوے دیکھ سکے نا۔ دیکھبے کو ترسے ہیرا دیکھ ساوہ لگے چت چین لے نا چھوٹے نہ لاج

رسٹے نہ لاج لوک کی ملیک او لنگھ پرے ناستا تے سکوچ سینہہ بھرے اکلات
گھرے جل جات سے نینا۔

۷۸۔ نین کے بان لگے جب تے تب تے کل ہی چھن ہون نہین پیاری ۔چین پڑے نہین حافظ ہاے رہے دن رین مہا بیقراری ۔کا تقصیر بھئی ہم سون جو بسار دئی شدہ ہاے ہماری ۔لوگ سبے یہ کہین سن پیاری کہ با جب ہی دوُد ہاتھن ماری ۔

۷۹۔ دوہا ۔کہا بھیّو جو بچھڑے موہن تو سن ساتھ ۔او ہین جاد کت ہون گوڑی تاڈ اوڑا ایک ہاتھ ۔جو کرتار رچے سو سہی دودھا اور بچارا کا رتھے ہی ۔بید پوران پورا مین سینن سب کو کہے یہ گا تھ ہی ہے ۔انتر بیچ پر پیو تو کہا بھیو سو من تو تو ساتھ ہی ہے ۔جاہ گڑی کیت ہون اوڑ دوڑ اوڑا اون ہاد کے ہاتھ

۸۰۔ کون ٹھگو رہی مری ہر آج بجائی ہو بانسری یان رس بھئی ۔تان سنی جن ہین جن ہین تن ہین تن لاج بدا کر دیئی گھومے پھرے گھری سے باران دوتی کسا ر عبال پر بینی ۔یان برج سنڈل ہین رسکھان سو کون بھٹو سو لٹو نہین کیسنی ۔

۸۱۔ شیت سے پردیش کو پیو پیان شنو وہ رُدون لاگی ۔یار ست ہین ہیرداس رہین گھر دیو تا پوجِ مناون لاگی ۔اوراو پاے تکیو نہ کچھ تب ساج کے ہین بجاون لاگی ۔پیاری پر بین بھرے سر میگھ ملار الاپ کے گاون لاگی

۸۲۔ ارسے ہن سوڑھ بر تھا بھٹکے تو ماس کہو سدھ کون لئی ہو ۔جنم بھیو تیہہ پیچھے کہون پہلے اسے کری تیہہ چھیر گئی ہے ۔سو کرو ڑان مدھ بھیو کو نہین اب تا حق تو ہین یہ او بھو بھئی ہو ۔کاہے برتھا بھرے جھون اور تو دسے ہے دہی جیہہ دنیہہ دئی ہو ۔

۸۳- بھیٹت ہی سپنے مین بھٹو چکو چنچل چارو اڑے گے اڑے رہے تنون ہنس کے ادھران ھون پے ادھران وھرے تے دھرے کے دھرے رہے - چونک نوین چلی ادھکی گلہ سو ید کے بونڈ ھرے کے ڈھرے رہے - ہاے کھلین بلکین پل سون دل کے بھلاکہ بھرے کے بھرے کے بھرے رہے -

۸۴- آج ری دیکھ گھٹا گھن سندر ساون کیھو سہاون ساج ری - ساج ری بھوگن بھوگ سنگا رسو تیرو لی آج بنو سب کاج ری - کاج ری آج گھری وہ نیہہ کی تیرے ادھین گھرے پر چراج رہی - راج ری وارون تھون نر کو مرلی دھرآیے میاکر آج ری -

۸۵- بھاگ کی بھیر ابھیرن تیون گہی گو بند لیلئ بھیتر گوری - بھائی کری من کی پدماکرا وپر نامے ابیر کی جوری چھین پیتیا مبر کا مرتے سو وداع دئی ہیچ کپولن بوری - نین بچاے کہی مسکیاے لا پھر آیئو کھیلن ہوری -

۸۶- انجن کو ہمذ وزکنچل راجیت کے من نشتر آن چھبی دے - کے دمی یہ ناگن گی شیو نا تھ بھنے رسنا سل سیوے سچندہ چاہ چڑھے بھر اے کپولن کول امیرس پیوے - دیکھت ہو بش چھاے گیو ار کاٹت ہو کہو کیسے کے جیے -

۸۷- شری پت اوبر کھیھان للی نہ ملے ڈرلاجن پر یم اگا دھکا - تیسی گلاب کلی چٹکا رن ڈاری مرد ر سوج کی باد ہکا - بیلن سون اورجی سرجی شر نجے سے سمیر سگندھن مادھکا - رادھے ٹری کہ مادھو مادھو نادھو ٹیرت رادھکا رادھکا -

۸۸- جاکے لیے کل کان تجی گھر باین کی چرچا نہین ماتی - جاکے لے سب گو کل مین بدنام بھیئن من مان ملانی - تیدن داگ بناے گپولن بھیو رہ لال جگا وت آنی - کوٹ کر و تن جو ین دے پر کنت نہ آپن ہوت سیانی -

۸۹ آلی کہا یہ بیادھ بھئی چھتیان اگین متو آوت ہے۔ نش واسر نیک سہات کچھو نہین نین تمب ٹرھاوت ہے۔ کون علاج کرون سکھی توہ پوچھت لاج لجاوت ہے جیہ شنک ٹرھی کٹ کہیتہ دیکھ سکھی توہ اوکھد آوت ہے۔

۹۰ کاٹھ چھلی گر لوگ کہین سب تاپس ہوے دشکندہ بلبوری۔ باؤن ہوے بل باندھیو سب راج دیو سر راج بھلیوری۔ ست ٹار جلندھر کی جوتی ہر نانش بال کو گرب گلیوری۔ سوہنی ہوے برج نار چھلین انکو سکھی چھل توب پھلیوری۔

۹۱ کینو برکھ بھان للی سون بھٹو ہے تیرو پریم مڑھو لبواس ہے۔ پیارے دیا کرتے سبو سب بھول دیو رس کو پرباس ہے۔ تیرو دئی روپ ریجھاون ہار نی آنند کند کیو ار باس ہے واہی بھیو بچ تین کو شیو ناتھ سنواب جوت پرکاس ہے۔

۹۲۔ رادھکا کے ملبے کو گوبند کیتک دنان لودنیہ ہتاسی۔ پریت کری رس ریت کری بھری تا ہین مون ہان اور ہان ہیہ ناسی۔ یون کب گوال بلاس ٹرھاسے کے چھانڑگیو سگری گن گانسی۔ واسی کی پھانسی بھنسا سے گڑوا بنا شی بینو یہ آوت ہانسی۔

۹۳۔ سار دماس مون راس رچو جنا تٹ نیچ بلاس کی چھا دین۔ بین مردنگ پکھاج بین بجاسے بتاسے پرتاپ ہو گادین۔ ادو ہو بجو نیہ کتا چہنکے کو کرورکے پریت کی پریت رجھادین۔ ریجھے گوپال جو کو بری سپے تو کو برآج ہون کون سپے پادین۔

	خط منظوم بزبان بھاشا	
	چوپائی	
اتل کیرت کم جاسے بکھانی		سدھ شری سندر گن کھانی

تم سمان سندر جگ ساہین ۔۔ آلین ماسھو کوئی ہی ناھسین
انگ انگ شوبھا سرساوت ۔۔ چندر بدن لکھ چندر لجاوت
اوپما چندر کہون کیم بھاہین ۔۔ دو گھٹت چندر او گھٹت کامن
کرون کسان لگ تور بڑائی ۔۔ گھٹت موکھی کم جائی
رُوم رُوم رسنا م ہوئی ۔۔ درپن کردن تھور سب جوئی
تاتے اپن کھو کچھ حالا ۔۔ بتیت آہے جو مو پر بالا

سورٹھا

پیارے تمھرے ہیت انکھیان تے ندیان بھیئین ۔۔ تن بھیو بار وریت کٹ کٹ پرے کرار جیون
پر یو بیرہ کو پھیر تم بن سب برت پھر گیئین
دن ہیت اندھیر رین ریت دن برت ہین
پنکھ ڈلاوت ہین آلی دیکھین تھر دورش ۔۔ پھر کہت ہین دن رین پر بس پنچھی آوڑن کو
جیون بچھڑت جل ہین تم بچھڑت گت یون بھئی
تلپھ تلپھ ہو چھین روپ سر دورس بن

دوہا

سکھ اپجاون دکھ ہرن رسکن کی رسکند ۔۔ اہی من موہن چت بس سدا رہو آنند
جب تے تم کینھو گون یا پوناہ سندیش
ایسی سدھ بسراے کے بلم رہے کہہ دیش
پاتی بھیجت کیون نہین پاتے کچھ نہ سہاے ۔۔ چھن چھن سن اکلات ہے تلپھ تلپھ جیہ جاے
کیسی اودھ بدی ہتی جو دیکھی بسراے
اب جل ورشن کے بنا کیسے تپن بجھاے
کرہاست پتیان لکھت جل بھر آوت نین ۔۔ کوبرو کاغذ ہاتھ ہو لکھون کہا میں نین

کاغذ پھیجت نین جل کر کانپت مس لیت
پاپی برہا من بسو بتھا لکھن نہین دیت

لکھن پڑھن کی ہی نہین کہی سنی نہین جات | اپنے جیہ تے جانیو مورے جیہ کی بات

یہ کن پاتی نالکھون دھرے رہون جیہ مون
تم پیاری من مون بسو پاتی پاٹیے کون

تپیان تاہ پٹھایئے جو ہووے پردیس | نش دن من جو بسے واکو کون سندیش

من چاہت ہی ملن کو مکھ دیکھین کو نین
سروں جو چاہت ہین سنو پیاری تمہرے بین

مکھ سنمکھ دیکھو کرین تیشین چھین دن رین | کان چین سنو سدا سجنی تیرے بین

چوپائی

کہان لگ بتھا لکھون اب پیاری
سو ہے یہی کشل او چھیا
سدا ہو تم جیوت پیاری

ہروے مانجھ بسند مورہت تمہاری
مگن رہون نش دن تو پریا
جوبن جور چندر اُجیاری

دوہا

مرگ نینی گج گامنی کٹ کیہر مکھ چند
مُری دھار تلوار کی کاٹ کرت بکھ ناہ

سدا رہو سنسار مین آنند کند آنند
تیرے ورگ جیون جیون مرین تیون تیون کاٹ کو

سورٹھا

تو چتون کی پھانس کرک کرت ہے کر گئی | نکلن کیو سگر و مانس مگر کت ہی نکست نہین

دوہا

سو پیاری تو درس بن بکل رہون دن رین | کب لگ اب یان آیہو نپٹ نہارت نین

چوپائی

برہ پیر تے رہون ادھیرا
دن دن بڑھت یہاں بورائی
سمد بجھات ہی سرسا نو
پریم اگن پر جولت ہی تن مین
اوٹھن آے رہے ہین پرانا
یہ اوسر بھیجو تم پاتی
پران پلٹ گھٹ سون پھر آوین
امرس جان آدو انتا
پاتی ناہ سجیون جیا نون

رہ رہ اُٹھت سما ہی پیرا
پران رہین تن سون گھبرائی
لہرت آہے سونجات بکھا نو
للگے جیون دا وانل بن مین
کرن چھت ہین آپن پیانا
دیکھت تاہ جوڑاوے چھاتی
منہ سجیون پانی پاوین
بڑھے ہر کہہ جیہ ماہ انتا
موے تن امرت کیا نون

دوہا

کون بسبت ہم تکٹ جو کرون پچھا در تور
پران این مین وارہون مانک موتی ٹھور

سوہا

پاتی جو آوے پریم کی سکھ چھاے رہے لکھ کے من ماہین
پران پچھا دہین ہم دا پرا اور رہنین کچھ موڈھگ پاہین
مول سجیون ٹھاے جیے وہ دیکھ جیے جیہ کے جیوناہین
اب اتنی کہون تم سون سجنی تم راکھیو پیر ہادسدا ہین

سورٹھا

بیجے چلت کچھ بات تم بچھرن کی ای سکھی
تن ڈولت جم پات تم نہ رہت تھر تھر کنپت

پیارے ماہ بسیا کھ لاکھون بن پھوے سمن
لاکھ لاکھ ابھلا کھ ہیہ او بچے تم درس کو

کبت

کمل پو چھاہ جیسے سورج پرکاش ہوت کمدا و چھاہ جیسے چندر ما پرس تین +
بھو نرن اچھاہ جیسے آگم لبسنت جان مورن اچھاہ جیسے برکھا سرس تین +
ہنسن اچھاہ جیسے مان سرنج ہوت سادھن اچھاہ اچھاہ آدت ارس تین +
سب کو اچھاہ یہ بھانت کر ہوت ہی ہمرد اچھاہ پیارے آپ کے درس تین +

دوہا

تلپھ تلپھ دیت ہی جیسے جل بن مین
تم درشن نین یہ تیسے بھئے ادھین

کاغذ تھور وہت گھنو سو اب لکھو بچاے | سندھو مدھ جل بہت ہی گاگر ناہ سماے

خط

دُر دریاے بے اعتنائی وشناور ورطۂ بے وفائی | مدام بر مراد کامران وشاد کام باشند

شعر

شرح شوقت مینوشتم دیدۂ خونبار گفت | جاے سرجیاش بگذاری کہ من خواہم نوشت

شعر

انچہ من دیدہ ام ومی کشم از جور فراق | کہ شنیدہ است وکہ دیدہ است کرا پیش آمد

شعر

می نویسم نامہ و مشتاق دیدار توام | بستہ ام نرگس صفت بر خامہ چشم خویش را

شعر

چیمی پرسی ز من حال دل غمدیدہ ات چوں شد
دلم غرخون وخون شدآب وآب از دیدہ بیروں شد

مہاباتان جبین دل سے تم سے جدا ہوا صد آہ وزاری و باہزاراں بے قراری غم والم سینہ بے کینہ پر

قبول کر یہ اشکباری ادھر روانہ ہوا ہون تمھاری دوری مین سرگشتہ و پریشان ہون اگرچہ
زندہ ہون پر آرزومند تمھارے وصال باکمال کا ہون خدا عنقریب میسر کرے اور ہمارے
دیدۂ انتظار کو تمھارے نور رخسار سے منور ــ ف روزم بغم و شب بالم می گذرد +
عمرم ہمہ با محنت و غم می گذرد + ف دریاد تو ایم ہر کجا ایم + بیگانہ مشو کہ آشنا ایم +
ہر چند کہ ہمجنس و ہمنفس یہان موجود ہین مگر درہاے خندیدگی و خرمی مسدود ـ اگرچہ
مجمع یاران لطف انگیز ہی اور جام سخن لبریز ـ اگرچہ مجلس رشک چمن ہی اور ہنگام خجلت
وہ گلشن ـ مگر بجز اس کے ہیچ ہین کیا ـ ف دران بزمے کہ شمع روی تو نیست + چراغ
دیدہ را گل می توان کرد + آہ و نالۂ سینۂ بریان سے بار بار ہی چشم خونی بغیر رخ دلدار
کے اشکبار ـ جگر یارا یارا ضبط فراق و جدائی کا کب یارا ـ بیت مائیم و جراحت
غریبی + عیسی نتواندش طبیبی + ف می گویم و می گویم و می گویم + بے یار
بناید شد بے یار بناید شد + دل خون ہوکر چشم کی راہ ٹپکتا ہی سینے مین خار جدائی
کھٹکتا ہی سچ ہی ـ ع نہ جیتے ہین نہ مرتے ہین عجب حالت ہماری ہی + آہ آہ کون
سا درد و ملال ہی جو فلک کج رفتار نے نہ دکھایا ـ افسوس صد افسوس کون سا
اندوہ و قلق ہی جس نے سینہ پر کوہ الم نہ گرایا ـ بیت اگر دم کا جلنا ہو تو کرون صبر اے
خدا + آٹھون پہر سلگتا ہی چولھے مین جاے دل + تمھاری بے وفائی سے ناک مین دم
ہی ـ تمھارے ظلم و ستم کی انتہا نہین جو ہم پر دم بدم ہے کبھی ایک پرچۂ قرطاس سے
نہ یاد کیا ـ شاد کرنا تو دور کنار ہی بلکہ زیادہ ہی برباد کیا ـ مجنون و فرہاد کا قصہ سنا
کرتے تھے مگر بیان حد سے افزون ہی ـ کسی دلبر کی جدائی مین حال اپنا زبون ہی ـ ف

نہ دن کو چین نہ راتون کو خواب ہی دل کو		عجب طرح کا الٰہی عذاب ہے دل کو

ف اے تو خوب سا تمھین دیکھا + اپنے مطلب کے آشنا ہو تم + نامہربانا تمھارا
کچھ قصور نہین تمھاری عقل کامل کا کچھ فتور نہین تم پر کیا منحصر ہی یہ بات نزدیک و دور مشتہر ہی

کہ جس قدر مہوشان زہرہ جبین دگر خان پری آئین ہین اپنے دلدادہ کو گاہے ماہے کامران اور
شادکام نہین کرتے ہان بدنام تو کرتے ہین مگر کبھی اُن کا سے مراد سے لبریز جام نہین
کرتے تمھاری بلا سے چاہے کوئی جیے یا مرے تمھاری پاپوش کسی پر رحم کرے خیر اپنا
ہی دل خوش کرو اگرچہ ہماری جان جائے مگر تمھاری بات کہ بنات ہی نہ پھیکی ہو جائے۔
ف تو اپنے شیوۂ جور و جفا سے ست گذرے + تری بلا سے مرادم رہے
رہے نہ رہے + ہم نے سیکڑون صدمۂ جدائی تمھارے ہجر مین اُٹھائے مگر افسوس
تم کچھ خبر نہوے اپنے جور و جفا سے باز نہ آئے۔ تمھاری طرف سے غفلت خوب ہی
اور ہماری طرف سے ہر دم خلق و محبت مرغوب۔ ف جب تپ دوری جلاکر
خاک کردیگی مجھے + آہ پھر چوٹے ہین ڈالینگے تری تاثیر کو + ہم کو تمام دن تمھاری جدائی
سے بے قراری اور ہر شب اختر شماری ہی۔ ف درد دل کس سے کہون کون کریگا
آسان سخت مشکل ہی مگر یار جدائی تیری + قسمت مین یہی لکھا تھا ایک دن یہ معاملہ پیش آنا تھا
تقدیر یہی لکھا لائی۔ یہ چوٹ منہ پر کھانی تھی سو کھائی۔ ف قسمت کے نوشتے کو
نہ مٹتے دیکھا + ہم نے افلاک کو سو رنگ بدلتے دیکھا + **ابیات** ملا میرے دلبر سے
مجھکو خدا + نہین تو مراجی ٹھکانے لگا + ابھی بیٹھنے بھی نہ پاتے تھے ہم + کہ دشمن ہمین یون
اُٹھانے لگا + فلک نے تو اتنا ہنسایا نہ تھا + کہ جس کے عوض یون رولانے لگا + نہین
دوست سے مجکو شکوۂ حسن + مراجی ہی مجکو ڈوبانے لگا + ایک دوری دوسرے مجبوری
کیا کیا جائے کون سا معاملہ درپیش لایا جائے کیا تدبیر کرون کس سے درد دل اظہار
کرون حیران و پریشان ہون فکر جدائی نے گوشت کا نام باقی نہین رکھا ہڈیون کا مغز تک
خشک کر دیا۔ ف فلک نیرنگ بازی ہی دکھاتا + پریشان ہی مجھے ہر دم
بناتا + **رباعی**۔ حال دل کچھ کہا نہین جاتا + بن کہے بھی رہا نہین جاتا + بن ملے
اُسکے کل نہین پڑتی + ملتا ہون تو ملا نہین جاتا + بیوفائی تمھاری جہان مین مشہور رہے

بے اعتنائی کا کیا ذکر ہی کہ اسکا شہرہ نزدیک و دور ہی ۔ ؎ ذرا شربت وصل مجھکو پلا +
لبو پر مری جان ہی ای دلربا + مین جلتا ہون تجھکو خبر کچھ نہین + مرے سوز دل مین اثر کچھ نہین +
کیا دل ترے غم نے ایسا فگار + ہوے ایک ٹکڑے کے ٹکڑے ہزار + ترے چشم
وابرو نے ای شوخ رنگ + لگائے مرے دل پہ لاکھون خدنگ + کیا ہی دل و
جان کو خون عشق نے + جلایا درون و برون عشق نے + ای جان جہان تمھاری یاد مین
یہ حال ہی کہ تمھارے سرو قامت کا ہر دم خیال ہی ۔ **ابیات** جلاتے ہین تن
پر غم کو ہر شب + نہین کھلتے شکایت کو مگر لب + قبول ہم نے کیا جلنا سدا کا + نچھوڑا اٹھا
لیکن دلربا کا + وہان عشرت و کامرانی یہان اپنے درد غم کی کہانی سنانی وہان خندہ و
قہقہہ یہان ہر دم تن ضعیف پر رعشہ ۔ وہان جام مراد لبریز ۔ یہان پیمانہ عمر راہ عدم
انگیز ۔ وہان بصد آرزو در مراد در دامن یہان ہزاران ہزار برق حسرت بر زندگانی
خرمن ۔ وہان متقاصد گلشن یہان ناکامی دامن گیر دامن وہان مقصد بر دوش یہان
سنان نامرادی ہم آغوش ۔ وہان قبضہ شمشیر فتح و ظفر در دست یہان سپر حسرت و افسوس
کی پست ۔ وہان مجمع پریزادان زہرہ جبین یہان عالم تنہائی کا سو آئین ۔ وہان خوشی
بار بار یہان چشم خونی اشکبار ؎ کھلین گے شکوون کے جبکہ دفتر ادھر ہمارے
ادھر تمھارے + تو کیسے گزرے گی آہ دل پر ادھر ہمارے ادھر تمھارے + اب تک تم کو
کچھ خبر و خیال نہین ہماری جان جانے کا ذرا ملال نہین ہم کو اسقدر نہ بھلاؤ خدارا ہماری یاد
اپنے دل مین لاؤ ۔ کیا کہون تمھارے غم کا مارا ہون تمھارے سبب سب مین رسوا ہوا
ہون ؎ نیم یک لحظہ از یاد تو خاموش + فراموشی شدہ از دل فراموش + ؎ روگر کو
کہان طاقت کہ زخم عشق کو ٹال سکے + اگر سینہ مرا دیکھے رفو چکر مین آجائے + صدمۂ فرقت اگر
تحریر کرون تو کیا تعجب کہ آتش آہ سے کاغذ مین بھی آگ لگ جائے ۔ ہاتھ لرزتا ہی زبان کانپتی
ہی پھر کیونکر تحریر ہو بیان مہجوری کس طرح قسطیر ہو ۔ خور و خواب یکسو چشم پر آنسو ہی تمھاری ہی شکل

ھردم رو برو ہی۔ **ابیات** جدا کسی سے کسی کا غرض حبیب نہو + یہ داغ وہ ہی کہ دشمن
کو بھی نصیب نہو + جدا کرے جو ہمین وہ صنم کے کوچے سے + الٰہی راہ مین ایسا کوئی رقیب نہو +
ہر گھڑی تمھارا رنج والم اپنے دل پر سہتا ہون ہر چند کہ ہمجنس و ہمنفس سے کہتا ہون مگر کوئی میری
بات نہین سنتا ہی ہر ایک مجنون و دیوانہ کہتا ہی ای پیارے ــــہ کعبہ مین رہین
یا کہ رہین دیر مین جاکر + ہر جا تمھین ای جان جہان یاد کرین گے۔ تمکو یقین صادق اور گمان واثق
نہوگا کہ ہم تمھاری یاد مین مرتے ہین تم پر جان قربان کرتے ہین گو تمھارے دل پر اثر نہو ہماری
حالت کی خبر نہو۔ ــــہ کٹے خوشی سے تو ہی زیست خضر کی تھوڑی + نہین تو نیم نفس بھی
بہت ہی جینے کو + اگر شب و روز ایسا ہی کام ہی تو سن لینا کہ چند روز مین خاتمہ بالخیر و
کام تمام ہی۔ ــــہ گردش سے آسمان کی کیا کیا ستم ہین مجھ پر + سایہ بغیر اپنا ساتھی نہ
کوئی رہبر + آہ آہ کیا کرون کس سے کہون۔ ــــہ نہ نامہ ہی نہ قاصد ہی نہ پیغام زبانی ہی +
یکایک دل کا لگ جانا یہ آفت ناگہانی ہی + وہان تم بجن داؤدی غزلخوانی مین مشغول یہان
ہمارا آہ و زاری کا مدامی معمول وہان تم سنگھار سے آراستہ و پیراستہ یہان ہم خاک پر سر بسر
باختہ وہان تم جلسۂ عیش و طرب مین مدام یہان تپ ہجر مین جلنے کا کام وہان شراب
دو آتشہ کا دور یہان خمار ہجر کا ظلم و جور وہان رنگ برنگ کا سمان یہان مدام گردش یہان
وہان صراحی و جام در دست یہان حوصلہ سب پست وہان اغیار ہمدم یہان عالم تنہائی
کا غم وہان شباب پر کمال یہان جان محزون پر ہر روز زوال وہان کنار و بوس یہان حسرت و
افسوس وہان حاصل ہونا مراد کا بار بار یہان دیدار پر بہار کا انتظار وہان مہندی سے ہاتھ رنگنا یہان
جگر کا خون ہو کر آنکھ کی راہ ٹپکنا وہان نرگسین چشم مین سرمہ لگانا یہان شمع کی طور اپنے آپ کو جلانا وہان
تم کو ہر دم غیرون کا خیال یہان ہمکو ہر لحظہ جان جانے کا ملال وہان مانگ پر سیندور یہان راہ مقصد
سے سیکڑون میل دور۔ اسے جان جان اب آگے تحریر کی طاقت نہین گفتگو کی توقع نہین۔ اللہ تعالیٰ
لوطا چشمی تمھاری برقرار و بے اعتنائی و بیوفائی پایدار رکھے۔ فقط۔ والشوق۔

خط دیگر

ای نو نسیم نامۂ مشتاق دیدار تو ام
بستہ ام نرگس صفت بر خامہ چشم خویش را

دیگر

سواد دیدہ حل کردم نوشتم نامہ سوی تو | کہ تا ہنگام خواندن چشم من افتد بروی تو

گل گلزار خوبی بلبل شاخسار محبوبی نسیم چمنستان رعنائی شمیم گلستان زیبائی طاؤس طناز خیابان عشوہ سازی طوطی شکرستان نغمہ پردازی قمری سروستان لیاقت و سخنوری مجلت وہ حور و پری زاد اللہ حسنہ۔

از رواج غنچۂ تمنائے مواصلت مشام بیان را معطر ساختہ بعد عاے ضروری میگراید۔ یعنی درین آوان نزہت و فرخندہ بیان نامۂ نامی صحیفۂ گرامی بعد مدت بوزیدن باد بہار شگفتہ کن شاخ و برگ قلب ما عاشقان گردید ہے بہت روزون کے پیچھے آج آیا آپکا نامہ لفافہ کو آنکھون سے لگایا آپکا نامہ ہے جبس ہنگام تا فرجام بد آغاز نیک انجام سے فلک تفرقہ پرداز کجباز او رزمانۂ ناساز جاگداز نے دوری صوری و مہجوری فیمابین ہمارے اور تمھارے ڈالی ہے اور رستان غم میرے ہلاک کو سنبھالی ہے۔ افسوس صد افسوس کہ اسکا بیان میرے حد امکان سے بالکل باہر ہے جسوقت تمہاری محبت انگیز لطف خیز اشارے کنائے رمز و عشوے یاد آتے ہین بجا ہے المتفرقین گھنٹون بیہوش رکھواتے ہین ہوش برخاست حواس رخصت ہائے کیا کرین۔ آکر جان جان۔

ابیات

اشتیاقیکہ بدیدار تو دارد دل من	دل من داند و من دانم و داند دل من
دور جبدن سے ہوا تجھ چمن حسن سے مین	نہ مجھے باغ خوش آتا ہے نہ گلشن نہ چمن
آنچہ من دیدم و من میکشم از جور فراق	کہ کشیدست و کہ دیدست و کرا پیش آمد

اور کبھی یہ رباعی بھی اپنے حسب حال آپڑتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ **رباعی**

قلم گرفتم و گفتم سلام بنویسم	شکایت شب ہجران تمام بنویسم
شکایت شب ہجران و فرقت و دوری	ز حد گذشت ندانم کدام بنویسم

اے گلشن آرائے محبت و وداد و اے چمن پیرائے مودت و اتحاد تمہارے ہجر نے جو آفتین ہمپر اُتاری ہین شمۂ اُس سے لایق تسطیر اور ذرۂ قابل تحریر نہین **نظم**

خواہم اگر ز حرف تمنا رقم زنم	کاغذ کجا دوات کجا و کجا قلم
این ہم بفرض گر بتکلف بہم رسد	ہوشم کجا حواس کجا و کجا دلم
با این ہمہ ارادۂ تحریر گر کنم	و جدان دل چگونہ برآید ز خامہ ام
شوقے کہ بر نگین دلم نقش کردہ اند	آن نقش کالحجر کہ ز وانش بود اہم
انصاف خواہم این کہ بدنیسان تمام تر	ما فی الضمیر دل ز قلم چون شود رقم

اے کمان ابرو اے ماہرو گلرو اگر یہ ہدف ناوک بلا غم جدائی تمہارا بیان کرے تو لب سے لب بہ رنگ سوفار جدا رہے ۔ آخر ش عالم بیتابی و بیقراری مین تمہارا خط راحت افزا ہاتھ مین لیکر نہ جانین کیا سے کیا دل مضطر اشعار آمدار رہا ہے ۔ **اشعار متفرقات**

نامہ آتا آمد بدستم خاطرم گلزار شد	غنچہ شد گل گل چمن شد نافہ تاتار شد
قاصد رسید و نامہ رسید و خبر رسید	در حیرتم کہ جان بہ کدامین کنم نثار
نامہ آورد رسول تو سن از شادی آن	گہ سر نامہ ہمین بوسم و گہ پاے ورا
نامہ شوق ترا من مختصر خواہم نوشت	بیشتر از بیشتر از بیشتر خواہم نوشت

دوہرا

لکھن پڑھن کی ہی نہین کہی سُنی نہین جات	اپنے جی سے جانیو میرے جی کی بات
نہ کچھ باقی نالکھون دھرے رہون جی موت	تم پیارے من مون لبسو باقی باتیہ کون

سورٹھا

جسے جیات لکھو بات تم بچھڑن کی ای سکھی	تن ڈولت جم پات ٹھر نہ رہت ٹھر ٹھر کنیت
پیارے ٹھرے ہیت انکھیان لیے ندیان بہین	تن بھیو بار و ریت کٹ کٹ پرت کرار جیون
ہر یو برہ کو چیر تم بن سب رُت ہیر گئین	دن بیتت اندھیر رین پرت دن پرت متن
سکھ ڈلاوت تین اوٹر دیکھین ٹھر درس	ٹھر کت ہین دن رین پیر نس بچھی اُڑن کو
جیون بچھڑے جل مین تم بچھڑت کت یون بچی	تلپھ تلپھ بھیو چھین روپ سر درد درس بن

ای از دیدہ دور واز دل ور حضور حال گریہ اگر تحریر کر دن تو کاغذ ابری برنگ ابر باران اشک افشانی کرے سطرین موج دائرہ گرداب ہون قاصد آب روان کیطرح قصد روانی کرے —

حال من دیداست قاصد احتیاج نامہ نیست	اگر نویسم زندہ ام بر خویش تہمت میکنم

ای نونہال حسن و خوبی وسرو چمنستان دلبری و محبوبی یہ مہجور الخدمت صرف تمہارے شوق مواصلت کے باعث ہنوز اصل مین مردہ ہے اگرچہ بظاہر زندہ ہے تمہاری بیوفائی و کج ادائی جسکو کہ برعکس اس دل دادہ پر ثابت کرتی ہو یہ خام خیال آن ماہ جمال سے ورنہ کہین ایسا بھی ہوتا ہے — اے حدیقۂ حسن و جمال محبوب بے مثال لطف فرمائی و توجہ تمائی تیری سے یہ چشم داشتن ہمکو نہ تھی — حیف صد حیف —

دل بتو دادم و افسوس کمید انستم	کہ پس از بُردن دل شوخ چنین خواہی شد

تجداے لایزال اگر تمہاری اس چشم پوشی کا حال ہم پہلے سے جانتے اپنے طائر دلکو تمہارے دام محبت مین ہرگز نہ اُلجھنے دیتے — ع خود غلط بود آنچہ من پنداشتم —

اگر دانستم از روز ازل داغ جدائی را	نمیکردم بدل روشن چراغ آشنائی را

خیر جو کچھ ہو سو ہوا اپنی بدقسمتی کا حال پُر ملال کیا کہون کیا لکھون —

تو دور افتاد گا تر اگاہ گاہے یاد فرمودی	نگر گم کردہ رہ قاصد کہ پیغامے نمی آرد

اے تشناور ورطۂ بیوفائی وبے اعتنائی افسانۂ بیتابی دل اگر لکھون تو خط بوٹن کبوتر

کی طرح لوٹا کرے قلم مرغ بسمل کی طرح صفحہ قرطاس پر تڑپا کرے ۔ ۵

برق و باران جسکو کہتے ہین مرا افسانہ ہے ‏— کچھ حقیقت رونے کی کچھ حال بتنا باندھے

حالت اضطراب و بیقراری مین کبھی یہ غزل پڑھ کے دل کو سمجھاتا ہون —

غزل

مجھے جام الفت یار نے جو پلا دیا کئی بار ہی ‏— مری آنکھون مین وہی اب تلک بخدا اُسیکا خمار ہی

جو صبا کبھے تو ادھر گذر تو یہ کہیو اس سے مری خبر ‏— غم ہجر تیرے سے اے صنم کیا کیسا زار و نزار ہی

ترے عشق مین جو ہے جو ستم نہین اسکا شکوہ کرینگے ہم ‏— جیا ہو سر کو تن سے کرو قلم بخدا نہین مجھے عار ہی

مری جان جاوے یا رہی مگر اتنا کہتا ہون اے صنم ‏— نہ پھرینگے عشق سے تیرے ہم مرا دل تو تجھپہ نثار ہی

مجھے خوف حشر قلیل کیا کہ ہین شاہ خادم پیشوا ‏— کوئی مانے یا کہ نہ مانے ہان مرا دل تو اسپہ نثار ہی

غزل دیگر

ای ماہ عالم سوز من از من چرا رنجیدہ ‏— ای شمع شب افروز من از من چرا رنجیدہ

خواہم ترا مہمان کنم تا جان بہ دل قربان کنم ‏— جا سے تو در چشمان کنم از من چرا رنجیدہ

ای جان من جانان من [illegible] من نگر سلطان من ‏— یک شب بیا مہمان من از من چرا رنجیدہ

بنگر ز ہجرت خون شدم سرگشتہ و مجنون شدم ‏— چون لعل دل پر خون شدم از من چرا رنجیدہ

من عاشق زار توام از جان خریدار توام ‏— تا زندہ ام یار توام از من چرا رنجیدہ

رنجیدہ رنجیدہ از من گناہے دیدہ ‏— آخر مرا رنجیدہ از من چرا رنجیدہ

اگر من بمیرم در غمت خونم فتد بر گردنت ‏— فردا بگیرم دامنت از من چرا رنجیدہ

ای کعبہ من کوے تو وے قبلہ من روے تو ‏— صد فتنہ شد روے تو از من چرا رنجیدہ

پیوستہ دلدار توام یار وفادار توام ‏— اکنون بغم زار توام از من چرا رنجیدہ

ای سرو خوش بالاے من ای دلبر رعناے من ‏— لعل لبت حلواے من از من چرا رنجیدہ

من سعدی دلخواہ تو [illegible] ماہ تو ‏— من یار نیکو خواہ تو از من چرا رنجیدہ

اے پیارے تمہاری فرقت مین گھر زندان ہمین بیابان ہے زندگی سے تنگ جینے سے تنگ

تنہائی سے دل گھبراتا ہی پھرنا پریشانی لاتا ہی غرضکہ کسی طرح چین نہین آتا ہی بن تیرے اگر باغ کی طرف جاتا ہون آخر گھبراکر بیتابانہ واپس آتا ہون باغبان باغی گل بوے آتش بھرے دغی دکھلائی دیتے ہین گویا وہ بھی ہمارے غم مین دل پر داغ کھائے ہین غرضکہ صورت خار آنکھون مین کھٹکتے ہین جوانان چمن ہر جگہ ہمسے اٹکتے ہین چشم نرگس نظرون مین دیدۂ حیران ہی گیسوے سنبل زلف پریشان ہی۔ قطعہ

بے ترے سیر چمن خوش آئے کیا اے سرو ناز	پھول جو ہی میری نظرون مین برنگ خار ہے
جو خمیدہ گل کی ٹہنی ہی وہ ہی مثل کمان	تشکل ناوک موج بوے گل جگر کے پار ہی

قمریان باغ مین کوکو سے سر پھراتی ہین بلبلین آوازے کستی چلاتی ہین گل گران گوش ہین غنچۂ لب نجا ہوش ہین نرگس آنکھ نہین ملاتی ہی بلبل دم چراتی ہی یہ روش رنگ گلستان اور اپنا حال پریشان دیکھکر خاموش رہتا ہون دیوانہ وار چلا چلا کہتا ہون .... ؎

نرگس نے آنکھ پھیرلی بلبل جدا پھری	چلئے اب اس چمن سے کہ یانکی ہوا پھری

ناچار وہان کی سیر سے ہاتھ دھو صبا کی طرح ہوا ہو صحرا کو روانہ ہوتا ہون بیکسانہ حیران دشت شدر کسی درخت کے سایہ مین جا ہاتھ پھیلا یہ اشعار پڑھتا ہون ترجیع بند ؎

صبا کبھی جو ترا کوے یار مین ہو گزر	نہ بھولیو یہ پیام و زیر خستہ جگر
یہ کہیو اس سے کہ ایجان تیری فرقت مین	فغان ہی درد ہی غم ہی الم ہی آٹھ پہر
پہونچ گیا ہی گریبان کا چاک دامن تک	گزر گیا ہی بس اب سر سے آب دیدۂ تر
کبھی ہی ہوش اسے گاہ فرط بیہوشی	کبھی ہی آپ مین وہ گاہ آپ سے باہر
ہر ایک کوچے مین پھرتا ہی صورت وحشی	کبھی ادھر سے ادھر اور کبھی ادھر سے ادھر
بہت قلق جو ستاتا ہی تو یہ پڑھتا ہی	عجیب حسرت وارمان سے ہاتھ پھیلا کر

بیا بیا کہ ترا تنگ در کنار کشم
بہ تنگ آمدہ ام چند انتظار کشم

غزل

باعث وحشت ہوئی بے اعتنائی آپ کی
تجھکے چھوانے لگی ہم سے جدائی آپ کی

خود گلا کاٹون مجھے خنجر عنایت کیجیے
دیکھیے دُکھ جائیگی نازک کلائی آپ کی

آپ کی جانین بلا کیونکر کٹی فرقت کی رات
دل تڑپ کر رہگیا جب یاد آئی آپ کی

آپ کی باتون کا رہتا ہی مجھے ہر دم خیال
جو کوئی بولا صدا کانون مین آئی آپ کی

پہلے کیا اقرار تھا اب آنکھ بھی ملتی نہین
جایئے بس خوب الفت آزمائی آپ کی

بیٹھے بیٹھے روگ الفت کا لگایا جان کو
کیون ان آنکھون نے مجھے صورت دکھائی آپکی

اشعار متفرق

نہین کٹتا ہی یہ میدان بلا
مدد اے خضر بیابان بلا

رلائیگا یوہین گر خون ہمین غم یار جانی کا
بنیگا آسمان شیشہ شراب ارغوانی کا

غزل

دل تمہارے حسن پر یون مبتلا کیونکر ہوا
نازل اس پر اے بتو قہر خدا کیونکر ہوا

بستۂ زلف صنم دل اے خدا کیونکر ہوا
بیٹھے بٹھلائے یہ محبوس بلا کیونکر ہوا

دل شگفتہ خاک ہو فرقت مین آہ گرم سے
جھونکا صرصر کا بھلا موج صبا کیونکر ہوا

کیا تری وحشی کا زندان کی طرف آیا قدم
خانۂ زنجیر مین محشر بپا کیونکر ہوا

سچ کہا ہی ؎ بانی جور و جفا ہین ستم ایجاد ہین سب ٭ راحت جان کوئی دلبر نہین جلاد ہین سب ٭ مجنون وار با چشم زار بیتاب و بیقرار صورت غبار کسی دوسرے شجر بے برگ کے تلے جاکر پھر بیٹھ جاتا ہون اشک آنکھون مین بھر تم کو یاد کر تمھاری شکل کا تصور باندھ فرط بے قراری سے خوب روتا ہون چلاتا ہون وہان بھی گرد باد حلقۂ آہن نظر آتا ہی ہرا آہو تری آنکھون کی یاد دلا کر چوکڑی بھلاتا ہی زرد زرد زرہاے مغیلان دیکھ کر آنکھون مین سرسون پھولتی ہی لالۂ صحرائی بے داغ دل مشتعل ہوا عالم جنون

اور کبھی متصل ہو الباس پھاڑنے لگا جنون نیچے جھاڑنے لگا۔ ے ایک ہی جھٹکے مین
ای دست جنون ۔ پاس دامن کے گریبان دیکھنا ۔ شاید کسی وقت اگر اپنے ہوش بجا ہوے فوراً یہ
شعر زبان پر آیا ے اچھا یہ دل ستم زدہ زلف بتان سے آج ۔ نازل ہوئی بلا مرے
سر پر کہان سے آج ۔ ے کب خبر تھی انقلاب آسمان ہو جائیگا ۔ دوست کا ملنا نصیب
دشمنان ہو جائیگا۔ ے نہ کیا ذبح گیا چھوڑ کے بسمل قاتل ۔ دہن زخم پکارا کیا قاتل
قاتل ۔ ے لگے ہی سیر گلشن مین دل ای غنچہ دہن کس کا ۔ تری فرقت کے مارے کو
روش کس کی چمن کس کا ۔ اور کبھی یہ غزل حسرت دافسوس کیساتھ ہاتھ مل ملکر پڑھتا ہون۔

غزل

بہین در وقت رفتن حسرت ودیدائے نگار من	کہ از نقش قدم پیداست چشم انتظار من
مگر از دیدن او چون پر پروازمی سوزد	مگر دارد چراغ از داغ دل تبہائے تار من
فلک را کرد از فرط حرارت کورۂ آتش	معاذ اللہ نقد گر سر زمین مشت غبار من
بغیر از روے حسرت شکل دیگر در نظر ناید	بہ بیند گر کسے آئینۂ لوح مزار من
اگر از سستی بختم سمند او نے آید	بپائے او رسد اے کاش این مشت غبار من

اور کبھی اس شعر سے دل کو تسکین دیتا ہون ے نظرون سے دور رہنے کا پیارے گلا
نہین ۔ دل سے قریب ایسے ہو کچھ فاصلا نہین ۔ دیگر دل من لفظ یا د تو معنی ۔ معنی
از لفظ کے جدا باشد ۔ دیگر دشمن بھی اپنے دوست سے یارب جدا نہو ۔ نا آشنا کو بھی الم
آشنا نہو ۔ پھر یکایک دل مین یہ امنگ آئی نشہ مے کی ترنگ آئی عزم ہوا کہ میخانہ
کو جایئے یون دل کو بہلایئے غرضکہ جب وہان پہونچا تو جو نہ دیکھا تھا وہ دیکھا دور ساغر
حلقہ ماتم نظر آیا قلقل مینا مین نوحے کا عالم دکھلائی دیا یتہائے مژگان پر کباب
لخت دل بیتاب تھے اشک میگون شیشہ شراب تھے بس یہ عالم دیکھکر اشک کی طغیانی
ہوئی کشتی مے کشتی طوفانی ہوئی یاران قدح نوش ہم آغوش ہوے اپنے حال سے

بیہوش ہوتے تکلیف بادہ کشی کی کرنے لگے یہ کہکر سر قدم پر دھرنے لگے مین اس شعر کو پڑھکر
رونے لگا۔ **شعر** خون جگر پیا نہو جس نے وہ مے پیئے * کھائے وہی کباب کہ جو
دل جلا نہو * وہان سے بھی پریشان وار باحالت بیقرار کسی جانب کو چلدیا تمھاری
سرو مہری کو یاد کر یہ غزل زبان پر جاری ہو گئی .... **غزل**

خدا کو مانو نہ ہنسی نہ جانو نہ میرے دلپر جفا کرو تم
زمانہ اُلٹا ہی کیا کرو تم بدا جو ہی وہ ادا کرو تم *
سرور و طلعت کر بخ فرقت دہرے الفت کہ درد کلفت
ہمین نے پہلے گلا کٹایا ہمین نے قابل تمھین بنایا
دل و جگر پلکون پہ چھپا اور تو جان قربان ہی لبون پر
بچا ہی بچا سیر اگلا ہی تمھارا اسمین قصور کیا ہی
ہلیگا عرش خدا کا یہ ذرا تو خوف خدا کرو تم
وفا کرین ہم جفا کرو تم دعا کرین ہم دغا کرو تم
نشان بوسہ کہ داغ حسرت قبول ہی جو عطا کرو تم
ہمین نے یہ رنگ سب جمایا ہمارے حق مین دعا کرو تم
اب ایک سر ہی اسے بھی لیکر قدم پہ اپنے فدا کرو تم
یہ میری تقدیر مین لکھا ہی کہ مجھپہ جور و جفا کرو تم

اے لطف زندگانی جس دن سے تم سے جدا ہوا ہون ہزارون رنج و غم دل کو اُٹھانے پڑے
سنان الم و جدائی سینہ بے کینہ پر کھانے پڑے تمھاری جدائی مین ششدر و حیران سراسیمہ
و پریشان ہون مرغ بسمل و طائر نیم جان کہیئے تو بجا ہی اور بیان سوائے اس کے کیا ہی
شعر قرار پاتی نہین جان زار بن تیرے * تڑپ رہا ہی دل بیقرار بن تیرے * گھمنڈ
تھا مجھے جن جن کا سب وہ بھاگ گئے * حواس و ہوش و شکیب و قرار بن تیرے *
دیکھیے بچھڑے ہوئیکا ملانے والا اس تمنا آرزو کو تمھارا وصال کب بسر اور چشم انتظار کو تمھارے
رخسار تابان سے کب منور کرتا ہی۔ **غزل مستزاد** ۔ حال دل کس سے
کہون کوئی بھی غمخوار نہین * غم فرقت کے سوا * اور اگر پوچھے کوئی قابل اظہار نہین *
چپکا رہتا ہی بھلا یہ زلف کے پیچ سے چھٹ سکتا نہین کوئی دل * ہی بڑا پیچ یہ پیچ
کون سا دل ہی کہ جو اس مین گرفتار نہین * ہی عجب دام بلا * سیکڑون ہین جگر افگار
ہزارون دلریش ۔ ترے ہاتھون لیکن * پاس تیرے کوئی خنجر کوئی تلوار نہین *

ہان مگر ناز و ادا ٭ کیا تری چشم سیہ مست کی کیفیت ہی۔ کہ جہان ہی بدست ٭ جسکو اب دیکھو وہ سرشار ہی ہشیار نہین ــــ اے بت ہوش ربا ٭ مرمٹے خاک در یار پہ عشاق ظفر ٭ اور نہین اُسکو خبر ٭ اُٹھ کے اب جائین کہان طاقت رفتار نہین ٭ مثل نقش کف پا ٭ اے ملکۂ اقلیم بیوفائی واے شحنۂ دیار کج ادائی تمہارا سر دوری شہرۂ آفاق ہی تم سے دل لگا کر راحت و آرام بالاے طاق ہی ــــ دل کا کچھ کام نہ تجھ سے بت پرفن نکلا ٭ دوست جانا تھا تجھے جان کا دشمن نکلا ٭ جامع المتفرقین نے ہمین غم کھانے کو اور تمھین دل دُکھانے کو بنایا تمھارے جور و ستم اور ہمارے قصۂ غم کے لکھنے کو ایک دفتر چاہیئے انسان کی مجال نہین کہ شمہ اُس سے تحریر کرے اور ذرہ اُس کا تسطیر تمھاری جدائی مین ہمارا حال پر ملال بد سے زبون ہی بلکہ روز بروز افزون ــــ لگے یون تو ہزار دن ہی تیر ستم کہ تڑپتے رہے پڑے خاک پہ ہم ٭ ترے ناز و کرشمہ کی تیغ دو دم لگی ایسی کہ تسمہ لگا نہ رہا ٭ ــــ چاہے دلداری کرے چاہے دل آزاری کرے ٭ اے ظفر اُس دلربا کو ہم نے دل اب تو دیا ٭ ــــ صنم جس دم غم دوری سے دل مغموم ہوتا ہی ٭ مزا دل کے لگانے کا ہمین معلوم ہوتا ہی ٭ ــــ بندھا جس روز سے ہم کو خیال زلف تیرا ہی ٭ پریشان حال ہون ایسا کہ سب کہتے ہین سودا ہی ــــ

مسدس

کیون ترے دل جا ہی پھنسا مین نہ تجھے کہتا تھا
پاس خوبان کے نجا مین نہ تجھے کہتا تھا
دیدی آخر نہ تو آن شوخ ستمگار چہ کرد
بحر الفت مین قدم کا نہین دھرنا بہتر
یارب اندوہ وجدائی سے تو مرنا بہتر
رفتہ رفتہ وہ ہوئے لجۂ آفت مین غریق

زلف ہی دام بلا مین نہ تجھے کہتا تھا
ان کی باتون پہ آ مین نہ تجھے کہتا تھا
یا تو در دوستی آن نرگس بیمار چہ کرد
ہی کنارا ہی بس اس حال سے کرنا بہتر
گذرے غم جی پہ تو بس جی سے گذرنا بہتر
موج زن جبکہ ہوا دل مین یہ دریاے عمیق

سچ ہی کہ جس قدر ماہ رخان زہرہ جبین و نازنینان پری آئین ہوتے ہین اپنے عاشق زار کو

شاد کام کرنے سے انکو کیا کام ہے انکی جانب سے تو ظلم و ستم و ایذا رسانی ہی مدام ہے۔ ہ

خدایا نرم گردان از کرم دلہاے خوبان را		وگرنہ عشق را نا بیدکن یا عشق بازان را

ای تسکین بخش دل بیقرار ہمارے رنج والم کا تمکو مطلق خیال نہین بیتابی و فراق مین جان جانے کا ذرا تم کو ملال نہین تمکو مطلق یقین نہو گا کہ ہم تمہارے ہجر و فراق مین بیجان مرتے ہین زندگی کے دن بھرتے ہین۔ دوہا۔ پیارے تمھرے درس کو ادھر رہو جی لے

اب کیا آگیا ہوت ہے گھٹ مون سے کہ جاے		پریت تو واسون کیجئے جاسون سن تپیاے
جنے جنے کی پریت مین جنم اکارت جاے		جا تاک چاہت سوانت جل چکئی چاہت بھور
ہم چاہت تم ملن کو جیسے چندر چکور		تم بچھڑت چھن مون مرون کہا جیون بن تورن
تو صورت من مون بسے وہی چاوت موہن		آپ یاران ہمدم سے ہم آغوش ہم بیجان

عالم تنہائی و بیقراری مین بیہوش تم باواز دلکش غزلخوان ہم بیجان گریہ و زاری سے ہیجان تم ہنسی خوشی مین مشغول ہم ناامیدی وصال سے ملول تم ہر وقت نازو ادا مین آراستہ و پیراستہ ہم تمھاری جدائی سے یہان پریشان ہوش و حواس باختہ وہان از صبح تا شام جلسہ عیش و طرب یہان رنج و تعب۔ اشعار۔ خدا لے تیرے آشنا نہین ملتا + کوئی کسی کا نہین دوست سب کہانی ہے + ایک عقدہ نہ کھلا رشتہ تقدیر سے حیف + ہم نے فرسودہ بہت ناحق تدبیر کیا + ملا میرے دلبر کو مجھ سے خدا + نہین تو اجی ٹھکانے لگا + ہاے کیا دن تھے کیا وہ راتین تھین + کیا وہ چہلین تھین کیا وہ باتین تھین + وہ بھی دن پھر کبھی صنم ہونگے + ہم و تم ایک جا بہم ہون گے + سینہ لبریز تمنا و لب محو سکوت + نہ کوئی دوست نہ مونس نہ کوئی ہے غمخوار + نہ وہ چہلین نہ ترنگین نہ خود آرائی ہے + کنج تاریک ہے اور عالم تنہائی ہے + جدائی آتش تیز است می سوزد دل و جان را + خدا ہرگز نصیب کس نسازد داغ ہجران را + اے گندم نماے جو فروش تمھارے نامہ راحت شامہ کو سر و چشم آنکھون سے لگاتا ہون تعویذ حرز جان

جاکر اسی کو مونس تنہائی بناتا ہون ـــہ نامہ آمد و دل راطرب بیدا شد ٭ یعنے از بہر حیاتم سببے پیدا شد ٭ لیکن) ـــہ خط تو آیا ولے سمجھا نہ مین تحریر کا پیچ ٭

اس کے لکھے کا کہون یا کہون تقدیر کا پیچ
مضمون دل کا بھولا ہوا یاد ہوگیا
بوسہ لیا جو خط کا تو دل شاد ہوگیا
جان جاتی ہے اجی آؤ خدا کے واسطے
شکل اپنی ہم کو دکھلاؤ خدا کے واسطے
رات کو خواب مین بھی تو ہی نظر آتا ہے
دن تو تیرے ہی تصور مین گزر جاتا ہے
وصال یار سے دونا ہوا عشق

مرض بڑھتا گیا جیون جیون دوا کی ٭ حدیث شوق بروے قلم نمی آید ٭ چنانکہ ہست ہبل در رقم نمے آید ٭ زیادت نیستم غافل دمے اے مہربان من ٭ توئی در دل توئی در جان توئی در زبان من ٭ اے محبوبہ جانستان تمہارے وہان جام شراب ارغوانی در دست اور اغیار ہمدم یہان سب ارمان وحوصلہ پست اور تنہائی وبیکسی کا عالم ـ وہان رفیقان تازہ سے ہردم بوس وکنار و یاران محفل کے نظارے یہان ہر لحظہ تمہارے دیدار کا انتظار اور تمہارے ظلم وستم کے دل پر آرے ـــہ

دن کٹا فریاد سے اور رات زاری سے کٹی
غم کٹے کو کٹی پر کیا ہی خواری سے کٹی
کوہ کن کوہ مین اور قیس مرا صحرا مین
سر پٹکنے کو رہا کوئی نہ ہمسر اپنا
یا درو دل کا دور ہو یا دل کو تاب ہو
قسمت مین جو لکھا ہے الٰہی شتاب ہو
بدریاے محبت زورق آسا غم کے مارے ہم
کبھی ہین اس کنارے اور کبھی ہین اُس کنارے ہم
بگو بیم بوصلت مرا شاد کن
ز محرومی من دمے یاد کن

افسوس ہے کوئی دوست و آشنا اپنا نہوا حال اپنا تباہ کیسا نہوا نصیحت ناصح سے غم دونا ہوا بدقسمتی سے رونا ہوا ـــہ دل والے سے ہی کرتا بیقراری بیشتر ٭ خانہ ماتم مین ہو پرسے سے زاری بیشتر ٭ کسی نے سچ کہا ہے ـ قطعہ درد دوری کا مبتلا جانے ٭ دل بیدردی کی بلا جانے ٭ جو گزرتی ہے جان پر میرے ٭ مین ہی جانون ہون یا خدا جانے

اب تمھاری یاد مین اس وقت دریاے اشک چشمۂ چشم سے جاری ہی حالت بیہوشی طاری ہی تحریر کی طاقت نہین اظہار حال کی قدرت نہین۔ اب آگے کیا لکھون احوال جی تو سنتا ہی زبان کرتی ہی لکنت اور کلیجہ منھ کو آتا ہی + دوھرا

کرکا پیت پتیان لکھت جل بھر آوت نین	کورو کاغذ ہاتھ دے لکھ ہی کہیو بین
کاغذ بھیجت نین جل کرکا پیت مس لیت	پاپی برہا من بسو تجھا لکھن نہین دیت
پاتی واکو بھیجیے جو ہو وسے پر دیس	جو تُس دن من ہی بسے تاکو کون سندیس

اے جان جان شرح شوق کو ایک دفتر چاہیتے لہذا اب خط تمام کرتا ہون سواے تمناے دیدار تمھارے شیدا کو اب کوئی آرزو نہین زمانہ سازی یا بہت باتین بنانے کی اپنی خو نہین۔ اے قتال عالم اور مسیحا دم اب جامع المتفرقین کی درگاہ مین یہی التجا ہی کہ تم سے جلد ملائے وہ صورت دلربا ہمکو دکھلائے پردۂ جدائی درمیان سے اٹھائے تاکہ دل مضطر کو چین آئے۔ آمین آمین آمین۔

رباعی

چہار دن زندگی کے تھے افسوس	سو اسی کاروبار مین گزرے
آرزو مین گزر گئے دو دن	دو رہے انتظار مین گزرے

زیادہ بس باقی ہوس

راقم الحروف کشتۂ ناز و ادا فریفتہ و شیدا
فدوی حفیظ اللہ خان عفا اللہ عنہ
از تھانہ بھولی ضلع بردوئی اودھ۔

تقریظ رنجیتہ قلم فصاحت رقم سرچشمۂ محبت و مروت مخزن خلق و عنایت واقف رموز خفی و جلی اخی مظہر علی صاحب متخلص بہ مظہر بلگرامی حفظہ اللہ تعالیٰ

سبحان اللہ کیا تیری قدرت کے کارخانے ہین انسان ضعیف البنیان کی تو کیا حقیقت ہے فرشتگان مقرب تک کنہ ماہیت مین دیوانے ہین جب چاہا شاخ قلم خشک پر گل تر کھلا دیا شمع کو رولایا پروانے کو جلا دیا۔ تیری معرفت مین چون و چرا بیجا ہے تو ہی جانے کہ تو کیا ہے تو ہی تو خالق دو جہان صانع انس و جان ہے تو ہی نے یہ خیمۂ زنگاری بے چوب و ریسمان ایستادہ کیا تو ہی نے ستارون کی گلکاری بے مدد دست و قلم دکھا کر فرش خاک بر روے آب روان ایجاد کیا تو ہی نے کیا کیا سرو شمشاد نسرین و نسترن اس گلشن بے بنیاد مین اُگائے کیسے کیسے گل بوٹے اس خاکدان پر محن مین کھلائے۔ فی الحقیقت تیری معرفت مین بڑے بڑے دور بینون کو سرگردانی رہی آئینہ دار حیرانی رہی۔ جتنا چاہا کر کرایا پایا جب آنکھین بہم ہو گئین کچھ نظر نہ آیا۔ پس خموشی کے سوا چارا نہین۔ دم مارنے کا یارا نہین دعوے وہم بیکار ہے محض خیالی آزار ہے۔ لہذا خاموشی بیان فرزانگی ہے۔ گویائی محض دیوانگی ہے ہمکو تو نے سب کچھ عطا فرمایا ہے۔ ترا خاک کا پتلا ہی نہین بنایا ہے ہم اگر اپنے آپ کو بچشم ہوش دیکھین تو گمان کیا یقین غالب ہے کہ فی عمرہ اپنی تعریف مین تر زبان رہین مگر بقول حکیم سید بندہ رضا صاحب آرزو رئیس بلگرام رباعی دنیا کا عجیب ہمنے لیکھا دیکھا ٭ آج اور توکل اور تماشا دیکھا ٭ جس علم کو محنتون سے حاصل تھا کیا ٭ دیکھا بھی تو حال چاہ اسکا دیکھا ٭ دل سرد ہو گیا حسرتین خاک مین مل گئین۔ حوصلہ گرد برد ہو گیا۔ جہالت کا طوطی بولتا ہے باکمالون کو کون پوچھتا ہے ؎ امروز بہاے ہیزم و عود یکے است ٭ ہم مرتبہ خلیل و نمرود یکے است ٭ ترقی کمال معدوم۔ قدردانی رخصت قدردان معلوم ؎ نیک اید بھیرے ترے اچھے ہوے ٭ مضمون کی قدردانی دیکھ لی ٭ مگر اس زمانہ

ستخیز مین ہمارے شفیق لتحقیق شاعری مین یگانہ نثر مین طاق سیاق مین مخلوود زمانہ سباق مین
مشاق رنگین طبیعت عاشق مزاجون کے بادشاہ منشی حفیظ اللہ خان صاحب کی جرأت
بھی قابل تحسین و آفرین ہی بقول صفیر بلگرامی سہ

کام رستم کا نہ تھا جو کیا فردوسی نے	تہین ہرایک سے کھنچتی ہی کمان شاعر

کہ گلدستہ حفیظ اللہ خان معروف بہ اشعار دلپسند تالیف کرکے
شوق طبیعت دکھایا رنگین مزاجون کو اپنا بندۂ بے درم بنایا۔ کیا خوب ہی۔ ہردل عزیز ہے
مجموعۂ مرغوب ہی۔ شائق ہر باتمیز ہے۔ ہر غزل اپنے رنگ کی۔ ہر ٹھمری نئے ڈھنگ کی
شائقون کے دل بےچین ہوے جاتے ہین۔ بے دیکھے اس کتاب کے تسکین نہین پاتے ہین
اگرچہ یہ کتاب بےمثال ہی مگر مؤلف بھی تو بڑا استاد ذوی ہنر صاحب کمال ہی عقل کا پتلا ہی
اپنی یادگاری کا صفحۂ روزگار پر کیا وسیلہ نکالا ہی۔ تالیف و مؤلف کی ثنا سے اس لیئے
خاموشی اختیار کرتا ہون مشک آن است کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید مین کہتا ہون اشتیاق نے
مجھے بے اختیار کیا تقریظ سے اسکا خریدار ہوا مجیب الدعوات میری اس وقت کی دعا قبول
کرے مؤلف کا دامن اللآلی مرادسے بھرے۔ آمین ثم آمین

تقریظ و قطعات تاریخ گلدستہ اردو مؤلفہ منشی حفیظ اللہ خانصاحب حفیظ ساکن دہلوی از نتیجہ فکر کمترین خلائق ننگ انام قمرالدین احمد عرف بڑے نام متخلص قمر متوطن سندیلہ

گئی فصل خزان بہار آئی	رنگ پھولوں پہ خوب ہی لائی
اندنون جوش پر ہی رنگ چمن	رہے یون ہی ہرا بھرا گلشن
شاخ گل پہ ہی بلبلون کا ہجوم	سرشمشاد قمریون کی ہو دھوم

پی کے مے رند اسقدر ہین مست — محو دل سے ہوا ہی قول الست
الغرض دیکھ اس طرح کا سمان — آئی جولانیون پہ طبع روان
کہ یکایک سنا یہ مین نے حال — ہوگیا دور جس سے دل کا ملال
خان والا شان حفیظ اللہ — خلق سے جنکے ہی جہان آگاہ
آفتاب سپہر علم ہین وہ — دُر یکتاے بحر حلم ہین وہ
حق نے بخشی ہی ایسی طبع رسا — نظر آتی ہی جس سے شان خدا
کین کتابین اُنھون نے وہ تالیف — جنکے مضمون ہین دلکش اور لطیف
دیکھے جو کوئی ہو بہت مسرور — دل مضطر کا انتشار ہو دور
لکھا گلدستہ اندنون ایسا — منتخب عاشقانہ سرتا پا
ایک سے ایک بڑھکے جسمین غزل — دیکھکر ہو شگفتہ دل کا کنول
ہین مخمس مسدس ایسے خوب — جنکے مضمون ہین دلکش و مرغوب
متفرق بھی اس مین ہین اشعار — جس کا ہی مشتری صغار و کبار
الغرض ہر طرح کا شعر و سخن — جمع اس مین کیا بوجہ حسن
عاشقانہ کلام ہے سارا — عاشقون کا پیام ہی سارا
سنکے کیونکر نہ لوٹ جائے دل — خط تازہ جو اُس کو ہو حاصل
ہی ہر اک کے سخن کا ڈھنگ جدا — کیون نہ حاصل ہو ہر طرح کا مزا
گل مضمون کی ایسی ہی خوشبو — سامعین کا دماغ تازہ ہو
مطرب اُس کی غزل اگر گائے — دل عشاق وجد مین آئے
نہین شک اس مین کچھ بھی ہی صلا — عاشقون کے ہی درد دل کی دوا
یا خدا یہ جہان مین ہو مقبول — تو مؤلف کا مدعا ہو حصول
فکر تاریخ کی ہوئی جس دم — سوچنے مین لگا اُٹھا کے قلم

کیا ہاتف نے تب تو یہ اظہار	فوق لکھدو عجیب باغ و بہار ۱۳۲۹ھ

قطعہ دیگر طبعزاد فوق بسال عیسوی

ہیں گلدستۂ حفیظ میں جمع سب	کلام سخندان نو و کہن
جو مطلوب سال مسیحی ہے فوق	لکھو تم بنائے ریاض سخن ۱۸۹۴ء

ایضاً

منتخب گلدستے میں ہے سب کلام	دیکھ بلبل یہ گل نجار ہے
از سر از ہار کے سال عیسوی	فوق لکھدو غیرت گلزار ہے ۱۸۹۴

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ اس زمان میمنت اقتران میں مجموعۂ مقبول جہان موسوم بہ گلدستۂ حفیظ اللہ خان معروف بہ اشعار دلپسند جسمین ہر ایک رنگین طبیعت عاشق مزاج اصحاب کے دل بہلانے کیواسطے نہایت عمدہ عمدہ اور طرح طرح کی مزے دار عشق آمیز گانے والی چٹ پٹی غزلین بھجن ہولی ٹھمری چوماسا۔ بارہ ماسا۔ دادرا۔ دوہا۔ کبت۔ سویا وغیرہ بڑی خوبی اور خوش اسلوبی کیساتھ سرخیل شاعران دوران مولوی حفیظ اللہ خان صاحب ساتڈوی متخلص بہ حفیظ افسر مدرس مدرسۂ موضع بنا پور پرگنہ بنگر تھانہ بگولی ضلع ہردوئی صوبہ اودھ شاگرد رشید جناب منشی شنکر پرشاد صاحب صبح بلگرامی نے بکوشش تمام تالیف و تصنیف فرماکر درج کی ہین بہزاران حسن و خوبی مطبع فیض منبع مشہور نزدیک و دور مسمّی بہ منشی نولکشور واقع لکھنو مین بہ سرپرستی جناب عالی القاب راے بہادر منشی پراگ نرائن صاحب مالک مطبع موصوف بماہ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء مطابق ماہ جمادی الآخر سنہ ۱۳۲۹ھ بار چہارم طبع ہوکر نقل محفل اور عزیز ہر دل ہوا *

اعلان — واضح ہو کہ اس کتاب کا حق تالیف مصنف صاحب نے بنام مطبع منشی نولکشور عطا کیا ہے لہذا حسب منشاء ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۸۶۷ء کوئی صاحب بدون اجازت مطبع ہذا قصد طبع نفرماوین

نام کتاب	قیمت
دیوان جرار - از مرزا حسین -	۳ر۹ پائی
دیوان عاشق - از پنڈت کنہیا لال -	۲ر
دیوان ضامن - از سید ضامن علی شاہ	۲ر۳ ۹
منظر عشق - معروف بہ دیوان قلق مصنفۂ خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی -	۶ر۳ ۹
دیوان شائستہ یا سخن یعنی ہم قافیہ وہم بحر تا بلا غزلیات ناسخ لکھنوی از منشی ہر چند رائے	۸ر
حمد ایزدی کلام مفتی غلام سرور لاہوری	۳ر
چمنستان جوش - کلام نواب احمد حسین خان جوش تخلص -	۷ر
دیوان بختاور - از منشی بختاور سنگھ -	۴ر۶ ۹
مجمع الاشعار - چیدہ چیدہ اُستادوں کا کلام یکجائی اردو فارسی -	۴ر۶ ۹
چمن بے نظیر - شعرائے نامی فارسی و اردو کا کلام چیدہ -	۱۱ر۶ ۹
دیوان گویا - کلام فقیر محمد خان بہادر رسالہ دار تخلص بہ گویا کاغذ سفید وحنائی -	۲ر۶ ۹
ایضاً حسب مراتب بالا -	۲ر۶ ۹
گلدستۂ امانت - از مصنف اندر سبھا -	
دیوان حیرت - مصنفۂ حکیم حافظ عبد الرحمن خان	۷ر

نام کتاب	قیمت
توشۂ آخرت - چیدہ قصائد و غزلیات حمد و نعت مصنفۂ مولوی سید مظفر علی صاحب	۸ر
دیوان سخن دہلوی - جلی قلم نہایت بلیغ و بدیع از فخر الدین حسین متخلص بہ سخن دو قسم کاغذ -	
(۱) کاغذ سفید گندہ -	۱۲ر پ
(۲) کاغذ سفید رسمی -	۹ر پ
دیوان میکش - جلد اول موسوم بہ میخانۂ عشق مولفہ سورج بہان صاحب کاغذ سفید	۲ر
دیوان شہیدی - مولفہ مولوی کرامت علی خان تخلص شہیدی -	۳ر۳ پائی
دیوان نعتیہ - از مولوی احمد علی -	۳ر
ترجمہ اردو - شرح قصائد بہ چاچ از مولوی عبد المجید صاحب -	۱۴ر
دیوان عیش - معروف بہ تسکین معرفت مصنفۂ منشی چھوٹن لال صاحب عیش -	۸ر پ
دیوان مناقب خیر البشر از منشی منور حسین مظفر پوری -	۱ر۹ پائی
بہار سخن - جس زبان فرحت افزا میں ایک جلسہ مشاعرہ کا مطبع ہذا میں ہوا تھا	

نام کتاب	قیمت
...مین جو جو شاعر تشریف لائے تھے اور انھی اپنی غزلین ہم طرح ارشاد فرمائی تھین یہ انکا مجموعہ بطور گلدستہ طبع ہوا تھا۔ مرغوب و مقبول طبائع ہو گیا۔	۳ر پ
ترجمہ شرح قصائد عرفی۔ مترجمہ مولانا ابو الحسن صاحب مرحوم فریدآبادی۔	۶ر
ترجمہ شرح قصائد عرفی۔ موسوم عجیب و غریب از مولوی عبد المجید خان۔	۱۱ر۳ پا
دیوان سحر سامری۔ حصہ اول و دوم یکجائی مصنفہ منشی دیبی پرشاد متخلص بہ سحر بدایونی۔	۵

قصہ جات نظم

نام کتاب	قیمت
الف لیلہ منظوم۔ کی متفرق جلدین حسب ذیل فروخت مین آتین۔ کامل مجلد	عگ ر پ
جلد اول از منشی طوطارام شایان۔	۱۲ر پ
ایضاً۔ جلد دوم از منشی طوطارام شایان کاغذ سفید۔	۱۰ر پ
ایضاً۔ جلد سوم مترجمہ منشی کاغذ حنائی و سفید۔	۱۲ر پ

نام کتاب	قیمت
مجموعۂ قصص۔ با تصویر شامل پانچ قصص (۱) قصہ سوداگر بچہ (۲) قصہ ماہی گیر (۳) قصہ عجوبہ (۴) قصہ منصور (۵) قصہ شاہ روم۔	۱ر۲ پا
قصہ سوداگر بچہ۔	۶ پائی
بحر دانش۔ مطبوعہ غیر۔	۹ پائی
آہ وحشی۔ ترجمۂ مخمس جو امیر ارشد محمد احسن بگرامی۔	
قصہ ماہی گیر۔	
نانک شاہ تت عالی۔ معروف بہ گل بکاولی حصہ اول از مولفہ مولوی الٰہی بخش صاحب	۲ر
قصہ ماہ رمضان۔ از عبد اللہ خان	۳ پائی
قصہ قاضی جونپور رحمق و عقل کا امتحان	۹ پائی
قصہ عجوبہ۔	۶ پائی
قصہ شاہ روم۔ با تصویر۔	۹ پائی
قصہ شیخ منصور۔ از شیخ احمد متخلص بہ ساہ	۶ پائی
سنگھاسن بتیسی۔ از منشی لچھمن لال	۴ر
گلزار ابراہیم۔ قصہ ابراہیم ادہم	۱ر۳ پا
چشمۂ شیرین۔ قصہ شیرین و فرہاد۔	۱ر۲ پا